جامع المعقول والمنقول
حضرت مولانا عبدالحی لکھنویؒ کے رسالہ

ردع الاخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان

کا اردو ترجمہ

# مروجہ قضاء عمری بدعت ہے


مترجم

مولانا حافظ عبدالقدوس خان قارن

مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم



ناشر

عمر اکادمی

نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ


www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا عبد الحی لکھنوی کے رسالہ

## ردع الاخوان عن محدثات آخر جمعۃ رمضان

کا اردو ترجمہ

# مروّجہ قضاءِ عمری بدعت ہے

بعض لوگ رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں ایک نماز یا پانچ نمازیں اس نیت سے پڑھتے ہیں کہ اس سے تمام فوت شدہ نمازوں کی قضاء ہو جاتی ہے اور اس کو قضاء عمری کہتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ جمعۃ الوداع کے دن الوداع الوداع اے رمضان الوداع جیسے کلمات کہتے ہیں۔ اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ قضاء عمری کا یہ طریق بدعت ہے اور ان جیسے کلمات کا شریعت سے کوئی ثبوت نہیں ہے۔ نیز اس رسالہ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ کس طبقہ کے فقہاء اور کن کتابوں سے فتویٰ دینا جائز اور کن سے فتویٰ دینا ناجائز ہے۔ اور موضوع احادیث کی بعض علامات بتائی گئی ہیں۔ اور غیر مفتیٰ بہ قول سے گریز اور سنت پر عمل کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

حافظ عبد القدوس خان قارن

عمر اکادمی
نزد گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

﴾جملہ حقوق بحق عمر اکادمی نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ محفوظ ہیں﴿

طبع......سوم جنوری ۲۰۰۶ء

اصل رسالہ کا نام.................. ردع الاخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان

تالیف.................. جامع المعقول والمنقول حضرت مولانا عبدالحی لکھنویؒ

اردو ترجمہ کا نام.................. مروجہ قضاءِ عمری بدعت ہے

مترجم.................. حافظ عبدالقدوس خان قارن

طبع سوم.................. جنوری ۲۰۰۶ء

تعداد.................. ایک ہزار (۱۰۰۰)

مطبع.................. مکی مدنی پرنٹرز لاہور

قیمت.................. ۳۰/- (تیس) روپے

## ملنے کے پتے

☆ مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

☆ مکتبہ قاسمیہ جمشید روڈ بنوری ٹاؤن کراچی
☆ کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی
☆ مکتبہ امدادیہ ملتان
☆ مکتبہ مجیدیہ ملتان
☆ مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
☆ دارالکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ الحسن حق سٹریٹ اردو بازار لاہور
☆ کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
☆ مکتبہ فریدیہ ای سیون اسلام آباد
☆ مکتبہ رشیدیہ حسن مارکیٹ نیو روڈ مینگورہ
☆ مکتبہ رحمانیہ قصہ خوانی پشاور
☆ مکتبہ حنفیہ فاروقیہ اردو بازار گوجرانوالہ
☆ مکتبہ سید احمد شہید اکوڑہ خٹک

☆ مکتبہ حلیمیہ جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
☆ ادارہ النور بنوری ٹاؤن کراچی
☆ مکتبہ حقانیہ ملتان
☆ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور
☆ بک لینڈ اردو بازار لاہور
☆ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ
☆ اسلامی کتب خانہ اڈا کامی ایبٹ آباد
☆ مکتبہ العارفی فیصل آباد
☆ مکتبہ امدادیہ حسینیہ پنڈی روڈ چکوال
☆ والی کتاب گھر اردو بازار گوجرانوالہ
☆ کتاب گھر شاہ جی مارکیٹ گکھڑ
☆ مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| ابتدائیہ | ۴ |
| تارکِ صلوٰۃ کے لیئے وعید | ۵ |
| تارکِ صلوٰۃ کے بارہ میں حضراتِ ائمہ کرامؒ کا نظریہ | ۶ |
| فوت شدہ نمازوں کے بارہ میں اہلِ بدعت کا نظریہ | ۷ |
| بعض غیر مقلدین کا طرزِ عمل | ۸ |
| امام ابنِ تیمیہؒ اور بعض غیر مقلدین | ۸ |
| غلط فہمی اور اس کا ازالہ | ۱۰ |
| ایک اور غلط فہمی اور اس کا ازالہ | ۱۰ |
| فوت شدہ نمازوں کے بارہ میں صحیح نظریہ | ۱۲ |
| فوت شدہ نمازوں سے متعلق بعض ضروری مسائل | ۱۲ |
| حضرت مولانا عبدالحی لکھنویؒ کے بارہ میں | ۱۵ |
| خطبہ | ۱۶ |
| قضاءِ عمری بدعت ہے | ۱۷ |
| قضاءِ عمری کے دلائل | ۱۹ |
| دلائل کے جوابات | ۲۵ |
| قضاءِ عمری کی خاطر جان بوجھ کر نماز قضاء کرنا | ۲۵ |
| رمضان المبارک کی نماز کو باقی بہت سی نمازوں کے برابر قرار دینے کا نظریہ | ۲۸ |
| اعتراض اور اس کا جواب | ۳۰ |
| ایک نماز یا پانچ نمازوں کو عمر بھر کی نمازوں کی قضاء سمجھنے کا نظریہ اور اسکی قباحت کی کئی وجوہ | ۳۲ |
| اعتراض اور اس کا جواب | ۳۷ |
| قضاءِ عمری کا آباؤ اجداد کی فوت شدہ نمازوں کا کفارہ بننے کا نظریہ | ۳۹ |
| قضاءِ عمری کو مسجد میں ادا کرنے کا مسئلہ | ۴۲ |
| نوافل کی جماعت کیلئے لوگوں کو بلانا | ۴۴ |
| اعتراض اور اس کا جواب | ۴۵ |
| فقہ کی معتبر کتابوں میں قضاءِ عمری کا کوئی ذکر نہیں | ۴۶ |
| قضاءِ عمری کے قائلین کی عبارات کے جوابات | ۴۸ |
| جن کتابوں میں قضاءِ عمری کا ذکر ہے وہ معتبر مشہور نہیں ہیں۔ | ۵۰ |
| بعض ان کتابوں کا ذکر جن سے فتویٰ دینا جائز نہیں | ۵۱ |
| فقہاء کے طبقات | ۵۳ |
| پہلا طبقہ مجتہدین فی الشرع | ۵۳ |
| دوسرا طبقہ مجتہدین فی المذہب | ۵۴ |
| تیسرا طبقہ مجتہدین فی المسائل | ۵۴ |
| چوتھا طبقہ اصحاب تخریج | ۵۵ |
| پانچواں طبقہ اصحاب ترجیح | ۵۵ |
| چھٹا طبقہ اقوال ضعیفہ وقویہ کے درمیان فرق کرنے پر قدرت رکھنے والے | ۵۵ |
| ساتواں طبقہ ہر قوی و کمزور بات نقل کر دینے والے اور فرق نہ کر سکنے والے | ۵۶ |
| اعتراض کہ قضاءِ عمری والی حدیث احادیثِ مشہورہ میں سے ہے | ۵۸ |
| اس کا جواب | ۵۸ |
| اعتراض کہ یہ روایات فقہاء کے ہاں مشہور ہیں | ۶۰ |
| اس کا جواب | // |
| ان روایات کے موضوع ہونے کی علامات ظاہر ہیں | ۶۱ |
| اعتراض کہ یہ روایات ثقہ راویوں سے منقول ہیں | ۶۶ |
| اس کا جواب | // |
| قضاءِ عمری کے بدعت ہونے پر اقوال | ۶۸ |
| قضاءِ عمری کو باجماعت ادا کرنے کے مفاسد | ۷۱ |
| کتابت حفیظ | ۷۴ |
| رمضان کے آخری جمعہ کو جمعۃ الوداع کہنا | ۷۸ |
| جمعۃ الوداع میں اشعار پڑھنا | ۷۹ |
| جمعۃ الوداع کے خطبہ کو خطبۃ الوداع کہنا اور رمضان کا مہینہ گزر جانے کا افسوس کرنا | ۸۰ |
| خطبۃ الوداع کو جائز کہنے والوں کا رد | ۹۲ |
| سنت پر کاربند رہنے کی تلقین | ۹۳ |


www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ابتدائیہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم --------- اما بعد!

اسلام قبول کرنے کے بعد مسلمان پر سب سے اہم ذمہ داری نماز کی ہے۔ اسی لیے قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔ طبرانی میں روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا اول ما یحاسب بہ العبد یوم القیامۃ الصلوۃ "قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا" فان صلحت صلح سائر عملہ وان فسدت فسد سائر عملہ "پس اگر نماز درست نکلی تو اس کے باقی اعمال بھی درست نکلیں گے اور اگر نماز خراب نکلی تو اس کے باقی اعمال بھی خراب نکلیں گے۔" دن رات میں پانچ وقتی نمازیں ہر مسلمان عاقل بالغ مرد وعورت پر فرض ہیں' صرف حیض ونفاس میں مبتلا عورتوں کو ان ایام کی نمازیں معاف کی گئی ہیں اور کسی عاقل بالغ کو معاف نہیں کی گئیں۔ شریعت نے نمازوں کی ادائیگی میں بہت نرمی فرمائی ہے۔ اگر کسی کو قیام ورکوع وسجود کی قدرت حاصل ہو تو اس کو کھڑے ہو کر رکوع وسجود کے ساتھ نماز پڑھنا لازم ہے اور جس کو قیام کی قدرت نہیں تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھے اور اگر بیٹھنے کی بھی ہمت نہ ہو تو لیٹ کر اشارہ سے پڑھے۔ ایسی حالت میں بھی نماز معاف نہیں ہوتی۔ جو آدمی بے ہوش ہو اور اس کی بے ہوشی اتنی لمبی ہو جائے کہ دن رات سے زائد ہو جائے اور درمیان میں ذرا بھی اس کو ہوش نہ آئے تو بے ہوشی کے دن کی نماز اس سے ساقط ہے اور اگر درمیان میں ہوش آ جاتا ہے' مسلسل دن رات سے زائد بے ہوشی نہیں تو اس دوران کی نمازوں کی قضاء ضروری ہے۔

نماز کی اہمیت قرآن کریم کی بے شمار آیات اور نبی کریم ﷺ کی احادیث میں بیان کی گئی ہے۔ کہیں اقیموا الصلوۃ فرمایا گیا ہے اور کہیں فلاح پانے والے مومنوں کی صفات میں ھم علی صلوتھم یحافظون بیان کیا گیا ہے کہ فلاح پانے والے مومن وہ ہیں جن کی صفات میں سے ایک صفت یہ بھی ہے کہ وہ اپنی نمازوں کی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

پابندی کرتے ہیں۔

حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ اور امت کے دیگر افراد کو نہ صرف نماز کی بلکہ باجماعت نماز کی تلقین فرمائی ہے اور خود بھی زندگی بھر نمازیں ادا فرمائیں اور کسی بھی مرحلہ میں نماز کو ترک نہیں کیا۔ اسی لیے نماز کی فرضیت کے بارہ میں اسلامی فرقوں میں سے کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے۔ سب ہی اس کو فرض عین کہتے ہیں اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ نماز کی فرضیت کا منکر قطعی طور پر کافر ہے۔

## تارک صلوٰۃ کے لیے وعید

حضور نبی کریم ﷺ نے جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے کے متعلق سخت وعید فرمائی ہے۔ مسند احمد ج ۳ ص ۳۷۰ اور مسلم ج ۱ ص ۶۱ میں حضرت جابر بن عبد اللہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بین الرجل وبین الشرک والکفر ترک الصلوۃ یعنی نماز کا چھوڑنا آدمی کو کفر سے ملا دیتا ہے۔ اور معجم طبرانی میں حضرت عبادۃ بن الصامت ؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ میرے محبوب حضرت محمد ﷺ نے مجھے سات نصیحتیں فرمائیں، ان میں سے یہ بھی ہے ولا تترکوا الصلوۃ متعمدین فمن ترکھا متعمدا فقد خرج من الملة اور نماز کو جان بوجھ کر نہ چھوڑو کیونکہ جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑتا ہے تو بیشک وہ ملت سے نکل جاتا ہے۔ اور مسند احمد ج ۵ ص ۲۳۸ اور طبرانی میں حضرت معاذ بن جبل ؓ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے دس باتوں کی تلقین فرمائی۔ ان میں سے یہ بھی ہے ولا تترکن صلوۃ مکتوبة متعمدا فان من ترک صلوۃ مکتوبة متعمدا فقد برئت منه ذمة اللہ اور ہرگز جان بوجھ کر فرض نماز کو نہ چھوڑو کیونکہ جو شخص جان بوجھ کر فرض نماز کو چھوڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے بری ہے (الحدیث) اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ سے مراد وہ ہے جو مسند احمد ج ۵ ص ۳۱۵ اور ابو داؤد ج ۱ ص ۲۰۸ وغیرہ کتابوں میں حضرت عبادۃ بن الصامت ؓ کی روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں، جس شخص نے ان کی محافظت کی (ان کو مستحب وقت اور آداب وسنن کے ساتھ ادا کیا) اور ان کو ادا کیا کان له عند اللہ عھد ان یغفر له تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اس کو بخش دے گا۔ ومن ضیعھن فلیس له عھد ان شاء غفر

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

له وان شاء عذبه اور جس شخص نے ان نمازوں کو ضائع کیا تو اس کے لیے کوئی وعدہ نہیں ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہے گا تو اس کو بخش دے گا اور اگر چاہے گا تو اس کو عذاب میں ڈال دے گا۔

## تارک صلوٰۃ کے بارے میں حضرات ائمہ کرامؒ کا نظریہ

جمہور اہل اسلام کے نزدیک جو شخص نماز کا منکر نہ ہو مگر سستی کی وجہ سے نماز ادا نہیں کرتا تو وہ فاسق ہے اور امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک وہ کافر ہے۔ امام نوویؒ اس بارہ میں بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ائمہ ثلاثہؒ فرماتے ہیں کہ تارک صلوٰۃ کافر نہیں ہے اور امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ کافر ہے۔ اور اسی طرح کی روایت حضرت علیؓ حضرت عبد اللہ بن المبارکؒ اور امام اسحٰق بن راہویہؒ سے ہے (نووی شرح مسلم ج ا ص ۶۱) ان حضرات کی دلیل وہ احادیث ہیں جن میں یہ الفاظ ہیں من ترک الصلوۃ متعمدا فقد کفر جس شخص نے جان بوجھ کر نماز چھوڑی تو بیشک وہ کافر ہو گیا۔ اور اس مضمون کی دیگر احادیث بھی ان کی دلیلیں ہیں۔ ائمہ ثلاثہؒ فرماتے ہیں کہ ان جیسی احادیث میں وعید اس شخص کے لیے ہے جو جان بوجھ کر نماز چھوڑنے کو جائز سمجھتا ہے۔ یا وعید سے مراد یہ ہے کہ ایسا شخص قارب الکفر کفر کے قریب پہنچ گیا۔ یا مراد یہ ہے کہ جان بوجھ کر نماز چھوڑنا کفریہ اعمال میں سے ایک عمل ہے۔ حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ائمہ ثلاثہؒ کی واضح دلیل اس بارہ میں حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جو ابو البرکات نے منتقی الاخبار میں پیش کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خمس صلوات افترضهن الله تعالی اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور آگے فرمایا کہ جس شخص نے ان کی محافظت کی اور ان کو ادا کیا کان له عند الله عهد ان يغفر له تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اس کو بخش دے گا۔ ومن ضيعهن فليس له عهد ان شاء غفر له وان شاء عذبه اور جس نے ان کو ضائع کیا تو اس کے لیے کوئی وعدہ نہیں ہے، اللہ تعالیٰ اگر چاہے گا تو اس کو معاف کر دے گا اور اگر چاہے گا تو اس کو عذاب میں ڈال دے گا۔ (فتح الملہم ج ا ص ۱۹۵) یہ روایت مسند احمد ج ۵ ص ۳۱۵، ابو داؤد ج ا ص ۲۰۸ اور موارد الظمآن ص ۸۶ وغیرہ میں بھی ہے۔ اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ تارک صلوٰۃ کافر نہیں ہے اس لیے کہ کافر کے لیے تو عذاب لازم ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

حضرت امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والا مرتد ہو گیا اس لیے اس کو قتل کر دیا جائے۔ اور حضرت امام مالکؒ اور حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ایسا شخص کافر تو نہیں ہوتا مگر تعزیرا" اس کو قتل کیا جائے تا کہ اس کی نحوست دوسروں پر نہ پڑے۔ اور حضرت امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اس سے توبہ طلب کی جائے' اگر توبہ کر لے تو فبہا ورنہ اس کو قید میں ڈال دیا جائے یہاں تک کہ وہ توبہ کر لے یا وہاں ہی مر جائے۔

## فوت شدہ نمازوں کے بارہ میں

تمام امت مسلمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص نماز کے وقت میں سویا رہا یا اس کو نماز ادا کرنا بھول گیا اور نماز کا وقت گزر گیا تو ایسا آدمی اس نماز کی قضاء کرے۔ اسی طرح اگر کسی نے جان بوجھ کر سستی یا کسی کام میں مشغول ہونے کی وجہ سے نماز چھوڑی تب بھی اس کی قضاء ضروری ہے۔ البتہ امام ابن تیمیہؒ اور اہل ظواہر کا نظریہ جمہور کے خلاف ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے پر قضاء نہیں ہے۔ حافظ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ ائمہ اربعہؒ کے نزدیک چھوڑی ہوئی نمازوں کی قضاء ہے اور اہل ظاہر کے نزدیک قضاء نہیں ہے بلکہ اس کی توبہ کی صورت یہ ہے کہ توبہ کرے اور آئندہ نماز نہ چھوڑے بلکہ اس کی پابندی کرے۔ (مدارج السالکین ج ا ص ۳۷۵) اسی طرح امام ابن تیمیہؒ کا نظریہ بھی ان کی کتابوں سے یہی ملتا ہے مگر یہ نظریہ جمہور کے خلاف ہے اور درست نہیں ہے اس لیے کہ اگر نمازیں محض توبہ سے معاف ہو جاتیں تو حضرات محدثین کرامؒ اور فقہاء عظامؒ کو اپنی کتابوں میں قضاء الفوائت کے ابواب اہتمام سے قائم کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ صرف اتنا ہی فرما دیتے کہ گزشتہ کی معافی مانگو اور آئندہ کے لیے پابندی کرو۔ مگر سب ہی قضاء الفوائت پر زور دیتے ہیں اور تاکید کرتے ہیں۔

## اہل بدعت کا نظریہ

فوت شدہ نمازوں کی تلافی کے لیے اہل بدعت قضاء عمری کے مروجہ طریق کا پرچار کرتے ہیں۔ قضاء عمری کے بارہ میں تفصیلی بحث اصل رسالہ میں مذکور ہے۔ اس نظریہ کا نتیجہ یہ ہے کہ لوگ نمازوں کے بارہ میں انتہائی سست ہو گئے اور یہ خیال کر

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

کے کہ تلافی قضاء عمری کی دو یا چار رکعت کے ساتھ ہو ہی جائے گی' بالکل نمازوں سے غافل ہو گئے ہیں حالانکہ مروجہ قضاء عمری کا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں ہے اور مروجہ طریق بالکل بدعت ہے۔ نیز عام مسلمانوں کو سستی اور غفلت سے نکالنے کے لیے اس قضاء عمری کے مروجہ طریق کا رد بہت ہی زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔

## بعض غیر مقلدین کا طرز عمل

زمانہ حال کے بعض متشدد قسم کے غیر مقلدین امام احمد بن حنبلؒ کے نظریہ پر عمل پیرا ہو کر اس کا پرچار کرتے ہیں کہ تارک صلوٰۃ کافر ہے حالانکہ خود ان کے علماء نے اس کے خلاف لکھا ہے چنانچہ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسریؒ ایک سوال کہ بے نمازی مسلمان ہے یا کافر؟ کے جواب میں فرماتے ہیں: اس بارہ میں علماء کا اختلاف ہے اور پھر انہوں نے اپنا رجحان ان لوگوں کی طرف بتایا جو تارک صلوٰۃ کو کافر نہیں بلکہ فاسق کہتے ہیں۔ اس پر ان کا تعاقب کیا گیا کہ کافر نہ کہنے والوں کی دلیلیں کیا ہیں تو جواب میں فرمایا: اس دعویٰ کے ثبوت میں بہت سی آیات پیش ہو سکتی ہیں مگر ہم ایک آیت پیش کرتے ہیں قل لعبادی الذین آمنوا یقیموا الصلوۃ (الایہ) (پ ۱۳ رکوع ۱۷) اس آیت میں ایماندار قرار دے کر ان کو نماز کا حکم دیا ہے۔ معلوم ہوا نماز ایمان میں داخل نہیں۔ (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۴۶۵) پھر آگے تشریح میں لکھا ہے: کیونکہ جن احادیث سے تارک الصلوۃ کا کفر ثابت ہوتا ہے' ان احادیث سے وہ بلاشبہ کافر ہیں اور ان کو کافر کہنا روا ہے مگر ہاں تارک الصلوۃ کا کفر ایسا نہیں ہے جس کی وجہ سے ملت اسلام سے خارج ہو جائے اور مغفرت وشفاعت ودخول جنت کا مستحق نہ رہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۴۶۷) اور آخر میں فتاویٰ نذیریہ کتاب الصلوۃ ص ۳۶۹ کا حوالہ بھی دیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسی قسم کی عبارت اس میں بھی ہے۔ ان فتووں سے یہ بات واضح ہو گئی کہ تارک الصلوۃ ایسا کافر نہیں ہوتا کہ اس کو ملت اسلامیہ سے خارج اور مرتد قرار دے دیا جائے بلکہ وہ ملت اسلامیہ میں باقی رہتا ہے اور اسی کو احناف فاسق سے تعبیر کرتے ہیں۔

## امام ابن تیمیہؒ اور بعض غیر مقلدین

جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے کے بارے میں امام ابن تیمیہؒ کا نظریہ جمہور اہل

اسلام سے مختلف ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس پر قضاء نہیں بلکہ وہ توبہ کرے اور آئندہ کے لیے نماز کی پابندی کرے۔ زمانہ حال کے بعض غیر مقلدین امام ابن تیمیہؒ کی تقلید کرتے ہوئے اس نظریہ کا پرچار کرتے ہیں حالانکہ یہ نظریہ جمہور اہل اسلام کے خلاف ہے۔ امام بخاریؒ نے امام ابراہیمؒ کا یہ قول نقل کیا ہے وقال ابراھیم من ترک صلوۃ واحدۃ عشرین سنۃ لم یعد الا تلک الصلوۃ الواحدۃ (بخاری ج ۱ ص ۸۴) اور امام ابراہیمؒ نے فرمایا کہ جس شخص نے ایک نماز چھوڑی، تو بیس سال بھی گزر جائیں تو وہ شخص اسی نماز کا اعادہ کرے۔ یعنی اس پر کفارہ وغیرہ نہیں ہے بلکہ اس کی قضاء ہے۔ اور خندق کے موقع پر حضور ﷺ کی نماز رہ گئی تو آپؐ نے اس کی قضاء فرمائی۔ آپؐ کی وہ نماز کیسے رہ گئی؟ اس کے بارے میں علامہ کرمانیؒ نے دو قول نقل کیے ہیں۔ وقیل تاخیرہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الصلوۃ فی ذلک الیوم کان نسیانا بعض حضرات نے کہا ہے کہ اس دن آپ ﷺ کا نماز کو موخر کرنا نسیان کی وجہ سے تھا (کہ آپؐ کو نماز پڑھنا یاد ہی نہ رہا تھا) وقیل عمدا لانھم اشغلوہ فلم یمکنوہ من ذالک وھو اقرب وذالک قبل نزول صلوۃ الخوف (حاشیہ نمبر ۱ بخاری ج ۱ ص ۸۴) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپؐ کا اس نماز کو موخر کرنا جان بوجھ کر تھا (یعنی نسیان نہ تھا بلکہ آپؐ کو نماز پڑھنا یاد تھا) اس لیے کہ کفار نے آپؐ کو مشغول رکھا تو انہوں نے آپؐ کو اس کے ادا کرنے کا موقع ہی نہ دیا اور یہ بات زیادہ اقرب ہے (یعنی زیادہ درست ہے) اور یہ واقعہ صلوٰۃ الخوف کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا ہے۔ یعنی صلوٰۃ خوف میں تو ایک گروہ کو دشمن کے مقابلہ میں کھڑا کر کے وقت کے اندر نماز ادا کی جا سکتی ہے اور خندق کا واقعہ صلوٰۃ خوف کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا ہے اس لیے آپ ﷺ دشمن کے مقابلہ میں مشغول رہے اور نماز رہ گئی جس کو آپؐ نے بعد میں قضاء فرمایا اور علامہ کرمانیؒ اسی قول کو اقرب فرما رہے ہیں کہ حضور علیہ السلام کو نماز پڑھنا یاد تھا مگر دشمن کے مقابلہ میں مصروف ہونے کی وجہ سے وہ نماز رہ گئی تھی۔ اس سے جمہور کے نظریہ کی تائید ہوتی ہے کہ قضاء کے لیے ضروری نہیں ہے کہ آدمی نماز کے وقت میں سویا رہے یا بھول گیا ہو بلکہ یاد ہونے کی صورت میں بھی اگر نماز رہ جائے تو اس کی قضاء ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے قضاء فرمائی اور یہی مذہب راجح اور حق ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

## غلط فہمی اور اس کا ازالہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ وضوء اور بعض عبادات مثلاً حج، جمعہ، عیدین اور رمضان المبارک کے روزوں وغیرہ کی وجہ سے اور توبہ سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور نماز کا چھوڑنا بھی ایک گناہ ہے لہٰذا یہ بھی معاف ہو جاتا ہے مگر یہ ان کی غلط فہمی ہے اس لیے کہ علماء نے تصریح کی ہے کہ توبہ سے یا حج سے معاصی (گناہ) معاف ہوتے ہیں، فرائض معاف نہیں ہوتے جیسے اگر کسی نے حج کر لیا یا توبہ کر لی تو قرض داروں کا قرض ایسا ہی اس کے ذمہ واجب ہے جیسے کہ پہلے تھا۔ اسی طرح حقوق اللہ سے بھی جو قرض ہے، وہ بھی ادا کرنے سے ہی ادا ہو گا۔ بلکہ یہاں تک "علماء نے لکھا ہے کہ توبہ سے نمازوں کی تاخیر کی معصیت معاف ہو گی اور فوراً" ادا کرنا لازم ہوتا ہے حتیٰ کہ اگر پھر قضاء کرنے میں تاخیر کی تو از سر نو گنہگار ہو گا۔ (فتاویٰ دار العلوم ج ۴ ص ۳۳۶) اسی قسم کے ایک سوال کے جواب میں حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں حقوق اللہ کے معاف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ذنوب معاف ہوتے ہیں نہ کہ طاعات۔ سو نماز طاعات میں سے ہے اور اس کا بدل ممکن اور مشروع ہے لہٰذا قضاء واجب ہوئی۔ پھر قضاء کا بدل فدیہ ہے۔ اگر قضاء پر قدرت نہ ہوئی، فدیہ واجب ہو گا یا اس کی وصیت۔ اگر اس پر بھی قدرت نہ ہوئی یا وسعت نہ ہوئی نہ اس کا کوئی بدل ہے، اب یہ کوتاہی ذنب محض رہ گئی، یہ توبہ سے معاف ہونے کی امید گاہ ہے (امداد الفتاویٰ ج ۱ ص ۳۳۸) یعنی جب تک قضاء پر قدرت ہے، اس وقت تک قضاء ہی ضروری ہو گی۔

## ایک اور غلط فہمی اور اس کا ازالہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جس مسجد میں جمعہ ہوتا ہے اس میں نماز پڑھنے کا ثواب پانچ سو نمازوں کا اور مسجد نبوی میں ایک ہزار یا پچیس ہزار یا پچاس ہزار کا (باختلاف الروایات) اور مسجد حرام میں ایک لاکھ نمازوں کا ثواب ملتا ہے اور رمضان المبارک میں ہر فرض ستر فرضوں کے برابر ہو جاتا ہے تو جو شخص عمرہ یا حج کرتا ہے تو وہ مسجد نبوی اور مسجد حرام میں نمازیں پڑھتا ہے تو اس کو اتنا ثواب حاصل ہو گیا کہ ساری زندگی کی نمازوں سے بھی بڑھ گیا۔ اسی طرح جو شخص رمضان

المبارک میں نمازیں پڑھ لیتا ہے تو اس کی نمازوں کا ثواب سال بھر کی نمازوں سے بڑھ جاتا ہے اس لیے اگر وہ شخص باقی دنوں میں نماز نہ بھی پڑھے تو کوئی بات نہیں۔ یہ نظریہ بھی بالکل غلط ہے۔ یہ غلط فہمی ہی نہیں بلکہ شیطانی وسوسہ ہے اس لیے کہ حضرات فقہاء کرامؒ نے تصریح فرمائی ہے اور خود مولانا عبد الحئیؒ صاحب لکھنویؒ نے بھی اپنے اس رسالہ میں وضاحت فرمائی ہے کہ کسی عبادت کا ثواب زیادہ مل جانا انعام ہے۔ انعام سے ذمہ داری ساقط نہیں ہوتی۔ مثلاً" رمضان المبارک کی نماز کا ثواب ستر گنا ہے تو یہ انعام ہے اس کو ستر نمازوں کی جگہ شمار نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس کی وجہ سے آدمی ستر نمازوں کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوتا ہے بلکہ یہ ایک ہی نماز کا ثواب ہوگا اور آدمی ایک ہی نماز کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوگا۔ اور اس کی وجہ سے نمازوں کو چھوڑنے والا تارک صلوٰۃ ہی شمار ہوگا۔ پھر یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ حضور علیہ السلام اور حضرات صحابہ کرامؓ مسجد حرام' مسجد نبوی اور رمضان المبارک میں نمازیں پڑھتے رہے اس کے باوجود کبھی زندگی بھر نماز کو ترک نہیں کیا۔ اگر ترک کی ذرا بھی گنجائش ہوتی تو کبھی تو ترک کی ہوتی۔ جب کبھی ترک نہیں فرمائی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نماز چھوڑنے کی قطعاً" گنجائش نہیں ہے۔ اور پھر یہ بات بھی انتہائی غلط فہمی اور شیطانی وسوسہ ہے کہ کوئی بندہ اس دنیا میں یوں حساب لگانے لگ جائے کہ میری نماز ستر نمازوں کے برابر یا پچاس ہزار اور ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے لہٰذا باقی دنوں کی نمازیں چھوڑ کر حساب برابر کرا لیا جائے گا۔ یہ بالکل شیطانی وسوسہ ہے اس لیے کہ کس کو معلوم ہے کہ مجھے اپنی نماز کا اتنا بدلہ ملے گا۔ اس لیے کہ عمل کے ثواب کا مدار صحیح اعتقاد' اخلاص نیت اور خشوع پر ہے۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' آپؐ فرماتے تھے ان الرجل لینصرف وما کتب له الا عشر صلوته تسعها ثمنها سبعها سدسها خمسها ربعها ثلثها نصفها (ابوداود ص ۱۱۵ ج ۱) بیشک آدمی نماز سے فارغ ہوتا ہے اور اس کے لیے نماز کا صرف دسواں حصہ لکھا جاتا ہے اور کسی کے لیے نواں حصہ' کسی کے لیے آٹھواں' ساتواں' چھٹا' پانچواں' چوتھائی' تہائی اور کسی کے لیے آدھا حصہ لکھا جاتا ہے۔ یعنی جس درجہ کا خشوع اور اخلاص نماز میں ہوتا ہے' اتنا ہی اجر وثواب ملتا ہے۔ اسی طرح طبرانی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص نماز کو پوری توجہ سے نہیں پڑھتا تو وہ نماز پرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر نمازی کے منہ پر مار دی جاتی ہے۔ (الحدیث)

اور پھر صحیح روایات میں آتا ہے کہ جب بندہ کی نماز کا حساب لیا جائے گا اور نماز میں نقصان ہوگا تو اس کی تلافی نوافل سے کی جائے گی۔ (ترمذی ج ۱ ص ۸۷۔ نسائی ج ۱ ص ۸۱ وغیرہ) اسی لیے حضرات فقہاء اسلام فرماتے ہیں کہ آدمی کو فرائض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ نوافل بھی بکثرت ادا کرنے چاہئیں تاکہ ان کی وجہ سے فرضوں میں پائے جانے والے نقصان کی تلافی ہو سکے۔

بندے کی نماز کو قبول کر کے اجر وثواب سے نوازنا تو محض اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے۔ بندے کا خود اپنے عمل کا حساب کر کے اپنے لیے اجروثواب متعین کرنا اور پھر اس کی وجہ سے نمازوں کو چھوڑنا بالکل شیطانی وسوسہ ہے۔ حضور علیہ السلام اور حضرات صحابہ کرامؓ نے نمازوں اور دیگر اعمال کے اجر وثواب کو بیان فرمایا اور اس کے باوجود کسی وقت بھی نماز ترک کرنے کی گنجائش نہیں دی۔ اس لیے کسی کو شیطانی وسوسہ میں نہیں آنا چاہئے بلکہ نمازوں کی صورت میں جو ذمہ داری ہے' ان کو ادا کر کے ان سے فارغ ہونا چاہئے اور اپنے اعمال قبول کر لینے کی درخواست اور دعاء رب تعالیٰ سے کرتے رہنا چاہئے۔

## فوت شدہ نمازوں کے بارے میں صحیح نظریہ

اگر کسی آدمی کے ذمہ فوت شدہ نمازیں ہوں تو ان کی قضاء لازم ہے۔ ان کی قضاء کرے اور نمازوں کو بروقت ادا نہ کر سکنے کی جو کوتاہی ہوئی' اس کی رب تعالیٰ سے معافی مانگے۔ فوت شدہ نمازوں سے متعلق بعض ضروری مسائل ذکر کیے جاتے ہیں۔

**مسئلہ ۱:** اوقات مکروہہ کے علاوہ باقی ہر وقت میں فوت شدہ نماز پڑھی جا سکتی ہے۔ اوقات مکروہہ یہ ہیں: سورج طلوع ہونے کا وقت' غروب ہونے کا وقت اور استواء کا وقت یعنی زوال سے پہلے جب سورج بالکل سنٹر میں ہوتا ہے۔ طلوع فجر کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد عام نوافل پڑھنا ممنوع ہے مگر فوت شدہ نمازوں کی قضاء درست ہے۔

**مسئلہ ۲:** نوافل بکثرت ادا کرنے کی بہ نسبت فوت شدہ نمازوں کا پڑھنا افضل ہے۔ اس لیے کہ فوت شدہ نمازیں ذمہ میں قرض کی طرح ہیں تو جیسے نفلی صدقات ادا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

کرنے سے قرض کا ادا کرنا افضل ہے اسی طرح نوافل کی بہ نسبت فوت شدہ نمازوں کا ادا کرنا افضل ہے۔

**مسئلہ ۳:** فوت شدہ نمازوں کے صرف فرائض اور وتروں کی قضاء کرنی چاہئے۔ سنتوں کی قضا نہیں ہے البتہ اگر کسی کی فجر کی نماز سنتوں سمیت رہ جائے اور وہ اسی دن سورج طلوع ہونے کے بعد زوال سے پہلے پہلے اس کی قضاء کرتا ہے تو ساتھ فجر کی سنتیں بھی پڑھے جیسا کہ لیلۃ التعریس کے واقعہ میں حضرات صحابہ کرامؓ سے ثابت ہے۔ اور اگر زوال کے بعد قضاء کرے تو صرف فرضوں کی قضاء کرے۔

**مسئلہ ۴:** وقتی نمازوں کے ساتھ جو سنن موکدہ ہیں ان کو اور وتروں کو قضاء نماز کی وجہ سے نہ چھوڑنا چاہئے مثلاً ظہر کی وقتی نماز پڑھتا ہے اور اس کی سنتیں پڑھنے کی بجائے قضاء نماز پڑھتا ہے تو ایسا نہ کرنا چاہئے بلکہ وقتی نماز کے ساتھ جو سنتیں ہیں، ان کو بھی پڑھنا چاہئے۔

**مسئلہ ۵:** اگر کوئی شخص فجر کی سنتیں پڑھتا ہے یا ظہر وعشاء سے پہلے یا بعد کی سنتیں پڑھتا ہے اور ان میں ساتھ ہی قضاء نماز کی نیت کر لیتا ہے تو یہ درست نہیں ہے بلکہ سنتیں علیحدہ پڑھے اور فوت شدہ نمازیں ان کی نیت ہی سے پڑھے۔

**مسئلہ ۶:** عوام میں یہ مشہور ہے کہ اگر کسی شخص کی کئی دنوں کی نمازیں فوت ہو گئی ہوں تو ہر دن ایک نماز کے ساتھ ایک نماز ادا کی جائے۔ مثلاً" فجر کے ساتھ فوت شدہ ایک فجر کی اور ظہر کے ساتھ ظہر کی اور اسی طرح باقی نمازوں میں۔ مگر یہ ضروری نہیں ہے بلکہ آدمی ایک ہی وقت میں کئی دنوں کی فوت شدہ نمازیں بھی پڑھ سکتا ہے مثلاً" فجر کے وقت میں ایک دن کی ترتیب وار پانچ نمازیں پڑھے اور پھر دوسرے تیسرے دن کی اسی طرح پڑھے تو درست ہے بلکہ یہ بہتر ہے تا کہ آدمی جلدی ذمہ سے عہدہ برآ ہو جائے۔

**مسئلہ ۷:** بلا عذر نماز کو اپنے وقت میں نہ پڑھنا گناہ ہے اور اس کی قضاء کرنا لازم ہے اس لیے حضرات فقہاء کرامؒ نے فرمایا ہے کہ فوت شدہ نمازوں کی قضاء مسجد میں کرنا مکروہ ہے اس لیے کہ اس میں اپنے گناہ کو ظاہر کرنا ہے۔ اور اگر کسی کو پتہ نہیں چلتا کہ یہ شخص قضاء نماز پڑھ رہا ہے یا کہ نوافل ادا کر رہا ہے تو ایسی صورت میں

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

مسجد میں قضاء کو بھی درست کہا گیا ہے۔

**مسئلہ ۸:** اگر کسی شخص کی کسی دن پانچ سے کم نمازیں رہ گئی ہوں تو وہ پہلے فوت شدہ نمازوں کو ادا کرے اور اس کے بعد وقتی نماز پڑھے اور اگر پانچ سے زیادہ نمازیں فوت ہوں تو پھر فوت شدہ کو پہلے پڑھ لینا بہتر ہے اور اگر وقتی نماز پہلے ادا کر لی اور قضاء نمازیں اس کے بعد پڑھتا ہے تو یہ بھی درست ہے۔

**مسئلہ ۹:** صاحب ترتیب آدمی کے لیے پہلے فوت شدہ نماز کو پڑھنا ضروری ہے اور صاحب ترتیب وہ ہے جس کے ذمہ کوئی نماز نہ ہو یا پانچ سے کم فوت شدہ نمازیں ہوں۔ اگر صاحب ترتیب کو فوت شدہ نمازیں یاد ہوں اور اس کے باوجود وہ وقتی نماز پڑھتا ہے تو یہ درست نہیں بلکہ وہ وقتی نماز فاسد ہوگی۔ وہ شخص پہلے فوت شدہ پڑھے اور پھر وقتی نماز کو دوبارہ پڑھے مثلاً ایک آدمی صاحب ترتیب ہے' اس کی فجر کی نماز رہ گئی اور ظہر کا وقت آ گیا اور اس کو فجر کی فوت شدہ نماز یاد ہے اس کے باوجود وہ پہلے ظہر کی نماز پڑھتا ہے تو یہ ظہر کی نماز فاسد ہوگی۔ وہ پہلے فجر کی فوت شدہ پڑھے اور ظہر کی نماز کو دوبارہ پڑھے۔ اور اگر وقتی نماز پڑھتے وقت اس کو فوت شدہ نماز یاد نہ رہی یا وقت کم باقی رہ گیا جس میں دو نمازیں نہیں پڑھی جا سکتیں تو ایسی صورت میں وہ پہلے وقتی نماز پڑھ لے اور بعد میں فوت شدہ کی قضاء کرے تو درست ہے۔ اس حالت میں اس کے لیے ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔ اور اگر صاحب ترتیب کی ایک یا دو نمازیں رہ گئیں اور وہ ان کو قضا کرنے سے پہلے وقتی نمازیں پڑھتا رہا اور پانچ سے زائد وقتی نمازیں پڑھ لیں اور ان کے بعد وہ قضاء پڑھتا ہے تو وقتی نمازیں درست ہوں گی اور وہ صاحب ترتیب نہ رہے گا اور جب وہ فوت شدہ نمازیں پوری کر لے گا تو پھر صاحب ترتیب ہو جائے گا۔

**مسئلہ ۱۰:** اگر کسی شخص کی کئی دنوں یا کئی مہینوں یا کئی سالوں کی نمازیں فوت ہو چکی ہوں اور اس کو دن اور تاریخ یاد ہو تو تعین کر کے ان کو پڑھے یعنی فلاں سال فلاں تاریخ کی فجر کی نماز پڑھتا ہوں جو قضاء کی صورت میں میرے ذمہ ہے۔ اور اگر اس کو تاریخ وغیرہ یاد نہ ہو یا نمازیں اتنی کثرت سے ہوں کہ وہ حتمی فیصلہ نہ کر سکے کہ کتنی ہیں تو پہلے ان کا تخمینہ کرے کہ کتنی ہیں اور پھر اس طرح نیت کر کے قضاء نمازیں تخمینہ کے مطابق مکمل کرے کہ فجر کی پہلی نماز جو میرے ذمہ ہے وہ پڑھتا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

ہوں۔ پھر اسی طرح ظہر اور باقی نمازوں کو پڑھے۔ اور ہر نماز کے ساتھ پہلی جو میرے ذمہ ہے' کی نیت کر کے پڑھتا رہے یہاں تک کہ جو تخمینہ اس نے لگایا تھا' اس کے مطابق اس کی نمازیں مکمل ہو جائیں۔ اور ان نمازوں میں تاخیر کرنے کے گناہ کی رب تعالیٰ سے معافی مانگے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## حضرت مولانا عبد الحیؒ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے بارہ میں

حضرت مولانا ابو الحسنات محمد عبد الحیؒ بن مولانا عبد الحلیمؒ فرنگی محلی حنفی ۱۲۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ فنی علوم اپنے والد صاحب سے حاصل کیے اور سترہ (۱۷) سال کی عمر میں فارغ ہو کر درس وتدریس و تصنیف میں مشغول ہو گئے اور بے شمار علماء وطلبہ نے ان کے درس وتصانیف سے استفادہ کیا۔ بہت تھوڑی عمر میں اتنے کام کر گئے کہ حیرت ہوتی ہے۔ صرف چالیس سال عمر پائی۔ آپ کی وفات ۱۳۰۴ھ کو ہوئی۔ آپ کی تصانیف نہایت گراں قدر علمی جواہر سے مرصع ہیں۔ آپ کی تصانیف کی تعداد ستاسی (۸۷) بتلائی گی ہے اور مقدمہ عمدۃ الرعایہ میں ان کتابوں کے نام تحریر ہیں۔ آپ کی کتابوں میں سے دو کتابیں ابراز الغی اور تذکرۃ الراشد مشہور غیر مقلد عالم نواب صدیق حسن خان مرحوم کے رد اور ان کی تصانیف کے اغلاط کے بیان میں ہیں۔ کم عمری کے باوجود آپ کا حلقہ درس بہت وسیع اور نہایت کامیاب تھا۔ فارغ التحصیل علماء کرام تکمیل کے لیے آپ کے حلقہ درس میں شریک ہوتے تھے۔ علامہ کوثریؒ نے نصب الرایہ کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ شیخ محمد عبد الحیؒ لکھنویؒ اپنے زمانہ میں احادیث احکام کے بہت بڑے عالم تھے لیکن آپ کی کچھ آراء شاذہ بھی ہیں جو مذہب میں درجہ قبول سے نازل ہیں اور کچھ کتابوں کے سرسری مطالعہ کی وجہ سے آپ ان کتب سے متاثر ہو گئے تھے اسی لیے بہت سے علماء کرام نے' جو ان کتابوں کے اندرونی حالات سے واقف تھے' انہوں نے حضرت مولانا عبد الحیؒ صاحبؒ کے ان کتابوں سے متاثر ہونے کو ان کے علم وفضل کے منصب عالی سے فروتر قرار دیا ہے۔ (ملخص از مقدمہ انوار الباری)

احقر حافظ عبد القدوس قارن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله الذى ازال امور الجاهلية ببعثة خير البرية وجعل لمن تبعه وسلک مسلكه الدرجات العلية اشهد انه لا اله الا هو وحده لا شريک له وان محمدا عبده ورسوله شهادة تنجينا من الدركات الدنية واصلى واسلم عليه وعلى آله وصحبه الهادين الى السنن المرضية القامعين للبدعات الردية وعلى من تبعهم باحسان الى يوم حساب الاعمال الجلية والخفية وبعد فيقول الراجى عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد عبد الحئى اللكنوى هذه رسالة وجيزة عجالة مفيدة مسماة بردع الاخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان الفتها حماية للسنة المحمدية ونصرة للطريقة الاحمدية سائلا من الله

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے تمام مخلوق میں سے سب سے بہتر شخصیت کو مبعوث فرما کر جاہلیت کے امور کو ملیا میٹ کر دیا اور اس کے پیروکاروں اور اس کا طریق کار اپنانے والوں کے لیے بلند درجات بنائے۔ میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ ذات وصفات میں یگانہ ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بیشک محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں' ایسی گواہی جو ہمیں گھٹیا مراتب سے نجات دے اور میں درود وسلام پڑھتا ہوں اس (رسول) پر اور اس کی آل واصحاب پر جو پسندیدہ سنتوں کی جانب راہنمائی کرنے والے اور ہلاکت میں ڈالنے والی بدعات کا قلع قمع کرنے والے ہیں اور ان لوگوں پر بھی جنھوں نے مخفی اور واضح اعمال کے حساب کے دن (قیامت) تک احسان کے ساتھ ان کی پیروی کی۔

اما بعد! پس اپنے قوت والے پروردگار کی معافی کا امیدوار ابو الحسنات محمد عبد الحئی لکھنوی کہتا ہے کہ یہ مختصر سا رسالہ اور مفید پیشکش ہے جس کا نام ردع الاخوان عن محدثات آخر جمعة رمضان ہے۔ (رمضان المبارک کے آخری جمعہ کے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

تعالی ان یجعلها ویجعل سائر تصانیفی نافعة للبریة وموجبة لفوزی بالمراتب السنیة اعلم انهم قد احدثوا فی آخر جمعة شهر رمضان امورا مما لا اصل لها والتزموا امورا لا اصل للزومها فاردت ان اکشف القناع عنها و احقق ما لها وما علیها وابین ما جاز منها وما لم یجز منها مع الانصاف الذی هو خیر الاوصاف والتجنب عن طریق الافراط والتفریط الموجبین للاعتساف فمنها القضاء العمری حدث ذلک فی بلاد خراسان واطرافها وبعض بلاد الیمن واکنافها ولهم فی ذلک طوق مختلفة ومسالک متشتتة فمنهم من یصلی فی آخر جمعة رمضان خمس صلوات قضاء باذان واقامة مع الجماعة ویجهرون فی الجهریة ویسرون فی السریة وینوون لها

---

دن کی جانے والی بدعات سے مسلمان بھائیوں کو روکنا) میں نے اس کو سنت محمدیہ کی حمایت اور احمدی طریقہ کی تائید کے لیے لکھا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس رسالہ کو اور میری باقی تمام تصانیف کو مخلوق کے لیے نافع اور بلند مراتب سے نوازنے کے ساتھ میری کامیابی کا ذریعہ بنائے۔

آپ اس بات کو اچھی طرح جان لیں کہ رمضان المبارک کے مہینہ کے آخری جمعہ میں لوگوں نے کچھ ایسی بدعات ایجاد کی ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ اور وہ بعض ایسے امور کا التزام کرتے ہیں جن کے لزوم پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

پس میں نے چاہا کہ ان بدعات سے پردہ ہٹاؤں اور ان کے فوائد اور نقصان کی حقیقت واضح کروں اور ان میں سے جائز اور ناجائز کی وضاحت انصاف کے ساتھ کروں جو کہ بہترین وصف ہے، اور افراط و تفریط کے دونوں پہلوؤں سے اجتناب کروں جو کہ پشیمانی کا موجب ہیں۔

## قضاء عمری کی بدعت

پس ان بدعات میں سے ایک قضاء عمری ہے۔ یہ بدعت خراسان کے علاقہ اور اس کے اطراف میں اور یمن کے بعض شہروں اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

بقولهم نويت ان اصلى اربع ركعات مفروضة قضاء لما فات من الصلوات فى تمام العمر مما مضى ويعتقدون انها كفارة لجميع الصلوات الفائتة فيما مضى ومنهم من يصلى اربع ركعات نفلا مع الجماعة تداعيا وينوون بقولهم نويت ان اصلى اربع ركعات تقصيرا وتكفيرا لقضاء ما فات منى فى جميع عمرى صلوة النفل و منهم من زاد نغمة واعتقد انها كفارة لفوائت آباء ہ واجداده ايضا وقد نقلوا لاثبات ما فعلوا عبارات وذكروا فيه روايات ففى زاد اللبيب ذكر نماز کفارہ نمازہا کہ قضا شدہ باشند از نسخہ شیخ الاسلام والمسلمین رئیس الاولیاء ومقتدی الاوتاد شیخ رکن الدین قدس اللہ سرہ کہ برائے سلطان قطب الدین تبرک و ہدیہ آوردہ بودند واسناد ایں نماز از حضرت رسالت پناہ ﷺ منقولست ہر کہ را نمازہا قضا شدہ باشند و نداند

---

رائج ہے۔ اور ان کے اس کے بارہ میں طریقے بھی مختلف ہیں اور نظریات بھی علیحدہ علیحدہ ہیں۔

**پہلا نظریہ:** پس ان میں سے کچھ لوگ تو رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو قضاء کی نیت سے پانچ نمازیں باجماعت اذان واقامت کے ساتھ پڑھتے ہیں اور جہری نمازوں (فجر' مغرب اور عشاء) میں قراء ت جہر سے اور سری نمازوں (ظہر وعصر) میں قراء ت آہستہ کرتے ہیں اور یہ نماز پڑھنے والا ان الفاظ کے ساتھ نیت کرتا ہے کہ میں چار رکعت فرض ان تمام نمازوں کی قضا کی نیت سے پڑھتا ہوں جو زندگی بھر مجھ سے چھوٹ گئی ہیں اور وہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ یہ نماز اس کی تمام اس جیسی نمازوں کی کفارہ بن جاتی ہے جو اس کی قضا ہو گئی تھیں۔ (مثلاً" فجر پڑھنے سے فجر کی تمام قضا شدہ نمازوں کا کفارہ بن جاتی ہے اور اسی طرح دوسری ہر نماز کے بارہ میں یہ اعتقاد رکھتے تھے)

**دوسرا نظریہ:** اور ان میں سے کچھ لوگ نفل کی نیت سے جماعت کے ساتھ چار رکعت ادا کرتے ہیں اور اس کے لیے لوگوں کو بلایا جاتا ہے اور وہ ان الفاظ سے نیت کرتے ہیں کہ میں اپنے ذمہ سے بوجھ کم کرنے اور اپنی زندگی میں تمام فوت شدہ نمازوں کے کفارہ کے طور پر چار رکعت نفل نماز پڑھتا ہوں۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

کہ اعداد چند است باید کہ روز جمعہ چار رکعت نفل بیک سلام بگزارد ودر ہر رکعت بعد از فاتحہ آیتہ الکرسی ہفت بار وانا اعطینا پانزدہ بار بخواند وامیر المومنین علیؓ گفت از پیغمبر شنیده ام اگر ہفت صد سال نماز وے قضاء شدہ باشد کفارہ شود یاران گفتند یا رسول اللہ عمر آدمی ہفتاد و یا ہشتاد سال است چندیں صفت چیست؟ رسول اللہؐ فرمود نمازے کہ او قضاء کردہ باشد ونماز مادر وپدر ونمازہا کہ از فرزندان او قضا شدہ اند ہمہ قبول افتند ونیت ایں نماز ایں است نویت للّٰہ ان اصلی اربع رکعات تقصیرا او تکفیرا لقضاء ما فات منی فی جمیع عمری صلوۃ نفل انتہی ومثلہ فی انیس الواعظین و حاصل ما فیہ معربا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من فاتتہ صلوات ولا یدری عددھا فلیصل یوم الجمعۃ اربع رکعات نفلا بسلام واحد ویقرء فی کل رکعۃ بعد

---

**تیسرا نظریہ:** اور ان میں سے کچھ لوگ ترنم کے انداز میں کچھ پڑھنے کا اضافہ کرتے ہیں اور یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ یہ چار رکعات صرف ان کی ہی نہیں بلکہ انؐ کے آباؤ اجداد کی فوت شدہ نمازوں کا بھی کفارہ بن جاتی ہیں اور اپنے اس عمل کے اثبات کے لیے کچھ بزرگوں کی عبارات نقل کرتے ہیں اور اس بارہ میں کچھ روایات بھی ذکر کرتے ہیں۔

## قضاء عمری کے دلائل

**پہلی دلیل:** پس زاد اللبیب میں ہے کہ فوت شدہ نمازوں کے کفارہ کی نماز کا ذکر شیخ الاسلام والمسلمین رئیس الاولیاء اور بڑے بڑے لوگوں کے پیشوا شیخ رکن الدین قدس اللہ سرہ کی ان کتابوں میں سے ایک کتاب سے ہے جو کہ سلطان قطب الدین کو تبرک اور ہدیہ پیش کی گئی تھیں۔ اور یہ نماز حضور نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ جس شخص کی نمازیں قضا ہو گئی ہوں اور وہ جانتا نہ ہو کہ ان فوت شدہ نمازوں کی تعداد کتنی ہے تو اس کو چاہئے کہ وہ جمعہ کے دن چار رکعت نفل ایک سلام سے ادا کرے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الفاتحة آية الكرسی سبع مرات وانا اعطینک الکوثر خمس عشر مرة قال علی بن ابی طالب سمعت رسول اللّٰہ ان فاتته صلوات سبعمائة سنة کانت ھذہ الصلوۃ کفارۃ لھا قالت الصحابة انما عمر الانسان ای من ھذہ الامة سبعون سنة او ثمانون فقال رسول اللّٰہ کانت کفارۃ لما فاته وما فات من الصلوات من ابیه وامه ولفوائت اولادہ ونیة ھذہ الصلوۃ ان یقول نویت ان اصلی اربع رکعات تقصیرا وتکفیرا لقضاء ما فات منی فی جمیع عمری صلوۃ نفل متوجھا الی الکعبة وفی اوراد راحة العابدین در مصابیح مذکورہ ست ہر کہ در آخر روز جمعہ از ماہ رمضان چار رکعت نماز گزارد پیش از نماز ظہر کہ آنرا قضائے عمری نامند گویند در جمیع عمرش کہ نماز ناغہ شدہ باشد بجا می افتد وازیں نماز ادا شوند بیشک گفتہ اند

---

اور ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پندرہ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھے اور امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں نے پیغمبر ﷺ سے سنا ہے کہ اگر سات سو سال کی نمازیں بھی قضا ہو گئی ہوں تب بھی یہ چار رکعت ان کا کفارہ بن جاتی ہیں۔ ساتھیوں نے کہا یا رسول اللہ آدمی کی عمر ستر (۷۰) یا اسی (۸۰) سال ہے تو اس نماز کے اس قدر درجہ کا مطلب کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس کی اور اس کے ماں باپ اور اس کی اولاد کی جو نمازیں قضا ہو گئی ہوں' یہ چار رکعت ان سب کی جانب سے کفارہ بن جاتی ہیں اور سب کی جانب سے قبول ہو جاتی ہیں۔ اور اس نماز کی نیت یہ ہے "میں اپنے ذمہ سے بوجھ کم کرنے اور اپنی ساری زندگی کی قضا شدہ نمازوں کا کفارہ ادا کرنے کے لیے چار رکعت نماز نفل اللہ کے لیے ادا کرتا ہوں۔" انتھی (یہاں تک زاد اللبیب کی عبارت مکمل ہو گئی)

**دوسری دلیل:** اور اسی کے مثل انیس الواعظین میں ہے۔ اور عربی زبان میں اس کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کی نمازیں فوت ہو جائیں اور وہ ان کی تعداد نہ جانتا ہو تو چاہئے کہ وہ جمعہ کے دن چار رکعت نفل ایک سلام کے ساتھ پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیت الکرسی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

اتفاقیست و کدامی از اہل سنت والجماعت در وے اختلاف نکردہ اند ونخواہند کرد وہر کہ ابا کند ضال و مضل ست واز دائرہ اسلام خارج واما در ادا کردن بجماعت اختلاف ست میان علماء بعضے می گویند بجماعت مکروہ است گزاردن وے کہ ادائے نفل بامامت مکروہ است وبعضے می گویند کہ گزاردن او بوصف مذکورہ مکروہ نیست کہ دریں نماز مدخل فوائت ست وبریں قول گزاردن فوائت بجماعت صحیح غیر مکروہ است چنانچہ در کتب فقہ مشہور ست و بریں فتوی دادہ خلف بن ایوب کہ یکے از تلامذہ امام اعظم ست ودر فتاوی واجد الدین نسفی در باب نوافل ست کہ در بلاد عرب اولی آنست کہ یگان یگان گزارند کہ ایشان در کلام و زبان فصاحت و بلاغت دارند و قراءۃ قرآن بخوبی می کنند اما در بلاد عجم علی الخصوص در عہد مایان اصح واولی آنست کہ بجماعت گزارند کہ اکثر عجم از قدر قرآن قدر ما یجوز بہ الصلوۃ ندانند ومخارج حروف نشناسند انتہی و حاصل ما

---

سات مرتبہ اور سورۃ الکوثر پندرہ مرتبہ پڑھے۔ حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ اگر سات سو سال کی نمازیں بھی فوت ہو جائیں تو یہ نماز ان تمام کا کفارہ ہو جاتی ہے۔ صحابہؓ نے کہا کہ اس امت کے افراد کی عمریں تو ستر (۷۰) یا اسی (۸۰) سال ہوں گی (تو پھر سات سو سال کی نمازوں کا کفارہ بن جانے کا کیا مطلب ہے؟) تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ یہ نماز ان کی اور اس کے ماں باپ اور اس کی اولاد کی قضا شدہ نمازوں کا کفارہ ہو جاتی ہے اور اس نماز کی نیت یہ ہے کہ کہے کہ "کعبہ کی جانب منہ کرتے ہوئے اپنے ذمہ سے بوجھ کم کرنے اور اپنی ساری عمر کی فوت شدہ نمازوں کے کفارہ کے لیے چار رکعت نفل ادا کرتا ہوں"۔

**تیسری دلیل:** اور اوراد راحۃ العابدین میں ہے کہ مصابح میں مذکور ہے کہ جس شخص نے ماہ رمضان کے آخری جمعہ کو ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعت نماز ادا کی جس کو قضاء عمری کہتے ہیں تو اس کی ساری عمر میں جتنی نمازیں فوت ہوئی ہوں تو وہ برابر ہو جاتی ہیں اور اس نماز سے ادا ہو جاتی ہیں۔ اور بیشک کہتے ہیں کہ اس پر اتفاق ہے اور اہل سنت والجماعت میں سے کسی نے بھی اس کے بارہ میں نہ اختلاف کیا ہے اور نہ کریں گے۔ جو شخص اس کا انکار کرتا ہے وہ گمراہ اور گمراہ کرنے والا ہے اور

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

فیہ معربا من صلی فی آخر جمعة من رمضان اربع رکعات قبل الظهر وهو المسمی بالقضاء العمری کانت کفارة لفوائت جمیع عمره قالوا وهذا لا شبهة فیه وهو اتفاقی لم یختلف فیه احد من اهل السنة والجماعة ولا یختلفون ومن انکره فهو ضال مضل و خارج عن دائرة الاسلام واما اداؤها بالجماعة ففیه اختلاف قال بعضهم اداؤها بالجماعة مکروه لان اداء النفل بالجماعة مکروه وقال بعضهم لا یکره اداء الصلوة المذکورة بالوصف المذکور بالجماعة لان فیه دخلا للفوائت واداء الفوائت بالجماعة صحیح غیر مکروه علی ما فی کتب الفقه وبه افتی خلف بن ایوب احد تلامذة الامام الاعظم و ذکر فی فتاوی واجد الدین النسفی ان الاولی فی بلاد العرب ان

---

دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اور رہا اس نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا تو اس بارہ میں علماء کے درمیان اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کا جماعت کے ساتھ ادا کرنا مکروہ ہے کیونکہ نوافل کا جماعت کے ساتھ ادا کرنا مکروہ ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اس کی وصف جو بیان کی گئی ہے اس کی وجہ سے اس کو باجماعت ادا کرنا مکروہ نہیں ہے کیونکہ یہ نماز فوت شدہ نمازوں میں داخل ہے اور اس قول کی وجہ یہ ہے کہ فوت شدہ نمازوں کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا صحیح غیر مکروہ ہے جیسا کہ فقہ کی کتابوں میں مشہور ہے اور اسی پر خلف بن ایوب نے فتویٰ دیا ہے جو کہ امام اعظمؒ کے شاگردوں میں سے ہیں۔

**چوتھی دلیل:** اور واجد الدین نسفی کے فتاویٰ میں نوافل کے باب میں ہے کہ عرب کے علاقہ میں بہتر یہ ہے کہ اس (قضاء عمری کی رکعات) کو اکیلے اکیلے ادا کریں کیونکہ یہ لوگ کلام اور زبان میں فصاحت اور بلاغت رکھتے ہیں اور قرآن کو اچھی طرح پڑھتے ہیں۔ بہرحال عرب کے علاوہ دیگر علاقوں میں بالخصوص ہمارے زمانہ میں زیادہ صحیح اور بہتر یہ ہے کہ جماعت کے ساتھ ادا کریں کیونکہ عجم (غیر عرب) کے اکثر لوگ قرآن کو اس انداز سے نہیں پڑھ سکتے کہ اس کے ساتھ نماز جائز ہو سکے اور

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

یودوها فرادی فرادی لکونہم فصحاء وبلغاء ویقرؤن القر آن باحسن وجه واما فی بلاد العجم لا سیما فی زماننا فالاصح والاولی ان یؤدوها بالجماعة لان اکثرهم لا یعرفون مخارج الحروف ولا یقرؤن القر آن علی الوجه الحسن وفی مفتاح الجنان فضیلت نمازہا کہ قضا بسیار شدہ باشند وعدد آن نداند روز جمعہ پیش از نماز جمعہ یا ہر وقتے کہ تواند چار رکعت نماز بیک سلام بگزارد ودر ہر رکعت بعد از فاتحہ آیتہ الکرسی یک بار وسورۃ الکوثر پانزدہ بار بخواند۔ ابو بکر صدیق ؓ گفت من شنیدم از رسول ہر کہ ایں نماز بگزارد دو بست سال نمازہا کفارہ شوند و بروایت عمرؓ چار صد سال نماز قضا کفارت شوند وبروایت عثمانؓ شش صد سال نمازہا کفارت شوند وبروایت علیؓ ہفت صد سال نمازہا کہ قضا شدہ باشند کفارت شوند یاران پرسیدند یا رسول اللہ عمر آدمی ہفتاد یا ہشتاد سال باشد چندیں نماز

---

حروف کے مخارج کو بھی نہیں پہچانتے۔ انتہی (یہاں تک اوراد راحۃ العابدین کی عبارت مکمل ہو گئی) اور عربی زبان میں اس کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے (آگے عربی عبارت پیش کی ہے جس کا ترجمہ وہی ہے جو اوپر بیان ہو چکا ہے۔ مترجم)

**پانچویں دلیل:** اور مفتاح الجنان میں اس کی فضیلت بیان کی گئی ہے کہ جب فوت شدہ نمازیں بہت سی ہوں اور ان کی تعداد نہ جانتا ہو تو جمعہ کے دن جمعہ کی نماز سے پہلے یا جس وقت بھی ہو سکے، چار رکعت ایک سلام کے ساتھ ادا کرے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد ایک دفعہ آیت الکرسی اور پندرہ دفعہ سورۃ الکوثر پڑھے۔ حضرت ابوبکرؓ صدیق نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جس نے یہ نماز ادا کی تو یہ نماز بائیس سال کی نمازوں کا کفارہ بن جاتی ہے۔ اور حضرت عمرؓ کی روایت کے مطابق چار سو سال کی نمازوں کا اور حضرت عثمانؓ کی روایت کے مطابق چھ سو سال کی نمازوں کا اور حضرت علیؓ کی روایت کے مطابق سات سو سال کی فوت شدہ نمازوں کا کفارہ بن جاتی ہے۔ صحابہؓ نے پوچھا یا رسول اللہ، آدمی کی عمر ستر (۷۰) یا اسی (۸۰) سال ہو گی تو اس قسم کی نماز کیسی ہے؟ تو فرمایا کہ اس کی اپنی اور اس کے ماں باپ اور دادا پردادا اور اولاد کی نمازوں کا کفارہ بھی بن جاتی ہے۔ انتہی (یہاں تک مفتاح

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

چیست؟ فرمود نماز ہائے مادر وپدر وجد وخویش وفرزندان کفارت شوند وقبول افتد انتهى و حاصله معربا ان من فائتت له صلوات كثيرة ولا يعلم عددها فليصل يوم الجمعة قبل صلوة الجمعة او اى وقت شاء اربع ركعات بتحريمة واحدة ويقرء فى كل ركعة بعد الفاتحة آية الكرسى مرة وسورة الكوثر خمس عشر مرة قال ابو بكرؓ سمعت رسول اللّٰه من صلى هذه كانت له كفارة لصلوات اثنتين وعشرين سنة وفى رواية عمرؓ لصلوات اربع مائة سنة وفى رواية عثمانؓ لصلوات ست مائة سنة وفى رواية علىؓ لصلوات سبع مائة سنة قالوا يا رسول اللّٰه انما عمر الانسان سبعون او ثمانون فقال تكون هذه الصلوة كفارة لصلواته الفائتة وفوائت امه وابيه وجده وابنائه وصهره وهذه العبارات قد

---

الجنان کی عبارت مکمل ہو گئی) اور عربی میں اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے (آگے عربی پیش کی ہے جس کا ترجمہ وہی ہے جو بیان ہوا۔ عربی عبارت میں وصهره کے الفاظ بھی ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ قضاء عمری کی چار رکعت ادا کرنے والے کے ماں باپ، دادا پردادا اور اولاد کے علاوہ سسرالی اور دامادی رشتہ داروں کی فوت شدہ نمازوں کا بھی یہ نماز کفارہ بن جاتی ہے۔ مترجم)

اور یہ عبارات مجھے بہت بڑے فاضل جلیل القدر عالم المولوی ابو الطیبات احمد بن المولوی عبد اللہ سکندر پوری ہزاروی نے بتائیں جبکہ وہ میرے پاس شرح ملخص چغمینی وغیرہ جیسی کتابوں کی تکمیل کے لیے حاضر ہوئے اور میرے حلقہ درس میں کافی مدت تک رہے اور اس عرصہ میں جو حاصل کرنا تھا، وہ میرے ہاں انہوں نے حاصل کیا۔ اور وہ رسالہ (جس کی یہ عبارات ہیں) اس علاقہ میں بہت ہی قابل قدر تالیف سمجھا جاتا ہے۔ اور اس نے مجھے بتایا کہ اس کے شہر کے آس پاس کے عوام بلکہ اس کی رہائش گاہ کے پہلو میں کچھ خواص بھی بڑے اہتمام سے اس نماز کا اہتمام کرتے ہیں اور اس کو التزام سے ادا کرتے ہیں بلکہ ان میں سے بعض تو جان بوجھ کر اپنی نمازیں اس خیال سے قضا کرتے ہیں کہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں قضاء عمری پڑھ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith



اوقفنی علیها الفاضل النبیل العالم الجلیل المولوی ابو الطیبات احمد ابن المولوی عبد اللہ السکندر فوری الهزاروی حین حضر عندی لتکمیل بقیة کتبه کشرح ملخص الجغمینی وغیر ذلک وقام فی مجالس درسی مدة وحصل عندی ما حصل برهة وهو الذی اثر علی التالیف رسالة فیما هنا لک وذکر لی ان عوام اطراف بلدته بل بعض خواص اکناف مستقره یهتمون بهذه الصلوة غایة الاهتمام و یودونها بالالتزام بل منهم من یقضی صلواته عمدا ظنا انه یصلی القضاء العمری فی جمعة رمضان فیکون ذلک کفارة واقول معتصما بحبل اللہ المتین کل ما یفعلونه ویعتقدونه من حرکات الغافلین اما صنیعهم من ترک الصلوة عمدا متعمدا" علی القضاء العمری فهو من

---

لیں گے تو وہ ان نمازوں کا کفارہ ہو جائے گی۔

## دلائل کے جوابات

میں اللہ تعالیٰ کی مضبوط رسی کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے کہتا ہوں کہ یہ سارا کچھ جو وہ کرتے ہیں اور اس کا اعتقاد رکھتے ہیں' یہ نادان لوگوں کی حرکات میں سے ہے۔

## قضاء عمری کی خاطر جان بوجھ کر نماز قضا کرنا

بہرحال قضاء عمری کی خاطر جان بوجھ کر نمازیں قضا کرنے کی کارروائی تو بہت قبیح بات ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ آدمی اور کفر کو ملانے والی چیز نماز کا چھوڑنا ہے۔ اس روایت کو امام احمدؒ نے نقل کیا ہے اور مسلم کی روایت میں ہے کہ کفر و ایمان اور آدمی کے درمیان نماز کا چھوڑنا ہے (یعنی نماز چھوڑنے والا کفر کی جانب اور نماز ادا کرنے والا ایمان کی جانب ہوگا۔ مترجم)

اور ابوداؤد ونسائی کی روایت میں ہے کہ بندے اور کفر کو ملانے والی چیز صرف

اقبح القبائح فقد ورد عن النبی صلعم بین الرجل والکفر ترک الصلوة اخرجه احمد وفی روایة مسلم بین الرجل وبین الشرک والکفر ترک الصلوة وفی روایة ابی داؤد والنسائی لیس بین العبد وبین الکفر الا ترک الصلوة وفی روایة الترمذی بین الکفر والایمان ترک الصلوة وفی روایة الطبرانی من ترک الصلوة متعمدا فقد کفر جهارا وفی روایة ابن ماجة والبیهقی من ترکها متعمدا فقد برئت منه الذمة وعند البزار سند حسن من ترک الصلوة لقی الله وهو علیه غضبان وعند البزار لا سهم فی الاسلام لمن لا صلوة له ولا صلوة لمن لا وضوء له وفی الباب اخبار کثیرة وآثار شهیرة قال ابن حجر المکی الهیثمی فی الزواجر عن اقتراف الکبائر بعد ذکر کثیر منها

---

نماز کو چھوڑنا ہے۔ اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ کفر اور ایمان کے درمیان فرق کرنے والی چیز نماز کا چھوڑنا ہے۔ اور طبرانی کی روایت میں ہے جس نے جان بوجھ کر نماز چھوڑی، اس نے کھلے طور پر کفر کیا۔ اور ابن ماجہ اور بیہقی کی روایت میں ہے جس نے نماز کو جان بوجھ کر چھوڑا تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے بری ہو جاتا ہے۔ اور مسند بزار میں حسن درجہ کی سند کے ساتھ روایت ہے کہ جس نے نماز کو چھوڑا تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ رب تعالیٰ اس پر ناراض ہوں گے۔ اور مسند بزار میں یہ روایت بھی ہے کہ جس نے نماز نہ پڑھی، اس کا اسلام میں کوئی حصہ ہی نہیں ہے اور جس نے وضو نہ کیا تو اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔ اس بارہ میں احادیث بکثرت اور مشہور اقوال موجود ہیں۔

ابن حجر المکیؒ الهیثمی نے اپنی کتاب الزواجر عن اقتراف الکبائر میں اس بارہ میں بہت سے اقوال ذکر کرنے کے بعد فرمایا کہ نماز چھوڑنے والے کے کافر ہو جانے کے بارہ میں علماء کا اختلاف ہے اور پہلے بہت سی احادیث میں اس کے کافر اور مشرک ہو جانے کی تصریح گزر چکی ہے۔ اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا ذمہ اس سے بری ہو جاتا ہے اور اس کے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں اور یہ بھی کہ بے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

اختلف العلماء ومن بعدهم فی کفر تارک الصلوة وقد مر فی الاحادیث الکثیرة السابقة التصریح بکفره وشرکه وخروجه عن الملة وبانه تبرا منه ذمة اللّٰه ورسوله وبانه یحبط عمله وبانه لا دین له وبانه لا ایمان له وبنحو ذلک ومن التغلیظات واخذ بظاهره جماعة من الصحابة والتابعین ومن بعدهم فقالوا من ترک صلوة متعمدا حتی خرج جمیع وقتها کان کافرا مراق الدم منهم عمر وعبد الرحمٰن بن عوف ومعاذ بن جبل وابو هریرة وابن مسعود وابن عباس وجابر وابو الدرداء ومن غیر الصحابة احمد بن حنبل و اسحق بن

---

نماز کا نہ کوئی دین ہے اور نہ کوئی ایمان اور اس جیسی اور بھی تشدیدات مذکور ہیں۔

اور حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعین کی ایک جماعت نے ان روایات کے ظاہر کو لیتے ہوئے یہ قول کیا کہ جس نے نماز کو جان بوجھ کر چھوڑا یہاں تک کہ نماز کا سارا وقت نکل گیا تو وہ شخص کافر اور مباح الدم ہو جاتا ہے۔ یہ قول کرنے والے صحابہ میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ' حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور صحابہ کے علاوہ دیگر بزرگان دین میں سے امام احمد بن حنبلؒ' امام اسحٰق بن راہویہؒ' امام عبد اللہ بن المبارکؒ' امام نخعیؒ' امام ابن عیینہؒ' امام ایوب سختیانیؒ' امام ابو داؤد الطیالسیؒ' امام ابو بکر ابن ابی شیبہؒ اور زہیر بن حربؒ وغیرہم ہیں۔ یہ سب بزرگ جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے کے کفر اور اس کے مباح الدم ہونے کے قائل ہیں۔ اور محمد بن نصر المروزی نے فرمایا ہے کہ امام اسحٰق نے کہا کہ نبی کریم ﷺ سے صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ نماز چھوڑنے والا کافر ہے۔

بہرحال امام شافعیؒ اور دوسرے حضرات اگرچہ تارک صلوٰۃ کے کافر ہونے کے قائل نہیں جبکہ وہ ترک کو حلال نہ سمجھتا ہو' وہ اس کے قائل ہیں کہ ایک نماز کو چھوڑنے کی وجہ سے اس کو قتل کر دیا جائے۔ پس جب ایک شخص کو وقت کے اندر اندر نماز کا حکم دیا گیا اور اس نے نماز نہ پڑھی یہاں تک کہ وقت نکل گیا پھر اسے کہا گیا تو اس نے انکار کر دیا تو اس کی گردن تلوار سے اڑا دی جائے۔ انتھی (یہاں

راھویه وعبد اللّٰه بن المبارک والنخعی وابن عیینة وایوب السختیانی و ابو داؤد الطیالسی وابو بکر بن ابی شیبة وزھیر بن حوب و غیرھم فھولاء الائمة قائلون بکفر تارک الصلوة ویاباحة دمه وقال محمد بن نصر المروزی قال اسحق صح عن النبی صلعم ان تارک الصلوة کافر واما الشافعی و آخرون فانھم وان قالوا بعدم کفره اذا لم یستحل الترک لکنھم قائلون بانه یقتل بترک صلوة واحدة فاذا امر بھا فی وقتھا حتی خرج ولم یصلھا ثم قیل له صلھا وابی ضرب عنقه بالسیف انتھی واما اعتقادھم فی ان صلوة رمضان وان کانت فریضة فضلا عن غیرھا تعدل کثیرا من الصلوات فھو قبیحة ثانیة قال فی الفتاوی البزازیة لا یصلی الا فی رمضان لا غیره ویقول این

تک ابن حجر مکی کی عبارت مکمل ہو گئی)

## رمضان المبارک کی نماز کو باقی بہت سی نمازوں کی جگہ قرار دینے کا نظریہ

بہرحال ان کا یہ اعتقاد کہ رمضان المبارک کی نماز اگرچہ فرض ہے مگر غیر رمضان کی نماز پر فضیلت رکھتی ہے اور بہت سی نمازوں کے برابر ہوتی ہے تو یہ دوسری خرابی ہے۔ (یعنی رمضان المبارک کی نماز کو تعداد میں بہت سی نمازوں کی جگہ سمجھنا کہ اس کی ایک نماز ذمہ میں ستر نمازوں کی جگہ کافی ہے تو یہ درست نہیں ہے)

فتاویٰ بزازیہ میں ہے کہ کوئی شخص صرف رمضان المبارک میں نماز پڑھتا ہے' اس کے علاوہ نہیں پڑھتا اور کہتا ہے کہ یہی بہت ہے یا کہتا ہے کہ رمضان میں ایک نماز ستر نمازوں کے برابر ہوتی ہے۔(تو باقی دنوں میں نماز کی ضرورت نہیں) تو ایسا شخص کافر ہو جاتا ہے۔ انتھی (یہاں تک فتاویٰ بزازیہ کی عبارت مکمل ہو گئی ہے) اور فصول العمادیہ میں ہے کہ ایک شخص صرف رمضان میں نماز پڑھتا ہے باقی دنوں میں نہیں پڑھتا اور کہتا ہے کہ یہی بہت ہے یا کہتا ہے کہ زندگی بھر کی نمازوں کا جو ثواب بنتا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

خود بسیار ست او یقول صلوۃ فی رمضان تعدل سبعین صلوۃ یکفر انتھی و فی الفصول العمادیۃ رجل یصلی فی رمضان لا غیر ویقول ایں خود بسیار ست او یقول زیادت می آید لان کل صلوۃ فی رمضان یساوی سبعین صلوۃ یکفر انتھی ومثلہ فی جامع الفصولین وفی خزانۃ المفتین رجل یصلی فی رمضان لا غیر ویقول ایں خود بسیار ست او صلی الی غیر القبلۃ متعمدا فوافق ذلک القبلۃ او صلی بغیر وضوء متعمدا او صلی الی غیر القبلۃ علی وجہ الاستھزاء والا ستخفاف صار کافرا فی الفصول کلھا انتھی وفی کشف الوقایۃ رجل صلی فی رمضان لا غیرہ ویقول ایں خود بسیارست او یقول زیادت می آید لان کل صلوۃ فی رمضان یساوی سبعین صلوۃ یکفر انتھی وفی الفتاوی

---

ہے' اس سے زیادہ حاصل ہو گیا ہے اس لیے کہ رمضان میں ہر نماز ستر نمازوں کے برابر ہوتی ہے (تو سال بھر میں فجر کی مثلاً" تین سو ساٹھ نمازیں ذمہ ہوتی ہیں جبکہ رمضان المبارک کے تیس ایام میں فجر کی نمازیں ادا کرنے سے اکیس سو بن جاتی ہیں۔ مترجم) تو ایسا قول کرنے کی وجہ سے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ انتھی (الفصول العمادیہ کی عبارت مکمل ہو گئی) اور اسی کے مثل جامع الفصولین میں ہے۔

اور خزانۃ المفتین میں ہے کہ ایک شخص صرف رمضان میں نماز پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ یہی بہت ہے یا جان بوجھ کر قبلہ کی بجائے دوسری طرف نماز پڑھتا ہے مگر اتفاق سے اس کا منہ قبلہ کی طرف ہی ہوا یا جان بوجھ کر بے وضو نماز پڑھتا ہے یا مذاق یا استخفاف کے طور پر قبلہ کے علاوہ کسی دوسری جانب منہ کر کے نماز پڑھتا ہے تو ان تمام صورتوں میں وہ کافر ہو جاتا ہے۔ انتھی (خزانۃ المفتین کی عبارت مکمل ہوئی) اور کشف الوقایہ میں ہے کہ ایک آدمی صرف رمضان میں نماز پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ یہی بہت ہے یا کہتا ہے کہ اصل سے زیادہ حاصل ہو گیا ہے اس لیے کہ رمضان میں ہر نماز ستر نمازوں کے برابر ہو جاتی ہے تو ایسا شخص کافر ہو جاتا ہے۔ انتھی (کشف الوقایہ کی عبارت مکمل ہوئی) اور فتاوٰی عالمگیریہ میں ہے کہ ایک آدمی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

العالمگیریة رجل یصلی فی رمضان لا غیر ویقول ایں خود بسیار ست او یقول زیادت می آید لان کل صلوة فی رمضان تساوی سبعین صلوة یکفر انتهی فان قلت کیف هذا وقد اخرج العقیلی وضعفه وابن خزیمة فی صحیحه والبیهقی والخطیب والاصبهانی فی الترغیب عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللّٰه صلعم فی آخر یوم من شعبان فقال یا ایها الناس قد اظلکم شهر عظیم شهر مبارک شهر فیه لیلة خیر من الف شهر جعل اللّٰه صیامه فریضة و قیام لیله تطوعا من تقرب فیه بخصلة من الخیر کان کمن ادی فریضة فیما سواه ومن ادی فریضة فیه کان کمن ادی سبعین فریضة فیما سواه الحدیث ذکره بطوله الحافظ السیوطی فی تفسیره الدر المنثور قلت هذا امر

---

صرف رمضان المبارک میں نماز پڑھتا ہے اور کہتا ہے کہ یہی بہت ہے یا کہتا ہے کہ اصل سے زیادہ حاصل ہو گیا ہے اس لیے کہ رمضان میں ہر نماز ستر نمازوں کے برابر ہوتی ہے تو ایسا شخص کافر ہو جاتا ہے۔ انتہی (فتاویٰ عالمگیریہ کی عبارت مکمل ہوئی)

**اعتراض:** پس اگر آپ یہ اعتراض کریں کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے (کہ رمضان کی نماز کو غیر رمضان کی ستر نمازوں کے برابر قرار دینے والے کو کافر کہا جائے) حالانکہ عقیلیؒ نے حدیث پیش کی ہے اور اس کو ضعیف کہا ہے اور ابن خزیمہؒ نے اپنی صحیح میں اور امام بیہقیؒ اور خطیب بغدادیؒ نے اپنی کتابوں میں اور اصبہانیؒ نے الترغیب میں حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت نقل کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں شعبان کے آخری دن خطبہ دیا تو فرمایا "اے لوگو! بیشک عظیم اور مبارک مہینہ آگیا ہے۔ یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے روزوں کو فرض اور رات کے قیام کو نفل قرار دیا ہے۔ جو شخص نیکی کے کسی نفلی عمل کے ذریعہ تقرب حاصل کرے تو وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے غیر رمضان میں فرض ادا کیا اور جس نے رمضان میں کوئی فریضہ ادا کیا تو وہ ایسے شخص کی طرح ہے جس نے غیر رمضان میں ستر فرائض ادا کیے ہوں۔ (الحدیث) حافظ سیوطیؒ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

آخر فانهم لا ینکرون فضل صلوۃ رمضان وبلوغ فرضه ثوابا الی سبعین فریضة فی غیر رمضان بل غرضهم ابطال قول من یقول ان صلوۃ رمضان تعدل سبعین صلوۃ معادلة حقیقیة ویقوم مقامها وانها مجزیة عن سبعین صلوۃ وانما حکموا بکفر من اعتقد هذا وترک الصلوۃ متعمدا علی هذا لا بکفر من اعتقد حصول زیادة الثواب فانه فضل العزیز الوهاب ولهذا قال علی القاری فی المرقاۃ شرح المشکوۃ عند البحث فی مضاعفة الثواب فی مسجد مکة والمدینة ثم المراد بالتضعیف السابق فی الاجر دون الاجزاء باتفاق العلماء فالصلوۃ فی احد المساجد الثلاثة لا یجزی عن اکثر من واحدة اجماعا وما اشتهر علی السنة العوام ان من صلی داخل الکعبة اربع

---

نے اپنی تفسیر در منثور میں اس روایت کو تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

**جواب:** میں اس اعتراض کے جواب میں کہتا ہوں کہ یہ اور معاملہ ہے۔ (یعنی رمضان المبارک کی نماز کو باقی دنوں کی نماز سے اجر وثواب میں ستر گنا ماننا اور بات ہے اور رمضان المبارک کی نماز کو ستر نمازوں کی جگہ قرار دے کر نمازوں کو چھوڑنا اور بات ہے) پس بیشک یہ (علماء جن کے اقوال نقل کیے گئے ہیں) نہ تو رمضان کی فضیلت کا انکار کرتے ہیں اور نہ ہی اس کا ثواب غیر رمضان کی ستر نمازوں کے برابر ہونے کا انکار کرتے ہیں بلکہ ان حضرات کا مقصد ان لوگوں کے قول کو باطل کرنا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ رمضان کی نماز حقیقتاً ستر نمازوں کے برابر ہو جاتی ہے اور یہ نماز ان کے قائم مقام ہوتی ہے اور ستر نمازوں کے بدلے کافی ہوتی ہے اور پختہ بات ہے کہ ان حضرات نے ایسے شخص پر کفر کا حکم لگایا ہے جو اس کا اعتقاد رکھتا ہے اور اس وجہ سے جان بوجھ کر نماز کو چھوڑتا ہے۔ اس شخص پر کفر کا حکم نہیں لگاتے جو ثواب کے زیادہ حاصل ہونے کا اعتقاد رکھتا ہے کیونکہ یہ تو عزیز اور وہاب ذات کی جانب سے فضل ہے۔ اور اسی لیے ملا علی قاریؒ نے المرقاۃ فی شرح المشکوۃ میں مکہ اور مدینہ کی مساجد میں نماز کا ثواب کئی گنا زیادہ ہونے کی بحث کرتے ہوئے فرمایا کہ جس تضعیف (کئی گنا ثواب) کا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

رکعات یکون قضاء الدهر باطل لا اصل له انتهی واما ظنهم بان صلوۃ واحدۃ او صلوات خمسۃ تجزی عن جمیع فوائت عمرہ فھو شناعۃ ثالثۃ لوجوہ احدھا ان ھذا امر لم یعھد نظیرہ فی الشرع فلم یرد فیہ عبادۃ تکون قائمۃ مقام عبادات کثیرۃ و مجزیۃ عنھا وثانیھا ان القضاء دین من دیون اللہ فی ذمۃ عبادہ وقد تقرر فی مقرہ ان الدین لا یسقط عن ذمۃ المدیون الا بالاداء او الابراء ومن المعلوم ان اداء صلوۃ واحدۃ او صلوات خمسۃ لیس باداء لصلوات کثیرۃ ولم یوجد الابراء فکیف یصح الاجزاء وثالثھا ان القضاء عبارۃ عن تسلیم مثل الواجب کما نصت علیہ ائمۃ الاصول والمثلیۃ بین صلوۃ واحدۃ او صلوات خمسۃ لصلوات کثیرۃ غیر معقول الا تری انہ لو ادی من

---

پہلا ذکر ہوا ہے' اس کے بارہ میں علماء کا اتفاق ہے کہ اس سے مراد اجر میں تضعیف ہے نہ کہ اجزاء میں۔ پس ان تین مساجد (مسجد حرام' مسجد نبوی' مسجد اقصیٰ) میں سے کسی ایک میں ایک نماز بالاجماع صرف ایک ہی نماز ہوگی' ایک سے زائد کی جانب سے کافی نہ ہوگی۔ اور بہرحال جو لوگوں کی زبان پر مشہور ہے کہ جس نے کعبہ کے اندر چار رکعت ادا کیں تو وہ زندگی بھر کی نمازوں کی قضا بن جاتی ہے تو یہ نظریہ باطل ہے۔ اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ انتھی (حضرت ملا علی قاریؒ کی عبارت مکمل ہوئی)

## ایک نماز یا پانچ نمازوں کو عمر بھر کی نمازوں کی قضا سمجھنے کا نظریہ

اور بہرحال ان لوگوں کا خیال کہ بیشک ایک نماز یا پانچ نمازیں ساری عمر کی فوت شدہ نمازوں کی جانب سے کافی ہو جاتی ہیں تو یہ تیسری خرابی ہے۔ اور یہ کئی وجہ سے قبیح ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith



عليه اربع ركعات ثلاث ركعات او خمس ركعات لا يكون ذلك مجزيا فكيف يكون فى ركعات عديدة اجزاء عن آلاف ركعة ورابعها ان قضاء الفرض فرض بالنص ومن المعلوم ان الفروض متزاحمة فلا بد من تعيين ما يريد ادائه حتى تبرء ذمته فان فرضا من الفروض لا يتادى بنية فرض آخر كما نص عليه فى التبيين فكيف يمكن ان تتادى صلوات كثيرة غير معينة بصلوة واحدة وخامسها انه ذكر فى الظهيرية والبحر الرائق وغيرهما انه لو كانت الفوائت كثيرة فاشغل بالقضاء يحتاج الى تعيين الظهر والعصر و ينوى ايضا ظهر يوم كذا فان اراده تسهيل الامر ينوى اول ظهر عليه او آخر ظهر عليه انتهى فكيف يمكن ان تبرء الذمة بالواحدة

---

پہلی وجہ : بیشک یہ ایسی بات ہے جس کی مثال شریعت میں نہیں ملتی کیونکہ شریعت میں کوئی ایک عبادت ایسی نہیں ہے جو کئی عبادات کے قائم مقام ہو اور ان کی جانب سے کافی ہو۔

دوسری وجہ : بیشک قضا تو اللہ تعالٰی کا بندے کے ذمہ قرض ہے اور یہ بات اپنے مقام میں پختہ ہے کہ بیشک قرض مدیون کے ذمہ سے صرف ادا کرنے یا صاحب حق کے بری کرنے کے ساتھ ہی ساقط ہوتا ہے اور یہ واضح بات ہے کہ ایک نماز یا پانچ نمازوں کا ادا کرنا بندے کے ذمہ بے شمار نمازوں کا ادا کرنا تو قرار نہیں پاتا۔ اور صاحب حق کی جانب سے بری کرنا بھی نہیں پایا گیا تو یہ (قضاء عمری) کیسے ان تمام نمازوں کی جانب سے کافی ہو سکتی ہے؟

تیسری وجہ : بیشک قضا تو کہتے ہیں کہ جو چیز ذمہ میں واجب ہے' اس کا مثل صاحب حق کو سونپنا جیسا کہ ائمہ اصول نے صراحت کی ہے اور ایک نماز یا پانچ نمازوں کو ذمہ میں بے شمار نمازوں کے مثل قرار دینا غیر معقول بات ہے اس لیے کہ جس آدمی کے ذمہ چار رکعت ہوں اگر وہ تین رکعت یا پانچ رکعت ادا کر دے تو یہ جائز نہ ہوں گی تو چند رکعات کیسے ہزارہا رکعات کی جانب سے کافی ہو سکتی ہیں؟

والخمسة عن الكثيرة الغير المتعينة وسادسها انه ورد فی الحدیث الصحیح انما الا عمال بالنیات وانما لکل امرء ما نوی اخرجه البخاری فی بدء صحیحه وفی کتاب الایمان والعتق والهجرة والنکاح والایمان والنذور وترک الحیل ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجة واحمد والدار قطنی وابن حبان والبیهقی وغیرهم ولم یخرجه مالک فی موطاه کذا ذکره القسطلانی فی ارشاد الساری شرح صحیح البخاری ولم یصب فی قوله لم یخرجه مالک فی موطاه وقد تبع فیه الحافظ ابن حجر العسقلانی حیث قال فی فتح الباری وغیره کذلک فان هذا الحدیث موجود فی موطا مالک یرویه محمد بن الحسن وقد وضحت ذلک فی حاشیتی علیها المسماة بالتعلیق

---

**چوتھی وجہ:** بیشک فرض نماز کی قضا کا فرض ہونا نص سے ثابت ہے اور یہ بات واضح ہے کہ جب فرائض ایک ہی جیسے اکٹھے اور متزاحم ہوں تو ادا کرتے وقت تعیین ضروری ہے کہ ان میں سے کون سا فرض ادا کر رہا ہے تا کہ وہ اس کے ذمہ سے بری ہو جائے اور یہ بات بھی ہے کہ ایک فرض دوسرے فرض کی نیت کے ساتھ ادا نہیں ہوتا (مثلاً" عصر کی نماز کی نیت سے ظہر کی نماز پڑھنا) جیسا کہ تبیین میں اس کی صراحت موجود ہے۔ (جب فرض کی قضا اور اس کی تعیین ضروری ہے اور ایک فرض دوسرے فرض کی نیت سے ادا نہیں ہوتا) تو ایک نماز پڑھنے کی وجہ سے بے شمار غیر معینہ نمازیں کیسے ادا ہو سکتی ہیں؟

**پانچویں وجہ:** بیشک فتاویٰ ظہیریہ اور البحر الرائق وغیرہما میں ہے کہ اگر فوت شدہ نمازیں بہت سی ہوں اور آدمی ان کی قضا کرنا چاہتا ہو تو ظہر اور عصر کو متعین کرنا اور یہ بھی کہ یہ فلاں دن کی ظہر ہے' اس کا تعین ضروری ہے۔ پس اگر وہ اس معاملہ میں آسانی چاہتا ہے تو نیت کرے کہ جو اس کے ذمہ پہلی ظہر ہے' وہ ادا کرتا ہوں یا جو آخری ظہر ہے' وہ ادا کرتا ہوں (اگر اس نے یہ نیت کی کہ پہلی ظہر کی نماز جو اس کے ذمہ ہے' وہ پڑھتا ہوں تو اس کے پڑھنے کے بعد اس سے بری ہو گیا اور باقی ظہر کی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith



الممجد علی موطا محمد وھذا الحدیث یدل علی ان ثواب الاعمال او صحۃ الاعمال موقوف علی النیۃ وان المرء لا یخلص لہ الا ثواب ما نوی او صحۃ ما نوی لا غیرہ فکیف یمکن ان تتادی فوائت کثیرۃ بصلوۃ ادیت بنیۃ النفل فانما لکل ما نویٰ وقد ذکر فی فتح القدیر فی باب الوتر عن التجنیس وغیرہ ان الفرض لا یتادی بنیۃ النفل ویجوز عکسہ انتھی فان قالوا نحن ننوی معہ قضاء عمریا فتتادی بہ قلت ھذہ النیۃ لا مثل لھا فی الشرع وھل ذالک الا کمن نوی بصیام واحد اداء صیامات متعددۃ او بحج واحد حجات کثیرۃ وسابعھا انہ اخرج الثوری فی جامعہ عن ابراھیم النخعی قال من ترک صلوۃ واحدۃ عشرین سنۃ ثم لم یعد الا تلک الصلوۃ الواحدۃ وذکرہ البخاری

---

نمازیں اس کے ذمہ ہیں' ان کے ادا کرنے میں بھی اسی طرح نیت کرے حتیٰ کہ اس کی ظہر کی تمام نمازیں جو اس کے خیال کے مطابق اس کے ذمہ ہیں' وہ مکمل ہو جائیں اور اسی طرح باقی نمازوں میں بھی یہی طریق اختیار کرے۔ مترجم) تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک نماز یا پانچ نمازوں کے ادا کرنے سے وہ بہت سی غیر معینہ نمازوں سے بری الذمہ ہو جائے۔

**چھٹی وجہ :** اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور پختہ بات ہے کہ ہر آدمی کے لیے وہی کچھ ہے جو اس نے نیت کی۔ اس روایت کو امام بخاریؒ اپنی صحیح کی ابتدا میں اور کتاب الایمان' کتاب العتق' کتاب الھجرۃ' کتاب النکاح' کتاب الایمان والنذور اور ترک الحیل میں متعدد بار لائے ہیں۔ اور اس روایت کو امام مسلمؒ' ترمذیؒ' نسائیؒ' ابن ماجہؒ' احمدؒ' دار قطنیؒ' ابن حبانؒ اور بیہقیؒ وغیرہم نے بھی ذکر کیا ہے۔ علامہ قسطلانیؒ نے بخاری کی شرح ارشاد الساری میں ذکر کیا ہے کہ امام مالکؒ نے اپنی کتاب موطا میں اس روایت کو ذکر نہیں کیا (تو یہ درست نہیں ہے) اور یہ بات علامہ قسطلانیؒ نے علامہ ابن حجر عسقلانیؒ کی پیروی کرتے ہوئے لکھ دی ہے کیونکہ انہوں نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ امام مالکؒ نے یہ روایت پیش نہیں

فی صحیحه تعلیقا واخرج البخاری عن انس قال قال رسول الله صلعم من نسی صلوة فلیصل اذا ذکرها لا کفارة لها الا ذالک وفی روایة مسلم عن ابی هریرة من نسی الصلوة فلیصلها اذا ذکرها فان الله یقول اقم الصلوة لذکری وفی روایة له عن ابی قتادة فی حدیث طویل اما انه لیس فی النوم تفریط انما التفریط علی من لم یصل الصلوة حتی یجئی وقت الصلوة الاخری فمن فعل ذلک فلیصلها حین ینتبه لها وفی روایة عن انس مرفوعا من نسی صلوة فلیصلها اذا ذکرها لا کفارة لها الا ذلک وفی روایة له عنه من نسی صلوة او نام عنها فکفارتها ان یصلیها اذا ذکرها وفی روایة له عنه اذا رقد احدکم عن الصلوة او غفل عنها فلیصلها اذا ذکرها وکذلک اخرجه اصحاب

---

کی مگر ان حضرات کا یہ کہنا درست نہیں ہے اس لیے کہ یہ روایت موطا کے اس نسخہ میں موجود ہے جو امام محمد بن الحسن کی روایت سے ہے' اور میں نے موطا امام محمد پر جو حاشیہ التعلیق الممجد لکھا ہے' اس میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔

اور یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اعمال کے ثواب یا اعمال کی صحت کا دارومدار نیت پر ہے اور بیشک آدمی کو اسی چیز کا ثواب ملے گا جس کی اس نے نیت کی ہو تو آدمی کا وہی عمل صحیح ہوگا جس کی اس نے نیت کی۔ تو کیسے ہو سکتا ہے کہ بہت سی فوت شدہ فرض نمازیں نفل کی نیت سے ادا کی جانے والی ایک ہی نماز سے ادا ہو جائیں۔ حالانکہ حدیث کے الفاظ ہیں وانما لکل امرء ما نوی (تو جب نیت نفل کی ہوگی تو وہ نماز نفل ہی ادا ہوگی' فرائض ادا نہیں ہوں گے) اور فتح القدیر باب الوتر میں تجنیس وغیرہ کے حوالہ سے ذکر کیا گیا ہے کہ بے شک نفل کی نیت سے فرض ادا نہیں ہوتا۔ اور اس کا عکس ہو سکتا ہے۔ انتھی (فتح القدیر کی عبارت مکمل ہوئی) (یہ اس صورت میں ہے جبکہ ادائیگی کا وقت شرعا" فرض کے لیے ہی متعین نہ ہو جیسا کہ نمازوں کے اوقات فرائض ہی کے لیے متعین نہیں بلکہ ان میں نوافل بھی ادا کیے جا سکتے ہیں تو ان میں نفل کی نیت سے فرض ادا نہیں ہوگا۔ اور اگر شرعا" وہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

السنن الاربعة وغيرهم بالفاظ متقاربة فهذه الاخبار الصحاح شاهدة على فساد ما يعتقلونه لانها دالة على ان الفائتة لا تتادى الا بادائها بنفسها ولا كفارة لها الا ذلک وانه لا يقوم شئی آخر مقامها واما ظنهم ان مثل هذه الصلوة تكون مجزية عن فوائت الاباء والاجداد والاولاد والاحفاد فهو شناعة رابعة بل هو اضحوكة للناظرين ومزخرفة عند العاقلين فانهم ان ارادوا به ان ثوابها يصل اليهم فهو ليس بصحيح فان ثواب العبادة انما يكون لمن يكتسبها لا لغيره بنص قوله تعالى لها ما كسبت و عليها ما اكتسبت وكذا قول بعض العلماء الى ان ثواب عبادة الصبى يكون للولى رده المحققون بان الولى انما يثاب ثواب التحريض والتسبيب واما ثواب نفس العبادة

---

وقت فرض کے لیے متعین ہو تو اس صورت میں نفل کی نیت سے فرض ادا ہو جاتا ہے جیسا کہ رمضان کا روزہ تندرست اور مقیم آدمی نفل کی نیت سے رکھے تو عند الاحناف وہ فرض ہی ادا ہوگا۔ مترجم)

**اعتراض:** پس اگر یہ حضرات یہ کہیں کہ ہم تو (نفل کی نیت نہیں کرتے بلکہ) قضاء عمری کی نیت کرتے ہیں تو وہ اس کے ساتھ ادا ہو جائیں گی۔

**جواب:** تو جواب میں کہتا ہوں کہ ایسی نیت کی شریعت میں کوئی اصل موجود نہیں ہے۔ یہ تو اس طرح ہے جیسے ایک روزہ رکھ کر کئی روزوں کی نیت کرنا یا ایک حج کر کے کئی حج کی نیت کرنا (تو جیسے یہ بالاتفاق درست نہیں ہے اسی طرح ایک نماز سے یا پانچ نمازوں سے بے شمار فوت شدہ نمازیں بھی ادا نہیں ہوں گی)

**ساتویں وجہ:** بیشک امام ثوریؒ نے اپنی جامع میں حضرت امام ابراہیم نخعیؒ سے روایت نقل کی ہے کہ جس نے ایک نماز بیس سال تک چھوڑے رکھی تو وہ صرف اسی نماز کا اعادہ کرے (یعنی بیس سال کا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی وہ نماز اس کے ذمہ رہے گی اور وہ اس کو ادا کرے گا' اس کے علاوہ اس پر کوئی کفارہ نہیں ہے) اور امام بخاریؒ نے تعلیقاً اپنی صحیح میں اس کو ذکر کیا ہے۔ اور امام بخاریؒ نے حضرت انسؓ سے روایت نقل کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی نماز کو ادا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

فلا على ما هو مبسوط فى حواشى التلويح وغيرها فان قصدوا ان ثوابها يصل اليهم بايصاله اليهم فهو وان كان صحيحا لكن خارج عن البحث مع انه ليس مختصا بالاباء والاولاد بل يصل ثواب العبادة اى عبادة كانت الى من اوصل ثوابها اليه وان كان اجنبيا وان ارادوا به ان هذه الصلوة تكون مجزية و كفارة عن فوائت الاباء والاولاد فهو مخالف لقوله تعالى لها ما كسبت و عليها ما اكتسبت والحديث اذا مات ابن آدم انقطع عمله الا من ثلاث صدقة جارية او علم ينتفع به او ولد صالح يدعوا له اخرجه ابن ماجة و مسلم وغيرهما و لقول الفقهاء النيابة لا تجرى فى العبادات البدنية بل فى المالية وقد ذكر فى الدر المختار والبحر الرائق وغيرهما لو

---

کرنا بھول گیا تو جب اس کو یاد آئے' تو اس نماز کو پڑھے۔ اس کا صرف یہی کفارہ ہے اور مسلمؒ کی روایت حضرت ابو ہریرہؓ سے ہے کہ جو شخص نماز ادا کرنا بھول جائے تو جب اس کو یاد آئے تو اس کو ادا کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے (حضور علیہ السلام کو) فرمایا ہے کہ میری یاد کے لیے نماز قائم کر۔ اور اسی مسلم میں حضرت ابو قتادہؓ کی ایک طویل حدیث میں ہے کہ نیند کی وجہ سے کوتاہی نہیں ہے۔ پختہ بات ہے کہ کوتاہی تو اس صورت میں ہے جبکہ آدمی بیدار ہو اور وہ نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت آ جائے۔ پس جب اس نے ایسا کیا تو جب اس کو متنبہ کیا جائے تو وہ اس نماز کو پڑھے۔ اور حضرت انسؓ سے مرفوعاً" ایک روایت میں ہے جو شخص نماز ادا کرنا بھول جائے تو جب اس کو یاد آئے تو اس نماز کو پڑھے۔ اس کی نماز کا صرف یہی کفارہ ہے (کہ اس کو ادا کر لیا جائے)

اور مسلم شریف کی حضرت انسؓ ہی سے ایک روایت میں ہے جو شخص نماز ادا کرنا بھول گیا یا سویا رہا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ یاد آنے پر اس کو پڑھے۔ اور مسلم شریف کی حضرت انسؓ ہی سے ایک روایت میں ہے جب کوئی شخص تم میں سے نماز ادا کرنے کے وقت میں سویا رہا یا غافل رہا تو جب اس کو یاد آئے تو اس نماز کو پڑھے۔ اور اسی طرح اصحاب سنن (نسائی' ترمذی' ابو داؤد اور ابن ماجہ) وغیرہم نے ملتے جلتے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

قضاها ورثته بامره لم يجز انتهى وقد اخرج النسائى فى السنن الكبرى باسناد صحيح عن ابن عباس قال لا يصلى احد عن احد ولا يصوم احد عن احد وروى عبد الرزاق مثله من قول ابن عمر ذكره ابن حجر فى تلخيص الحبير بتخريج احاديث شرح الرافعى الكبير واما اداؤهم هذه الصلوة وهى قضاء لكل فائتة عندهم فى المسجد فهو شناعة خامسة لما قال فى البحر الرائق اذا فاتت صلوة عن وقتها ينبغى ان يقضيها فى بيته ولا يقضيها فى المسجد انتهى وفى الدر المختار ينبغى ان لا يطلع غيره على قضائه لان التاخير معصية فلا يظهرها انتهى وقال فى رد المحتار تقدم فى باب الاذان انه يكره قضاء الفائتة فى المسجد وعلله الشارح البارح بما ههنا ان

---

الفاظ کے ساتھ اس روایت کو ذکر کیا ہے۔ پس یہ صحیح احادیث ان لوگوں کے اعتقاد کے فساد پر شاہد ہیں اس لیے کہ ان احادیث میں یہ ہے کہ فوت شدہ نمازیں صرف ان کے ادا کرنے سے ہی ادا ہوتی ہیں اور اس کے سوا نہ ان کا کوئی کفارہ ہے اور نہ ہی کوئی اور چیز ان کے قائم مقام ہو سکتی ہے۔

## قضاء عمری کا آباؤ اجداد کی فوت شدہ نمازوں کا کفارہ بننے کا نظریہ

بہرحال ان لوگوں کا یہ خیال کہ بیشک یہ نماز (قضاء عمری) آباؤ اجداو اور اولاد اور رشتہ داروں کی فوت شدہ نمازوں کا کفارہ بھی بن جاتی ہے تو یہ چوتھی خرابی ہے بلکہ یہ تو ناظرین کے لیے ہنسی کا باعث اور عقل مندوں کے نزدیک جھوٹ سے آراستہ کلام ہے۔ پس بیشک اگر ان کی مراد یہ ہے کہ اس نماز کا ثواب ان کو پہنچتا ہے تو یہ درست نہیں ہے (یعنی یہ کہنا کہ ہماری اس عبادت کرنے سے ہی خود بخود ان کو ثواب پہنچتا ہے تو یہ درست نہیں ہے) کیونکہ عبادت کا ثواب اسی کو ملتا ہے جس نے اس کو ادا کیا ہے، دوسرے کو نہیں ملتا اور اس کی دلیل قرآن کریم کی یہ نص ہے لها ما كسبت

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

التاخير معصية فلا يظهرها وظاهره ان الممنوع هو القضاء مع الاطلاع عليه سواء كان فى المسجد او غيره كما افاده فى المنح قلت والظاهر ان ينبغى ههنا للوجوب وان الكراهة تحريمية لان اظهار المعصية معصية انتهى واما اداؤها بالجماعة تداعيا على تقدير كونها تطوعا كما تدل عليه بعض العبارات المذكورة فهو شناعة سادسة لتصريح الفقهاء بكراهة جماعة التطوع تداعيا قال فى الغنية شرح المنية النفل بالجماعة على سبيل التداعى مكروه انتهى وفى الدر المختار ولا يصل الوتر ولا التطوع بجماعة خارج رمضان اى يكره ذلک لو على سبيل التداعى بان يقتدى اربعة بواحدة كما فى الدرر انتهى وفى البزازية يكره الاقتداء فى صلوة رغائب

وعليها ما اكتسبت کہ عمل کا فائدہ اس کو ہوگا جس نے اس کو کیا اور اس عمل کا وبال اسی پر ہوگا جس نے کیا (جس نے اچھا عمل کیا اس کو اچھا بدلہ اور جس نے برا عمل کیا اس کا برا بدلہ عمل کرنے والے کو ہی ملے گا) اور اسی لیے جب بعض علماء نے یہ کہا کہ بچے کی عبادت کا ثواب اس کے ولی کو ملتا ہے، تو اس کا رد محققین نے کیا اور کہا کہ ولی کو اس کا ثواب تو ملتا ہے کہ اس نے بچے کو عبادت پر بر انگیختہ کیا اور عبادت کرنے کا سبب بنا مگر نفس عبادت کا ثواب اس کو نہیں ملتا جیسا کہ تلویح کے حواشی وغیرہا میں تفصیل سے مذکور ہے۔ پس اگر انہوں نے یہ مراد لی ہے کہ اس نماز کا ثواب ہم ان کو پہنچاتے ہیں اور اس وجہ سے ان کو پہنچتا ہے تو یہ فعل (مُردوں کو ایصال ثواب) اگرچہ درست ہے مگر یہ مذکورہ بحث سے خارج ہے۔ کیونکہ بحث ایصال ثواب میں نہیں بلکہ ذمہ سے نمازوں کے ساقط ہونے کی ہے۔ پھر یہ بات بھی ہے کہ ایصال ثواب آباؤ اجداد اور اولاد کے ساتھ مختص نہیں اور نہ ہی نماز اس کے لیے مختص ہے بلکہ جس قسم کی عبادت کا بھی کسی کو ثواب پہنچایا جائے وہ اس کو پہنچتا ہے اگرچہ وہ رشتہ دار نہ ہو بلکہ اجنبی ہو۔ اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ یہ نماز ان کی فوت شدہ نمازوں کی جانب سے کافی ہو جاتی ہے اور کفارہ بن جاتی ہے تو یہ آیت کریمہ لها ما کسبت وعليها ما اكتسبت کے بھی خلاف ہے اور اس حدیث کے بھی خلاف

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وبراءة وقدر الا اذا قال نذرت كذا ركعة بهذا الامام جماعة ولا ينبغى ان ينكلف الالتزام ما لم يكن فى الصدر الاول كل هذا التكلف لاقامة امر مكروه وهو اداء النفل بالجماعة على سبيل التداعى فلو ترک امثال هذه الصلوة تارک ليعلم الناس انه ليس من الشعائر فحسن انتهى ومثله فى كثير من الكتب مسطور وعلى السنة العلماء مذكور فان قالوا ان هذه الصلوة ليست بتطوع بل قضاء لما فاته قلنا ان ارادوا به انه بنفسه قضاء لجميع ما فاته فهو غير صحيح لعدم صدق تعريف القضاء عليه وان ارادوا به ان الله تعالى يجعلها بفضله قضاء لما فاته ويعطى بها ثوابا يجزى عن ما فاته فهو على تقدير ثبوته لا يخرجه عن التطوعية وبهذا يظهر سخافة قول من افتى بعدم

---

ہے جس میں ہے کہ جب کوئی آدمی مرجاتا ہے تو اس کے عمل منقطع ہو جاتے ہیں مگر تین اعمال بدستور جاری رہتے ہیں۔ ایک صدقہ جاریہ' دوسرا علم جس کے ذریعہ سے اس نے دوسروں کو فائدہ پہنچایا اور تیسرا نیک اولاد جو اس کے حق میں دعائیں کرتی رہتی ہے۔ یہ روایت مسلم اور ابن ماجہ وغیرہ میں موجود ہے۔

اور یہ نظریہ فقہاء کے قول کے بھی خلاف ہے اس لیے کہ انہوں نے کہا ہے کہ بدنی عبادات میں نیابت درست نہیں ہے بلکہ نیابت صرف مالی عبادات میں ہے (مثلاً" اگر کوئی آدمی کسی دوسرے کی جانب سے اس کی ذمہ زکوۃ کی رقم ادا کر دے یا جس پر قربانی واجب ہو' اس کی جانب سے قربانی ادا کر دے اور اس کو اطلاع دے دے تو یہ عبادت جس کے ذمہ تھی' اس کی جانب سے ادا ہو گئی اور اگر کوئی آدمی کسی دوسرے کی جانب سے نماز پڑھتا ہے اور اس کو آکر بتا دیتا ہے کہ میں تیری طرف سے نماز پڑھ آیا ہوں تو قطعا" اس کے ذمہ سے وہ نماز ساقط نہیں ہوتی بلکہ اس کا نماز پڑھنا خود اس پر ضروری ہے' اس میں نیابت درست نہیں ہے۔ عبادات بدنیہ میں نیابت درست نہ ہونے اور عبادات مالیہ میں درست ہونے کا یہی مطلب ہے۔ مترجم) اور در مختار اور البحر الرائق وغیرہا میں مذکور ہے کہ اس کے ذمہ نمازوں کی قضا وارثوں میں سے کسی نے اس کے حکم سے بھی کی' تب بھی جائز نہیں ہے۔ انتہی (مذکورہ کتب کی عبارت

كراهة الجماعة فيه مستندا بان فيه دخلا للفوائت فان هذا لا يسلب عنه اسم التطوع ولا يجعله خارجا عن افراد التطوع كيف وقد ورد في بعض النصوص التى ذكروها ان هذه الصلوة نفل فيكره اداؤه بالجماعة بلا شبهة و بالجملة فهذه الصلوة التى اخترعوها مشتملة على مفاسد كثيرة واداؤها مع ما زعموا انه قضاء لما فات خلاف المعقول والمنقول ومضاد للفروع والاصول والذى يدل على ان الصلوة المذكورة لا اصل لها خلو اكثر الكتب المعتمدة عن ذكرها كالبزازية والخلاصة وفتاوى قاضيخان والمحيط والذخيرة و خزانة المفتين والواقعات والنوازل والهداية وشروحها الكفاية والبناية والعناية وفتح القدير ومعراج الدراية وغاية البيان والوقاية

---

مکمل ہوئی)

اور امام نسائیؒ نے سنن الکبریٰ میں باسناد صحیح حضرت ابن عباسؓ کی روایت لائی ہے کہ کوئی آدمی کسی دوسرے کی طرف سے نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے۔ اور امام عبد الرزاق نے بھی اسی کے مثل حضرت ابن عمرؓ کا قول روایت کیا ہے۔ اس کا ذکر علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے تلخیص الحبیر بتخریج احادیث شرح الرافعی الکبیر میں کیا ہے۔

## قضاء عمری کو مسجد میں ادا کرنے کا مسئلہ

بہرحال ان حضرات کا اس نماز کو مسجد میں ادا کرنا حالانکہ یہ ان کے نزدیک تمام فوت شدہ نمازوں کی قضا ہے تو یہ پانچویں خرابی ہے۔ اس لیے کہ البحر الرائق میں ہے کہ جب نماز اپنے اصل وقت سے فوت ہو جائے تو مناسب یہ ہے کہ اس کی قضا اپنے گھر میں کرے، مسجد میں نہ کرے۔ انتھی (البحر الرائق کی عبارت مکمل ہوئی) اور الدر المختار میں ہے کہ مناسب یہ ہے کہ اپنی فوت شدہ نماز کی قضا پر کسی کو مطلع نہ کرے اس لیے کہ نماز کو اپنے وقت سے موخر کر کے پڑھنا معصیت ہے، اس لیے اس کا اظہار نہ کرے۔ انتھی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وشروحه لصدر الشريعة وللفصيح الهروی وغیرهما ومختصر الوقایة وشروحه للبرجندی والیاس زاده و کمال الدرایة للشمنی والکنز وشروحه کالبحر الرائق والنهر الفائق و تبیین الزیلعی والدر المختار وحواشیه ومواهب الرحمٰن وشرحه البرهان والجامع الصغیر والکبیر وشروحهما للصدر الشهید وشمس الائمة السرخسی وغیرهما والمبسوط والزیادات و تصانیف الطحاوی و تصانیف الحاکم الشهید والکرخی وغیرها من المتون والشروح والفتاوی المشهورة وکذلک کتب الشافعیة والمالکیة والحنبلیة خالیة عن ذلک ومن المعلوم انه لو کان لها اصل لبادروا الی ذکرها وذکر فضلها کیف لا وهذه الصلوة علی ما زعموا من افضل

---

اور رد المحتار میں ہے کہ باب الاذان میں پہلے یہ بات گزر چکی ہے کہ فوت شدہ کی قضا مسجد میں مکروہ ہے اور شارح نے اس کی وجہ وہی بیان کی جو ہم نے بیان کی ہے کہ نماز کو وقت سے موخر کر کے پڑھنا گناہ ہے اور اپنے گناہ کو ظاہر نہ کرنا مناسب ہے۔ ان عبارات سے ظاہر یہ ہوتا ہے کہ قضا پر کسی دوسرے کو مطلع کرنا ممنوع ہے خواہ یہ مسجد میں ہو یا مسجد کے علاوہ کسی دوسری جگہ ہو جیسا کہ المنح کی عبارت سے واضح ہے۔

(**اشکال:** حضرات فقہاء کرام ینبغی کا لفظ مستحب اور اولیٰ کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں اور یہاں بھی عبارت میں ینبغی کا لفظ ہے تو ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص یہ اشکال پیدا کرے کہ ان عبارات کی روشنی میں ہمارا یہ عمل زیادہ سے زیادہ ترک مستحب یا ترک اولیٰ ہو گا تو اس کا جواب حضرت مولانا عبد الحئیؒ لکھنویؒ یا شارح رد المحتار دیتے ہیں۔ مترجم)

**جواب:** میں کہتا ہوں کہ ظاہر یہ ہے کہ ینبغی کا لفظ یہاں وجوب کے لیے ہے اور بیشک کراہت سے مراد کراہت تحریمی ہے اس لیے کہ معصیت کا اظہار بذات خود معصیت ہے۔ انتھی

الصلوات حيث يكون اداء ركعات عديدة كفارة لجميع فوائت العمر بل عن فوائت الاجداد والاحفاد فالغفلة عن مثل هذه الصلوة غفلة عظيمة وهذا صاحب جامع الرموز جامع كل رطب ويابس لم ينتبه له وصاحب احياء العلوم مع اهتمامه بذكر العبادات الفاضلة وان كانت رواياتها ضعيفة لم يتعرض له وهذا صاحب خزانة الروايات الجامع بين كل غث وسمين لم يذكره وهذا كله اول دليل على عدم العبرة به بقى الكلام فيما استندوا به من العبارات المذكورة والروايات المسطورة فاقول استنادهم بها مخدوش لوجوه احدها ان الكتب التى استندوا بها ليست من الكتب المشهورة المعتمدة وقد ذكر ابن نجيم المصرى فى بعض رسائله ونقله عنه الحموى فى

## نوافل کی جماعت کے لیے لوگوں کو بلانے کا مسئلہ

بہرحال ان لوگوں کا یہ نماز (قضاء عمری) لوگوں کو بلا کر اس کو نفل قرار دیتے ہوئے جماعت کے ساتھ ادا کرنا جیسا کہ ان کی بعض عبارات اس پر دلالت کرتی ہیں تو یہ چھٹی خرابی ہے اس لیے کہ لوگوں کو بلا کر نفل جماعت کے ساتھ ادا کرنے کے مکروہ ہونے پر فقہاء کرام کی تصریح موجود ہے۔ الغنیۃ شرح المنیۃ میں فرمایا کہ لوگوں کو بلا کر نفل جماعت کے ساتھ مکروہ ہیں۔ انتہی

اور الدر المختار میں ہے کہ رمضان کے علاوہ وتر اور نفل جماعت کے ساتھ نہ پڑھے اور اگر لوگوں کو بلا کر ہو تو یہ مکروہ ہے جبکہ چار آدمی کسی کی اقتدار کریں جیسا کہ الدرر میں ہے۔ انتہی اور فتاویٰ بزازیہ میں ہے کہ نوافل، صلوٰۃ توبہ اور صلوٰۃ نذر کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا مکروہ ہے مگر یہ کہ اس نے نذر ہی یہ مانی ہو کہ میں اتنی رکعات فلاں امام کے ساتھ باجماعت پڑھوں گا۔ اور یہ بھی مناسب نہیں ہے کہ کسی ایسی چیز کا اپنے آپ پر التزام کا تکلف کرے جو قرون اولیٰ میں نہ تھی۔

یہ سارے کا سارا تکلف مکروہ کام کے ارتکاب کے لیے ہوگا۔ اور وہ علی سبیل

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

حواشی الاشباہ والنظائر انه لا یجوز الافتاء من الکتب الغیر المشهورة وفی تنقیح الفتاوی الحامدیة نقلا عن الرسائل الزندیة لا یحل الافتاء من الکتب الغریبة انتهی وثانیها ان تجویز هذه الصلوة بتلک الکیفیة لم ینقل عن ائمتنا ابی حنیفة وابی یوسف ومحمد ولا عن تلامذتهم ومن یحذو حذوهم فلا یجوز الافتاء بها اخذا من الکتب الغیر المتداولة قال فی القنیة نقلا عن نوازل ابی اللیث قیل لابی نصر وقعت عندنا اربعة کتب کتاب ابراهیم بن رستم وادب القاضی عن الخصاف وکتاب المجرد والنوادر من وجه هشام هل یجوز لنا ان نفتی منها فقال ما صح عن اصحابنا فذلک علم مجتبی مرغوب فیه عرض به فاما الفتوی فانی لا اری لاحد ان یفتی بشئی

---

التداعی (لوگوں کو بلا کر) جماعت کے ساتھ نوافل کو ادا کرنا ہے۔ اور اگر کوئی اس جیسی نماز کو اس لیے ترک کرتا ہے کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ مشروعات میں سے نہیں ہے تو یہ بہت اچھی بات ہے۔ انتهی

اور اس کے مثل بہت سی کتابوں میں موجود ہے اور علماء کی زبانوں پر جاری ہے۔

**اعتراض:** پس اگر وہ لوگ یہ کہیں کہ یہ نماز نفل نہیں بلکہ فوت شدہ کی قضا ہے (اور فوت شدہ کی قضاء فرض ہے اس لیے فرض کی نیت سے ہی ان کو ادا کیا جاتا ہے لہٰذا فقہاء کرامؒ کی یہ عبارات ان کے خلاف نہیں)

**جواب:** تو ہم کہیں گے کہ اگر ان کی مراد یہ ہے کہ یہ (ایک نماز یا پانچ نمازیں جس کو قضاء عمری کہتے ہیں) نماز ہی تمام فوت شدہ نمازوں کی قضا ہے تو اس پر قضا کی تعریف صادق نہ آنے کی وجہ سے ان کی یہ مراد صحیح نہیں ہے۔ اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل کے ساتھ اس نماز کو فوت شدہ نمازوں کی قضا قرار دیا ہے اور ان کا ثواب دیتا ہے اور تمام فوت شدہ نمازوں کا یہ نماز بدلہ بن جاتی ہے تو اگر بالفرض اس نماز کا ثبوت مل بھی جائے تو یہ نفل ہونے سے نہیں نکلتی (بلکہ نفل ہی ہوگی لہٰذا وہ تمام عبارات جو ذکر کی گئی ہیں' وہ اس نظریہ کے خلاف ہوں گی) اور اس

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

لا يفهمه ولا يتحمل اثقال الناس فان كانت مسائل قد اشتهرت وظهرت عن اصحابنا رجوت ان يسع الاعتماد عليها انتهى وقال على القارى فى تذكرة الموضوعات من القوائد المعلومة الكلية ان نقل الاحاديث النبوية والمسائل الفقهية والتفاسير القرآنية لا يجوز الا من الكتب المتداولة لعدم الاعتماد على غيرها من وضع الزنادقة والحاق الملاحدة بخلاف الكتب المحفوظة انتهى وثالثها ان هذه الكتب التى استندوا بها ليست من المتون المعتبرة ولا من الشروح المعتمدة وانما هى من جنس الفتاوى كالصحارى وقد ذكر ابن نجيم فى رسالة رفع الغشاء عن وقت العصر والعشاء نقلا عن انفع الوسائل انه لا عبرة بنقول الفتاوى اذا عارضتها نقول المذهب

---

کے ساتھ ان لوگوں کے قول کی کمزوری ظاہر ہو گئی جو اس نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کرنے کو صرف اس وجہ سے غیر مکروہ ہونے کا فتویٰ دیتے ہیں کہ یہ فوائت میں داخل ہے (حالانکہ اس کا نفل ہونا ہی ثابت ہوتا ہے)

پس بیشک یہ چیز اس نماز سے نفل کا اسم نہیں ہٹاتی اور نہ ہی اس کو نفل کے زمرہ سے خارج کرتی ہے۔ اور یہ ہو بھی کیسے سکتا ہے؟ حالانکہ ان لوگوں نے جو عبارات پیش کی ہیں' ان میں سے بعض میں تو اس بات کی صراحت ہے کہ یہ نماز نفل ہے۔ تو یقیناً اس کا باجماعت ادا کرنا مکروہ ہوگا۔ مختصر یہ کہ یہ نماز جس کو انہوں نے ایجاد کیا ہے' یہ بہت سے مفاسد پر مشتمل ہے۔ اور اس نماز کا ادا کرنا باوجود اس کے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ فوت شدہ نمازوں کی قضا ہے' یہ عقل اور نقل دونوں کے خلاف اور فروع اور اصول دونوں کے منافی ہے۔

اور اکثر معتبر کتابوں کا اس کے ذکر سے خالی ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اس مذکورہ نماز کا کوئی اصل اور ثبوت نہیں ہے۔ (اور اگر اس کا کچھ بھی ثبوت ہوتا تو ان معتبر کتابوں میں کسی نہ کسی درجہ میں تو اس کا ذکر ہوتا حالانکہ یہ معتبر کتابیں اس کے ذکر سے بالکل خالی ہیں) جیسا کہ فتاویٰ بزازیہ' الخلاصہ' فتاویٰ قاضی خان' المحیط' الذخیرہ'

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وانما يستانس بما فى الفتاوى اذا لم يوجد ما يخالفها من كتب المذهب انتهى وقد عرفت ان نقول هذه الكتب فى تجويز هذه الصلوة بتلك الكيفية مخالفة لفروع المذهب المدونة وللاصول المقررة فلا يصح الافتاء بها ورابعها ان الافتاء بها موقوف على علم حال مصنفيها وانهم التزموا فيها نقل الاقوال الصحيحة وبدون ذلك لا يحل الافتاء منها قال ابن عابدين فى رد المحتار فى شرح الاشباه لشيخنا المحقق هبة الله البعلى قال شيخنا العلامة صالح الجينينى انه لا يجوز الافتاء من الكتب المختصرة كالنهر و شرح الكنز للعينى والدر المختار شرح تنوير الابصار او لعدم الاطلاع على حال مصنفيها كشرح الكنز ملا مسكين وشرح النقاية

---

خزانہ المفتین، الواقعات، النوازل، الہدایہ اور اس کی شروح الکفایہ، البنایہ، العنایہ، فتح القدیر، معراج الدرایہ، غایۃ البیان، الوقایہ اور اس کی شروح جو امام صدر الشریعہ اور الفصیح الہروی وغیرہما کی ہیں اور مختصر الوقایہ اور اس کی شروح جو برجندی، الیاس زادہ اور کمال الدرایہ للشمنی وغیرہم کے ہیں، اور الکنز اور اس کی شروح جیسا کہ البحر الرائق، النہر الفائق اور زیلعی کی تبیین اور الدر المختار اور اس کے حواشی اور مواہب الرحمٰن اور اس کی شرح البرہان، اور الجامع الصغیر والکبیر اور ان کی شروح جو صدر الشریعہ اور شمس الائمہ سرخسی وغیرہما کی ہیں اور المبسوط اور الزیادات اور امام طحاوی کی تصانیف اور حاکم شہید اور کرخی وغیرہ کی تصانیف، متون اور شروح اور مشہور فتاویٰ اور اسی طرح شوافع، مالکیہ اور حنابلہ کی کتابیں اس نماز کے ذکر سے بالکل خالی ہیں۔

اور واضح بات ہے کہ اگر اس نماز کا کوئی ثبوت ہوتا تو یہ حضرات اس کا ذکر کرنے اور اس کی فضیلت کا ذکر کرنے میں سبقت لے جاتے اور ایسا کیونکر نہ ہوتا حالانکہ ان لوگوں کے خیال کے مطابق تو یہ نماز بہترین نمازوں میں سے ہے اس لیے کہ چند رکعات عمر بھر کی فوت شدہ نمازوں کا کفارہ بلکہ آباؤ اجداد اور رشتہ داروں کی فوت

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

للقهستانى او لنقل الاقوال الضعيفة فيها كالقنية للزاهدى فلا يجوز الافتاء من هذه الا اذا علم المنقول عنه واخذه منه انتهى وقال ايضا" فى تنقيح الفتاوى الحامدية فى بحث لبس الاحمر بعد ما ذكر ما يدل على كراهته على ان الذى يجب على المقلد اتباع امامه والظاهر ان ما نقله هولاء الايمة هو مذهب ابى حنيفة لا ما نقله ابو المكارم فانه رجل مجهول وكتابه كذلك والقهستانى كجارف سيل وحاطب ليل خصوصا" واستناده الى كتب الزاهدى المعتزلى انتهى وقد ذكرت ما يتعلق بهذا المبحث فى رسالتى النافع الكبير لمن يطالع الجامع الصغير و بسطت الكلام فيها فى ما يحل الافتاء منه وما لا يحل الافتاء منه فلتطالع وخامسها ان الاستناد بها موقوف

---

شدہ نمازوں کا بھی کفارہ بن جاتی ہیں تو اس جیسی نماز کا ذکر نہ کرنا تو بہت بڑی غفلت ہے اور یہ جامع الرموز کے مصنف جو کہ ہر قسم کی رطب ویابس کو جمع کرنے والے ہیں' وہ بھی اس پر متنبہ نہ ہوئے' اور احیاء العلوم والے (امام غزالیؒ) نے عبادات فاضلہ کے ذکر کرنے کا اہتمام کرنے کے باوجود اس (قضاء عمری) کا کوئی اشارہ تک نہیں کیا حالانکہ انہوں نے ان عبادات فاضلہ کا بھی ذکر کیا ہے جن کی روایات ضعیف ہیں۔ اور خزانۃ الروایات کے مولف جنہوں نے بے کار اور بے موقع ہر قسم کے کلام کو جمع کیا ہے' انہوں بھی اس کا کوئی ذکر نہیں کیا اور یہ ساری کی ساری بحث اس نماز کے غیر معتبر ہونے کی بنیادی دلیل ہے۔

## قضاء عمری کے قائلین کی عبارات کے جوابات

باقی رہ گئی بحث اس بارہ میں کہ انہوں نے ان مذکورہ عبارات اور تحریر کردہ روایات سے دلیل پکڑی ہے تو میں کہتا ہوں کہ ان حضرات کا ان عبارات سے دلیل پکڑنا کئی وجوہ سے باطل ہے۔

**پہلی وجہ :** یہ کتابیں (زاد اللبیب اور انیس الواعظین وغیرہ) جن کی عبارات سے یہ دلیل پکڑ رہے ہیں' یہ کتابیں معتبر مشہور نہیں ہے اور ابن نجیم

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

على تحقيق حال مولفيها من انهم من اى طبقة من طبقات الفقهاء واذ ليس فليس وكونهم من اصحاب الاوراد والوظائف او من ارباب تصفية اللطائف لا يجوز الافتاء فلكل فن رجال ولكل مقام مقال قال على القارى المكى فى رسالته شم العوارض فى ذم الروافض ثم اعلم انه لا بد للمفتى المقلد ان يعلم حال من يفتى بقوله ومعرفة مرتبته فى الرواية و درجته فى الديانة ليكون على بصيرة وافية فى التمييز بين القائلين المتخالفين وقدرة كافية فى الترجيح بين القولين المتعارضين فقد قال ابن كمال باشا ان للفقهاء سبع طبقات الاولٰى طبقة المجتهدين فى الشرع كالايمة الاربعة ومن سلك مسلكهم فى تاسيس قواعد الاصول واستنباط احكام الفروع

---

مصریؒ نے اپنے ایک رسالہ میں ذکر کیا ہے اور الاشباہ والنظائر کے حواشی میں حمویؒ نے اس سے نقل کیا ہے کہ بیشک غیر مشہور کتابوں سے فتویٰ دینا جائز نہیں ہے۔

اور تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ میں الرسائل الزندیہ سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ غیر معروف کتابوں سے فتویٰ دینا جائز نہیں ہے۔ انتھی

دوسری وجہ : بیشک اس کا جواز اس کیفیت کے ساتھ ہمارے ائمہ امام ابو حنیفہؒ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ سے منقول نہیں ہے اور نہ ہی ان کے نقش قدم پر چلنے والے ان کے شاگردوں سے منقول ہے تو اس کے جواز کا فتویٰ غیر متداول (غیر مشہور) کتابوں سے دینا جائز نہیں ہے۔ اور قنیة میں ابو اللیث کی کتاب نوازل سے نقل کرتے ہوئے صاحب قنیہ نے کہا ہے کہ ابو نصر سے پوچھا گیا کہ ہمارے پاس چار کتابیں موجود ہیں، ایک کتاب ابراہیم بن رستم کی، اور الخصاف کی ادب القاضی اور کتاب المجرد اور النوادر ہشام کی۔ تو کیا ہمیں جائز ہے کہ ہم ان سے فتویٰ دیں تو اس نے کہا کہ ہمارے اصحاب (احناف) کے قواعد کے مطابق صحیح نہیں ہے۔

پھر رہی بات فتویٰ کی تو بیشک میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ اس نے ایسی چیز کا فتویٰ دیا ہو جو اس نے خود نہ سمجھی ہو اور وہ (مفتی) لوگوں کے بوجھ کو نہیں اٹھاتا۔

عن الادلة الاربعة على حسب تلك القواعد من غير تقليد لاحد لا فى الفروع ولا فى الاصول والثانية طبقة المجتهدين فى المذهب كابى يوسف ومحمد وسائر اصحاب ابى حنيفة القادرين على استخراج الاحكام من الادلة المذكورة على القواعد التى قررها استاذهم وهم وان خالفوه فى بعض الفروع لكن يقلدونه فى قواعد الاصول وبه يمتازون عن المعارضين فى المذهب كالشافعى ونظرائه المخالفين لابى حنيفة فى الاحكام غير مقلدين له فى الاصول والثالثة طبقة المجتهدين فى المسائل التى لا رواية فيها عن صاحب المذهب كالخصاف والطحاوى والكرخى وشمس الائمة الحلوانى وشمس الائمة السرخسى و فخر الاسلام البزدوى

---

پس اگر ایسے مسائل ہوں جو مشہور ہیں اور ہمارے اصحاب سے ثابت ہو چکے ہیں تو میں امید کرتا ہوں کہ انہی پر اعتماد کافی ہوگا۔ انتھی

اور حضرت ملا علی قاریؒ نے تذکرۃ الموضوعات میں فرمایا ہے کہ یہ واضح قواعد کلیہ میں سے ہے کہ بیشک حضور علیہ السلام کی احادیث اور فقہی مسائل اور قرآنی تفاسیر کا نقل کرنا صرف انہی کتابوں سے جائز ہے جو مشہور (متداول) ہیں کیونکہ ان کے علاوہ دوسری کتابوں پر اعتماد نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ زندیق یا ملحد قسم کے لوگوں کی تصانیف ہوں۔ بخلاف محفوظ کتابوں کے (کہ ان کے مولفین پر اعتماد ہو چکا ہے)

**تیسری وجہ:** بیشک جن کتابوں سے یہ لوگ فتویٰ دے رہے ہیں یہ نہ تو معتبر متون ہیں اور نہ ہی قابل اعتماد شروحات ہیں بلکہ وہ تو صرف فتاوئی ہیں جیسا کہ صحاری۔

اور ابن نجیمؒ نے اپنے رسالہ رفع الغشاء عن وقت العصر والعشاء میں انفع الوسائل سے نقل کرتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ ایسے فتاوئی کی نقول کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا جبکہ وہ مذہب کے نقول کے معارض ہوں۔ اور فتاوئی کی نقول کی جانب میلان اس وقت ہو سکتا جب کہ کتب مذہب کے مخالف نہ پائی جائیں۔ انتھی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وقاضيخان وامثالهم فانهم لا يقدرون على مخالفتها لشيخ لا فى الاصول ولا فى الفروع لكنهم يستنبطون الاحكام فى المسائل التى لا نص فيها على حسب الاصول قررها الرابعة طبقة اصحاب التخريج من المقلدين كابى بكر الرازى واضرابه فانهم يقدرون على تفصيل قول مجمل ذى وجهين وحكم محتمل لامرين الخامسة طبقة اصحاب الترجيح من المقلدين كالقدورى وصاحب الهداية وامثالها وشانهم تفضيل بعض الروايات على بعض بقولهم هذا اولى وهذا اصح رواية وهذا ارفق بالناس والسادسة طبقة المقلدين القادرين على التمييز بين الاقوى والقوى والضعيف وظاهر المذهب وظاهر الرواية والرواية النادرة كاصحاب المتون المعتبرة

---

اور بیشک میں نے واضح کر دیا ہے کہ ان کتابوں کی نقول اس نماز (قضاء عمری) کے اس کیفیت کے ساتھ جائز قرار دینے میں مذہب کی مدونہ فروعات اور مقررہ اصولوں کے خلاف ہے تو ان کے مطابق فتویٰ دینا درست نہیں ہے۔

**چوتھی وجہ:** بیشک ان کتابوں پر فتویٰ کا دار ومدار ان کتابوں کے مصنفین کے حالات معلوم ہونے پر ہے اور اس بات پر ہے کہ انہوں نے اپنی کتابوں میں صحیح اقوال نقل کرنے کا التزام کیا ہے اور اس کے سوا ان کتابوں سے فتویٰ دینا جائز نہیں ہے۔

ابن عابدین نے ہمارے شیخ المحقق ھبۃ اللہ البعلی کی الاشباہ کی شرح رد المختار میں کہا ہے کہ ہمارے شیخ العلامہ الصالح الجنینی نے کہا ہے کہ کتب مختصرہ (تشریح طلب) سے فتویٰ دینا جائز نہیں ہے جیسے النہر اور علامہ عینی کی شرح الکنز' تنویر الابصار کی شرح در مختار اور ایسی کتابوں پر فتویٰ دینا جائز نہیں ہے جن کے مصنفین کے حالات معلوم نہیں جیسا کہ کنز کی شرح ملا مسکین اور قہستانی کی شرح نقایہ۔ اور ایسی کتابوں سے بھی فتویٰ دینا درست نہیں جنہوں نے صحیح اقوال ہی نقل کرنے کا التزام نہیں کیا بلکہ ضعیف اقوال کو بھی نقل کرتے ہیں جیسا کہ زاہدی کی قنیۃ۔ تو جب تک یہ معلوم نہ ہو جائے کہ انہوں نے کس سے نقل کیا ہے اور کس

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

من المتاخرين مثل صاحب الكنز وصاحب الوقاية وصاحب المختار وصاحب الجمع والسابعة طبقة المقلدين الذين لا يقدرون على ما ذكر ولا يفرقون بين الغث والسمين ولا يميزون الشمال عن اليمين بل يجمعون ما يجدون كحاطب ليل فالويل لهم ولمن قلدهم كل الويل انتهى وسادسها ان الروايات التى ذكرها هولاء المصنفون لم يذكروا سندها ولا اسندوها الى احد من المخرجين و قبول الحديث الذى لا اصل اى لا سند له ليس من شان العاقلين فان بين النبى صلعم وبين هولاء الناقلين مفاوز تنقطع فيها مطايا السائرين فكيف يجوز الاستناد بمجرد قولهم قال رسول الله كذا وكذا فان الرواية وصولها اليهم والينا لا يمكن ان يكون بدون

---

سے یہ قول لیا ہے (تو اس وقت تک ان کا اعتبار نہ ہوگا) انتھی

اور اسی طرح تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں سرخ کپڑا پہننے کی بحث میں اس کی کراہت کا ذکر کرنے کے بعد کہا کہ مقلد پر اپنے امام کی اتباع واجب ہے اور ظاہر بات ہے کہ جو ان ائمہ نے نقل کیا ہے، وہ امام ابو حنیفہؒ کا مذہب ہے۔ اور جو ابو المکارم نے نقل کیا ہے، وہ امام صاحب کا مذہب نہیں ہے کیونکہ ابو المکارم مجہول آدمی ہے اور اسی طرح اس کی کتاب بھی غیر معروف ہے۔

اور القھستانی تو سیلاب میں بہہ جانے والے اور رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والے کی طرح ہے (یعنی ہر رطب ویابس کو جمع کرنے والا ہے) خصوصاً" اس کا زاہدی معتزلی کی کتابوں پر اعتماد کرنا۔ انتھی اور میں نے اس بحث کے متعلق اپنے رسالہ النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر میں ذکر کیا ہے اور تفصیل سے اس پر بحث کی ہے کہ کس کے مطابق فتویٰ دینا جائز اور کس کے مطابق ناجائز ہے۔ اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

پانچویں وجہ : بیشک ان کتابوں پر اعتماد کا دارومدار ان کے مولفین کے حالات کی تحقیق پر ہے کہ یہ فقہاء کے کس طبقہ میں سے ہیں اور جب تک یہ تحقیق نہ ہو

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الوسائط فلا بد من تحقيق احوال الوسائط وتشخيصهم و كشف عدالتهم ليكتسب الحديث به صفة القبول ان وجدت فى رواته صفات القبول او صفة الرد ان كانت فى رواتها صفات الرد وبدون ذلك فالا ستناد به لا يليق بمن له ادنى مسكة قال محمد بن عبد الباقى الزرقانى فى شرح المواهب قال ابن المبارک الاسناد من الدين ولو لا الاسناد لقال من شاء ما شاء وعنه مثل الذى يطلب دينه بلا اسناد كمثل الذى يرتقى السطح بلا سلم وقال سفيان الثورى الاسناد سلاح المومن فاذا لم يكن معه سلاح فباى شئى يقاتل وقال الشافعى مثل الذى يطلب الحديث بلا اسناد كمثل حاطب ليل وقال بقية ذاكرت حماد بن زيد باحاديث فقال ما اجودها لو كانت

---

جائے تو اعتماد بھی نہ ہوگا۔ اور ان کا صوفیاء کے طبقہ میں سے ہونا تو ان کے قول پر فتویٰ دینا جائز نہیں ہے کیونکہ ہر فن کے رجال مختص ہوتے ہیں اور ہر مقام کی گفتگو علیحدہ ہوتی ہے۔ (لہٰذا فقہاء کے متعلقہ ابحاث میں صوفیاء کی بات کا اعتبار نہ ہوگا)

ملا علی قاری مکی نے اپنے رسالہ شم العوارض فی ذم الروافض میں فرمایا ہے' پھر آپ جان لیں کہ مفتی مقلد کے لیے ضروری ہے کہ جس کے قول پر فتویٰ دے رہا ہے' اس کے حال کو جانتا ہو اور روایت میں اس کا درجہ اور دیانت میں اس کا درجہ پہچانتا ہو تا کہ مختلف قول کرنے والوں میں تمیز پر کامل بصیرت اور مختلف متعارض اقوال کے درمیان ترجیح کے بارہ میں اس کو قدرت کاملہ حاصل ہو۔

## فقہاء کے طبقات

پس تحقیق ابن پاشا نے فرمایا کہ فقہاء کے سات طبقات ہیں۔

**پہلا طبقہ:** پہلا طبقہ مجتہدین فی الشرع کا ہے جیسا کہ ائمہ اربعہؒ اور وہ لوگ جو اصول کے قواعد کی بنیاد رکھتے اور فروع واصول میں کسی کی تقلید کیے بغیر فروعی احکام ادلہ اربعہ سے ان قواعد کی روشنی میں اسی طرح استنباط کرتے ہیں جس طرح ائمہ اربعہ کرتے ہیں۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

لها اجنحة یعنی اسناد انتهی ملخصا وقال علی القاری المکی فی تذکرة الموضوعات قد حکی الحافظ ابو بکر بن حذاء اتفق العلماء علی انه لا یحل لمسلم ان یقول قال رسول اللّٰہ کذا حتی یکون عنده ذلک القول مرویا ولو علی اقل وجوه الروایات انتهی فان قلت هذه الاحادیث من الاحادیث المشهورة فلا حاجة الی تحقیق اسانیدها قلت ان ارید بکونها مشهورة شهرتها بالمعنی المصطلح عند الاصولیین فهو ایضا موقوف علی ثبوت طرقها والاستناد بها ایضا موقوف علی البحث عن رواتها وان ارید به مطلق الشهرة ولو علی السنة المتفقهة او العامة فلا ینفع ذلک لان مثل هذه الشهرة ساقطة عن الاعتبار فیما هنالک فکم من احادیث اشتهرت علی السنة

---

**دوسرا طبقہ:** دوسرا طبقہ مجتہدین فی المذہب کا ہے جیسا کہ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ اور امام ابو حنیفہؒ کے باقی اصحاب جو ادلہ مذکورہ سے احکام کے استخراج پر قدرت رکھتے ہیں ان قواعد کے مطابق جو ان کے استاد نے مقرر فرمائے ہیں اور یہ حضرات اگرچہ بعض فروعی مسائل میں اپنے امام کی مخالفت کرتے ہیں لیکن اصول کے قواعد میں وہ اسی کے مقلد ہیں اور اسی وجہ سے یہ حضرات ان لوگوں سے جدا سمجھے جاتے ہیں جو مذہب میں علیحدہ ہیں۔ جیسا کہ امام شافعیؒ اور ان جیسے دوسرے ائمہ جو امام ابو حنیفہؒ کی احکام میں مخالفت کرتے ہیں اور اصول میں بھی ان کے مقلد نہیں ہیں۔ (تو ان کے امام صاحب سے اختلاف کی نوعیت اور ہے اور امام ابو یوسفؒ وغیرہ کے امام ابو حنیفہؒ سے اختلاف کی نوعیت اور ہے)

**تیسرا طبقہ:** تیسرا طبقہ ان حضرات کا ہے جو ایسے مسائل میں اجتہاد کرتے ہیں جن کے بارہ میں ان کے امام سے کوئی روایت نہ ہو۔ جیسا کہ امام خصاف، امام طحاوی، امام کرخی، امام شمس الائمہ سرخسی، امام فخر الاسلام بزدوی اور قاضی خان وغیرہم۔ پس بیشک یہ حضرات اپنے امام کی مخالفت کی قدرت نہیں رکھتے نہ اصول میں اور نہ فروع میں لیکن یہ ایسے مسائل میں احکام کا استنباط کرتے ہیں جن کے بارہ میں صراحت موجود نہیں ہوتی۔ اور یہ ان ہی اصول کے مطابق احکام کا استنباط کرتے ہیں جو ان کے امام

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

العامة او سطرت فی کتب المتفقهة ولا اصل لها فی الشریعة بل هی موضوعة او ضعیفة ساقطة کحدیث لولاک لما خلقت الافلاک وحدیث علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل وحدیث یوم صومکم یوم نحرکم وحدیث لسان اهل الجنة العربیة والفارسیة الدریة الی غیر ذلک علی ما لا یخفی علی من طالع کتب نقاد الحدیث المصنفة فی هذا الباب کموضوعات ابن الجوزی واللالی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة والدرر المنتثرة فی الاحادیث المشتهرة کلاهما للسیوطی والمقاصد الحسنة فی الاحادیث المشتهرة علی الالسنة للسخاوی وتذکرة الموضوعات لعلی القاری المکی وغیر ذلک قال محمد بن عبد الرحمٰن السخاوی فی فتح المغیث بشرح

---

سے ثابت ہو چکے ہیں۔

**چوتھا طبقہ :** چوتھا طبقہ مقلدین میں سے اصحاب تخریج کا ہے جیسا کہ ابوبکر الرازی اور اس جیسے دیگر حضرات۔ پس بیشک یہ حضرات دو متضاد پہلوؤں والے مجمل قول کی تفصیل اور دو باتوں کا احتمال رکھنے والے حکم کی تفصیل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔

**پانچواں طبقہ :** پانچواں طبقہ مقلدین میں سے اصحاب ترجیح کا ہے جیسا کہ امام قدوری ؒ اور صاحب ہدایہ ؒ اور ان جیسے حضرات اور ان کا کام بعض روایات کو بعض پر ترجیح دینا ہے اپنے اس قول کے ساتھ کہ یہ اولیٰ ہے اور یہ اصح روایت ہے اور یہ لوگوں پر آسانی کرنے والا طبقہ ہے۔ (یعنی اولیٰ اور غیر اولیٰ کا پہچاننا لوگوں کے لیے آسان ہو جاتا ہے)

**چھٹا طبقہ :** چھٹا طبقہ مقلدین میں سے ان حضرات کا ہے جو اقویٰ' قوی اور ضعیف کے درمیان نیز ظاہر المذہب' ظاہر الروایہ اور روایت نادرہ کے درمیان فرق کرنے پر قدرت رکھتے ہیں جیسا کہ متاخرین میں سے معتبر متون کے مصنفین جیسا کہ صاحب الکنز' صاحب الوقایہ' صاحب المختار اور صاحب المجمع

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الفية الحديث المشهور يقع علی ما يروی باكثر من اثنين وعلی ما اشتهر علی الالسنة فليشتمل ما له اسناد واحد فصاعدا بل ما لا يوجد له اسناد اصلا كعلماء امتی كانبياء بنی اسرائيل وولدت فی زمن الملك العادل كسرٰی وقد يشتهر بين الناس احاديث هی موضوعة بالكلية وذلك كثير جدا ومن نظر فی الموضوعات لابن الجوزی عرف الكثير من ذلك انتهی وقال ايضا لا اعتبار الا بما هو مشهور عند اهل الحديث انتهی و بالجملة الشهرة الاصطلاحية وهی كون رواة الحديث فی الطبقة الاولی آحادا معدودين وكثرتهم بعد ذلك علی ما ذكره اصحاب اصول الحنفية او كون طرقه محصورة باكثر من اثنين علی ذكره علماء اصول الحديث مفقودة فی هذه

---

**ساتواں طبقہ :** اور ساتواں طبقہ ان حضرات کا ہے جو ان مذکورہ امور میں سے کسی پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ وہ کمزور اور قوی میں فرق کرتے ہیں اور نہ دائیں کو بائیں سے علیحدہ کر سکتے ہیں بلکہ رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والے کی طرح جو کچھ ان کو ملتا ہے' اس کو جمع کرتے جاتے ہیں۔ پس ایسے لوگوں پر افسوس ہے اور ان کی تقلید کرنے والوں پر انتہائی افسوس ہے۔ انتہی (یہاں تک ابن پاشا کی عبارت مکمل ہوئی)

**چھٹی وجہ :** بیشک وہ روایات جن کو ان مصنفین نے ذکر کیا ہے' ان کی اسناد ذکر نہیں کیں اور نہ ہی ان احادیث کی تخریج کرنے والوں کا حوالہ دیا ہے اور ایسی حدیث کو جس کی کوئی اصل اور سند نہ ہو' اس کا قبول کرنا عقل مندوں کی شان نہیں ہے۔

پس بیشک نبی کریم ﷺ اور ان ناقلین کے درمیان ایسے بیابان ہیں کہ چلنے والوں کی سواریاں ان میں ہلاک ہو جاتی ہیں۔ تو صرف ان کے یہ کہنے پر کیسے اعتماد کرنا جائز ہوگا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس اس طرح فرمایا ہے۔ پس بیشک روایت کا (حضور ﷺ سے) ان ناقلین تک یا ہم تک پہنچنا اسناد کے بغیر ممکن ہی نہیں تو اسناد کے احوال کی تحقیق اور ان کی جانچ پڑتال اور ان کی عدالت کی وضاحت ضروری ہے تاکہ اس کی وجہ سے حدیث صفت قبول کے ساتھ حاصل ہو جائے اگر ان کے راویوں میں قبول کی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الروايات لكونها خالية عن الطرق والاسانيد واما الشهرة المطلقة بمعنى كونها مشهورة على السنة العامة فغير معتبرة والا يلزم قبول كثير من الاحاديث الموضوعة فان قال قائل انها مشهورة عند الفقهاء قلنا ليس كذلك لخلو اكثر كتب الفقه من المذاهب الاربعة عن ذكرها وان ادعى انها مشهورة عند المحدثين قلنا هذا المدعى من الكاذبين فان اكثر كتب الحديث بل كلها لا اثر لها فيها فان قال قائل من نقل هذه الروايات لجلالة قدرهم وبناهة ذكرهم كاف للاستناد به قلنا كلا لا يقبل حديث من غير اسناد ولو نقله معتمد لا سيما اذا لم يكن الناقل من نقاد الاحاديث وجلالة قدره لا يستوجب قبول كل ما نقل الا ترى الى صاحب احياء العلوم مع

---

صفات پائی جاتی ہیں۔ یا اس روایت کا رد ہونا واضح ہو جائے اگر اس کے راویوں میں رد کی صفات پائی جاتی ہیں۔ اور اس کے بغیر اس روایت سے دلیل پکڑنا کسی ایسے شخص کے لیے مناسب نہیں جس میں تھوڑی سی عقل بھی ہے۔

اور محمد بن عبد الباقی الزرقانیؒ نے شرح المواہب میں فرمایا کہ ابن مبارکؒ نے فرمایا ہے کہ اسناد دین کا حصہ ہیں، اگر اسناد نہ ہوتیں تو ہر کوئی جو کچھ چاہتا کہتا پھرتا۔ اور ان ہی سے یہ روایت بھی ہے کہ جو شخص اپنا دین سند کے بغیر حاصل کرتا ہے، اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو سیڑھی کے بغیر چھت پر چڑھتا ہے۔ اور سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اسناد تو مومن کا ہتھیار ہیں۔ تو جب اس کے پاس ہتھیار ہی نہ ہو تو کس چیز کے ساتھ وہ لڑے گا؟ اور امام شافعیؒ نے فرمایا جو آدمی حدیث کو سند کے بغیر حاصل کرتا ہے، اس کی مثال رات کو لکڑیاں اکٹھی کرنے والے کی طرح ہے (کہ وہ لکڑیوں کے ساتھ ہر قسم کا کوڑا کرکٹ بھی اکٹھا کر لیتا ہے۔ اسی طرح یہ بھی ہر صحیح اور غلط، بامقصد اور بے مقصد باتوں کو جمع کر لیتا ہے) اور بقیہؒ نے کہا کہ میں نے حماد بن زید کے ساتھ چند احادیث کا مذاکرہ کیا تو انہوں نے کہا کہ اگر ان کے پَر یعنی اسناد ہوتیں تو یہ کیا ہی عمدہ ہوتیں۔ انتہی ملخصا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

جلالة قدره اورد فی کتابه احادیث لا اصل لها فلم یعتبر بها کما یظهر من مطالعة تخریج احادیثه للحافظ العراقی وهذا صاحب الهدایة مع کونه من اجلة الحنفیة اورد فیها اخبارا غریبة و ضعیفة فلم یعتمد علیها کما یظهر من مطالعة تخریج احادیثها للزیلعی وابن حجر العسقلانی وسابعها ان آثار الوضع علی هذه الروایات ظاهرة و قرائن الاختلاف علیها قائمة قال الحافظ زین الدین العراقی فی شرح الفیة الحدیث قال ابن الصلاح وانما یعرف کون الحدیث موضوعا باقرار واضعه او ما ینزل منزلة اقراره قال وقد یفهمون الوضع من قرینة حال الراوی او المروی فقد وضعت احادیث طویلة تشهد بوضعها رکاکة الفاظها و معانیها انتهی و روینا

---

اور ملا علی قاریؒ نے تذکرۃ الموضوعات میں کہا کہ الحافظ ابو بکر بن حذاء نے کہا ہے کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ کسی مسلمان کے لیے اس وقت تک یہ جائز نہیں ہے کہ یوں کہے کہ حضور ﷺ نے اس طرح فرمایا جب تک اس کے پاس یہ قول مروی نہ ہو اگرچہ کم درجہ کی روایت ہو۔

**اعتراض:** پس اگر آپ یہ کہیں کہ یہ حدیث تو احادیث مشہورہ میں سے ہے اس لیے اس کی اسناد کی تحقیق کی ضرورت نہیں ہے۔

**جواب:** تو میں کہوں گا کہ اگر مشہور سے مراد وہ شہرت ہے جو اصول حدیث والوں کی اصطلاح میں ہے تو وہ بھی اسناد کے ثبوت اور ان کے دلیل پکڑنے کے ثبوت پر موقوف ہے (یعنی پہلے یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ یہ حدیث مشہور ہے) اور اسی طرح ان کے رواۃ کی بحث (چھان بین) پر موقوف ہے اور اگر مشہور سے مراد مطلق شہرت ہے اگرچہ وہ علماء اور عوام کی زبان پر مشہور ہو تو یہ چیز فائدہ کا باعث نہیں کیونکہ اس شہرت کا ایسی جگہوں میں اعتبار ہی نہیں ہے۔ پس کتنی ہی احادیث ہیں جو عام لوگوں کی زبانوں پر مشہور ہیں اور فقہی کتابوں میں لکھی ہوئی ہیں حالانکہ شریعت میں ان کا کوئی ثبوت ہی نہیں ہے۔ بلکہ وہ یا تو موضوع ہیں یا ساقط الاعتبار حد تک ضعیف ہیں جیسا کہ لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ والی حدیث (یعنی حضور علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

عن الربيع بن خيثم قال ان للحديث ضوءا كضوء النهار تعرف وظلمة كظلمة الليل تنكر وقال ابن الجوزی اعلم ان الحديث المنكر يقشعر له جلد الطالب للعلم و يتنفر عنه قلبه فی الغالب انتهى وقال السخاوی فی شرح الالفية وربما يعرف ای الوضع بالركة ای الضعف عن قوة فصاحة صلعم فی اللفظ والمعنی معا وكذا فی احدهما والركة فی المعنی كان يكون مخالفا للعقل ضرورة واستدلالا ولا يقبل تاويلا بحال نحو الاخبار عن الجمع بين الضدين قال ابن الجوزی وكل حديث رايته يخالف العقول ويناقض الاصول فاعلم انه موضوع فلا تتكلف اعتباره ای لا تعتبر رواته ولا تنظر فی جرحهم او يكون مما يدفعه الحس والمشاهدة او مبائنا

---

نے فرمایا کہ اگر آپ نہ ہوتے تو میں جہان کو پیدا ہی نہ کرتا) اور یہ حدیث کہ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں۔ اور حدیث یوم صومکم یوم نحرکم اور یہ حدیث کہ اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔ اور اس کے علاوہ بھی کئی احادیث ہیں جو احادیث کی نقد و جرح کرنے والے حضرات کی تصانیف مثلاً" موضوعات لابن الجوزی' اللالی المصنوعة فی الاحاديث الموضوعة والدرر المنثورة فی الاحاديث المشهورة یہ دونوں کتابیں امام سیوطیؒ کی ہیں اور المقاصد الحسنة فی الاحاديث المشتهرة علی الالسنة' یہ امام سخاوی کی ہے اور ملا علی قاری مکیؒ کی تذکرۃ الموضوعات وغیرہ کا مطالعہ کرنے والے پر مخفی نہیں ہیں۔

اور محمد بن عبد الرحمٰن السخاویؒ نے فتح المغيث بشرح الفية الحديث میں کہا ہے کہ حدیث مشہور کا اطلاق اس پر بھی کیا جاتا ہے جو دو یا دو سے زائد اسناد سے مروی ہو اور اس پر بھی کیا جاتا ہے جو لوگوں کی زبانوں پر مشہور ہو۔ تو یہ شامل ہوگا اس پر بھی جس کی ایک یا اس سے زائد اسناد ہوں بلکہ اس پر بھی جس کی کوئی سند نہ ہو۔ جیسا کہ یہ روایت کہ میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں اور یہ حدیث کہ (نبی کریم ﷺ نے فرمایا) میں عادل بادشاہ کسریٰ کے زمانہ میں پیدا ہوا ہوں' اور یہ احادیث لوگوں میں مشہور ہیں مگر یہ بالکل موضوع ہیں۔ اور اس

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

لنص الكتاب او السنة المتواترة او الاجماع القطعى او يتضمن الافراط بالوعيد الشديد على الامر اليسير او بالوعد العظيم على الفعل اليسير وهذا الاخير كثير موجود فى حديث القصاص انتهى وقال الحافظ ابن حجر فى شرح نخبة الفكر ومنها اى قرائن الوضع ما يوجد من حال المروى كان يكون مناقضا لنص القرآن او السنة المتواترة اوالاجماع القطعى او صريح العقل انتهى قال السيوطى فى تدريب الراوى بشرح تقريب النواوى ومن جملة دلائل الوضع ان يكون مخالفا للعقل بحيث لا يقبل اى تاويل او يكون مما يدفعه الحس والمشاهدة وان يكون منافيا لادلة الكتاب القطعية او السنة المتواترة او الاجماع القطعى وقال ابن الجوزى ما

---

قسم کی اور بھی بہت سی احادیث ہیں اور جو شخص ابن جوزی کی الموضوعات کا مطالعہ کرے گا تو وہ اس قسم کی بہت سی احادیث کو پہچان لے گا۔ انتہی (امام سخاوی کی عبارت مکمل ہوئی) اور اسی طرح انہوں نے فرمایا کہ جن روایات کو حضرات محدثین کرام نے مشہور قرار دیا ہے' ان کے علاوہ کسی مشہور کا اعتبار نہ ہوگا۔ انتہی اور خلاصہ یہ ہے کہ (اصول کی حدیث کی رو سے) شہرت اصطلاحیہ یہ ہے کہ حدیث کے راوی طبقہ اولیٰ میں آحاد یعنی چند ہوں اور اس کے بعد ان کی تعداد بکثرت ہو جائے جیسا کہ اصحاب اصول حنفیہ نے ذکر کیا ہے (یعنی احناف کے اصول فقہ کے مصنفین نے اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے) یا اس کی اسناد معدود مگر دو سے زائد ہوں جیسا کہ علماء اصول حدیث نے ذکر کیا ہے تو شہرت اصطلاحیہ ان روایات میں (جو قضاء عمری والے حضرات پیش کرتے ہیں) نہیں پائی جاتی۔ اس لیے کہ یہ تو طرق اور اسانید ہی سے خالی ہے۔ اور بہرحال شہرت مطلقہ اس معنی میں کہ عام لوگوں کی زبانوں پر مشہور ہیں تو اس شہرت کا اعتبار نہیں ہے۔ ورنہ تو بہت سی موضوع احادیث کو قبول کرنا پڑے گا۔

**اعتراض:** پس اگر کوئی یوں کہے کہ یہ روایات فقہاء کے ہاں مشہور ہیں۔

**جواب:** تو ہم کہیں گے کہ ایسا نہیں ہے اس لیے کہ مذاہب اربعہ کی اکثر کتب فقہ ان کے ذکر سے خالی ہیں' اگر وہ یہ دعوی کرے کہ یہ محدثین کے ہاں مشہور ہیں تو

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

احسن قول القائل اذا رايت الحديث يباين المعقول او يخالف المنقول او يناقض الاصول فاعلم انه موضوع قال و معنى مناقضة الاصول ان يكون خارجا عن دواوين الاسلام المسانيد والكتب المشهورة انتهى ملخصا و مثله فى مقدمة ابن الصلاح ومختصر ابن جماعة و خلاصة الطيبى وغيرها من كتب اصول الحديث و تفصيل هذا البحث مفوض الى رسالتى ظفر الامانى بشرح المختصر المنسوب الى الجرجانى وفقنا الله لختمه كما وفقنى لبدئه ومن المعلوم ان هذه القرائن التى ذكروها لكون الحديث موضوعا موجودة فى هذه الروايات التى سطروها فانها مخالفة للعقول ومبائنة للاصول ومناقضة لصحيح المنقول ولا اثر لها فى دواوين

---

ہم کہیں گے کہ ایسا دعویٰ کرنے والا جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے پس بیشک حدیث کی اکثر کتابیں بلکہ ساری کی ساری کتب میں ان کا کوئی نام ونشان ہی نہیں ہے۔

پس اگر کوئی یوں کہے کہ بڑے مرتبے اور بڑی شہرت والے حضرات کا ان روایات کو نقل کرنا ہی ان سے دلیل پکڑنے کے لیے کافی ہے تو ہم کہیں گے کہ ہرگز اسناد کے بغیر حدیث قبول نہیں کی جا سکتی اگرچہ معتمد آدمی اس کو نقل کرے خصوصاً جبکہ نقل کرنے والا احادیث کی پرکھ کرنے والوں (ائمہ جرح وتعدیل) میں سے نہ ہو اور کسی کا بلند شان والا ہونا اس کی ہر منقولہ بات کے قبول کر لینے کو واجب نہیں کرتا۔ کیا آپ احیاء العلوم والے (امام غزالیؒ) کو نہیں دیکھتے کہ اس نے بلند قدر ہونے کے باوجود اپنی کتاب میں ایسی حدیثیں لائی ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ تو ان کا کوئی اعتبار نہیں کیا گیا جیسا کہ حافظ عراقی کی تخریج احادیث کے مطالعہ سے یہ چیز واضح ہو جاتی ہے۔ اور اسی طرح صاحب ہدایہ باوجودیکہ وہ احناف کے اجل حضرات میں سے ہیں، انہوں نے بھی بعض غریب اور ضعیف روایات پیش کی ہیں تو ان (روایات) پر اعتماد نہیں کیا جاتا جیسا کہ زیلعی کی ہدایہ کی تخریج احادیث (نصب الرایہ) اور ابن حجر عسقلانیؒ کی تخریج احادیث (الدرایہ) کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

**ساتویں وجہ:** بیشک ان (قضاء عمری کے لیے پیش کی جانے والی) روایات کے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الحديث المشهورة المعتبرة الكافلة بجمع آثار الرسول وفيها من ركاكة الالفاظ ما لا يخفى على المتبحر ووعد كثير مبائن للعقل والنقل على الفعل القليل المختصر والذى اظنه ظنا صحيحا ان شاء الله تعالىٰ ان امثال هذه الروايات وضعها بعض المتعبدين الجاهلين ظنا منهم انهم يحسنون من غير علم انهم فى ذلک مواخذون و نقل عنهم جمع بعد جمع اعتمادا عليهم واغترارا بحسن سيرتهم ويشهد لذلک انه لا يوجد امثال هذه الروايات الا فى كتب اصحاب الاوراد والوظائف ورسائل من يقصد جمع الغرائب واللطائف من غير تنقيد وتسديد ولو كان لها اصل لكان له اثر فى كتب الصحاح او السنن او المسانيد وغيرها من تصانيف

---

موضوع ہونے کی علامات ظاہر ہیں اور من گھڑت ہونے کے قرائن ان پر قائم ہیں۔ حافظ زین الدین عراقیؒ نے شرح الفیہ الحدیث میں فرمایا ہے کہ ابن الصلاح نے کہا ہے کہ حدیث کا موضوع ہونا یا تو واضع کے اقرار سے یا اس کے اقرار کے قائم مقام چیز کے پائے جانے سے پہچانا جاتا ہے۔ اس نے کہا کہ بیشک (حضرات محدثین کرام) راوی یا مروی روایت کی حالت سے ہی اس کا موضوع ہونا پہچان لیتے ہیں۔ پس بیشک لمبی لمبی احادیث وضع کی گئی ہیں جن کے الفاظ یا ان کے معنی کی کمزوری ہی ان کے موضوع ہونے پر شاہد ہیں۔ انتھی

اور ہم نے ربیع بن خیثم سے روایت کی ہے اس نے کہا کہ حدیث کے لیے روشن دن کی چمک کی طرح چمک ہوتی ہے جس کو پہچانا جا سکتا ہے اور (من گھڑت روایت میں) رات کی تاریکی جیسی تاریکی ہوتی ہے جس کا انکار کیا جاتا ہے اور ابن جوزی نے کہا آپ جان لیں کہ بیشک منکر حدیث کی وجہ سے طالب علم کی جلد کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اکثر دل اس سے تنفر کرتا ہے۔ انتھی

اور سخاوی نے شرح الالفیہ میں فرمایا کہ بسا اوقات روایت میں لفظی یا معنوی کمزوری کی وجہ سے وضع کو پہچانا جاتا ہے۔ اس لیے کہ حضور ﷺ کو لفظ اور معنی

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

المحدثین او کان له ذکر فی کتب الفقهاء المعتبرین واذ لیس فلیس فان قال قائل نقلة هذه الروایات من الثقات ویستبعد عنهم نقل الخرافات والمکذوبات قلنا کونهم من المتدینین لا یستبعد به وقوع ذلک عنهم ولا اقول انهم نقلوا ذلک مع علمهم بکذب ذلک بل وقع لهم الاغترار بقول غیرهم فانهم لیسوا من المحدثین ولا اسندوها الی احد من الناقدین والعبرة فی هذا الباب لهم لا لغیرهم وقد قال السخاوی فی شرح الالفیة واضرهم ای الوضاعین قوم زهد و صلاح نسبوا کابی بشر احمد بن محمد المروزی الفقیه وابی داؤد النخعی وقد وضعوا الاحادیث فی الفضائل والرغائب للحسبة بمعنی انهم یحتسبون بزعهم الباطل وجهلهم فی صنیعهم ذلک لا جر

---

دونوں میں اور اسی طرح ان میں سے ہر ایک میں بھی قوت فصاحت حاصل تھی۔ اور معنی میں کمزوری کا مطلب یہ ہے کہ بداہتا" واستدلالا" عقل کے مخالف ہو اور تاویل کو کسی حال میں قبول نہ کرے جیساکہ ایسی اخبار جن میں اجتماع ضدین ہو۔ ابن جوزی نے فرمایا کہ ہر ایسی حدیث جس کو آپ عقل کے خلاف اور اصول سے متصادم دیکھیں تو جان لیں کہ وہ موضوع ہے۔ اس کے رواۃ کا اعتبار نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی ان کے معاملہ میں جرح کو دیکھا جائے گا۔ یا وہ حدیث ایسی ہو جس کو حس اور مشاہدہ رد کرتے ہیں یا وہ کتاب اللہ کی نص یا سنت متواترہ یا قطعی اجماع کے مباین ہو یا وہ معمولی بات میں بہت بڑی وعید یا تھوڑے سے فعل پر بہت بڑے وعدے پر مشتمل ہو اور یہ آخری صورت قصاص سے متعلق احادیث میں بکثرت موجود ہے۔ انتہی (یعنی وہ روایات جن میں آتا ہے کہ جن لوگوں کے بارہ میں جنت کا فیصلہ ہو جائے گا مگر ان کے آپس میں معاملات ہوں گے تو ان کو ایک پل پر روک لیا جائے گا تو وہاں اپنے معاملات کو نمٹالیں گے۔ ان میں ایسا آدمی بھی ہوگا جو اپنا حق معاف کرنے پر آمادہ نہ ہوگا تو اس کو جنت میں بہت بڑے محل اور بدلہ کا لالچ دیا جائے گا۔ اس قسم کی روایات کی طرف اشارہ ہے)

اور حافظ ابن حجرؒ نے شرح نخبة الفکر میں فرمایا ہے کہ موضوع حدیث کے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وطلب الثواب فقبلت تلک الموضوعات رکونا الیهم ووثوقا بهم لما اتصفوا به من التدین انتهی وقال العراقی وضرب یتدینون بذلک لترغیب الناس فی افعال الخیر بزعمهم وهم منسوبون الی الزهد وهم اعظم الاصناف ضررا لانهم یحتسبون بذلک ویرونه قربة فلا یمکن ترکهم لذلک والناس یرکنون الیهم لما سنوا له من الزهد والصلاح فینقلونها عنهم ولهذا قال یحیی بن سعید القطان ما رایت الصالحین اکذب منهم فی الحدیث یرید والله اعلم بذلک المنسوبین للصلاح بغیر علم یفرقون به بین ما یجوز لهم وما یمتنع علیهم انتهی وقد صرح جمع من المحدثین بکون امثال هذه الروایات موضوعة وبکون هذه الصلوة بدعة باطلة قال علی القاری

---

قرائن میں سے ایک یہ ہے کہ مروی روایت کی حالت ایسی پائی جائے کہ وہ نص قرآنی یا سنت متواترہ یا قطعی اجماع یا صریح عقل کے خلاف ہو۔ انتہی

اور سیوطیؒ نے تقریب النواوی کی شرح تدریب الراوی میں فرمایا ہے کہ وضع کے دلائل میں سے یہ بھی ہے کہ وہ عقل کے مخالف ہو اور تاویل کو قبول نہ کرے یا اس کو حس اور مشاہدہ رد کرے اور یہ کہ وہ کتاب کے قطعی دلائل یا سنت متواترہ یا قطعی اجماع کے منافی ہو۔

اور ابن الجوزیؒ نے فرمایا کہ قائل کی یہ بات کیا ہی اچھی ہے کہ جب آپ دیکھیں کہ حدیث معقول کے مباین یا منقول کے مخالف یا اصول سے متصادم ہے تو جان لیں کہ وہ حدیث موضوع ہے اور کہا کہ اصول سے متصادم ہونے کا معنی یہ ہے کہ مسانید کے بارہ میں اسلامی تالیفات اور مشہور کتابوں سے خارج ہو۔ انتہی ملخصاً" اور اسی کے مثل مقدمہ ابن الصلاح اور مختصر ابن جماعہ اور خلاصۃ الطیبی وغیرہ اصول حدیث کی کتابوں میں مذکور ہے۔ اور اس بحث کی تفصیل میں نے اپنے رسالہ ظفر الامانی بشرح المختصر المنسوب الی الجرجانی کے لیے چھوڑ دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کے پورا کرنے کی توفیق دے جیسا کہ اس نے اس کے شروع کرنے کی توفیق دی ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

المکی فی تذکرة الموضوعات حدیث من قضی صلوة من الفرائض فی آخر جمعة من رمضان کان ذلک جابرا لکل صلوة فائتة فی عمره الی سبعین سنة باطل قطعا لانه مناقض للاجماع علی ان شیئا من العبادات لا یقوم مقام فائتة سنوات ثم لا عبرة بنقل صاحب النهایة ولا بقیة شراح الهدایة لانهم لیسوا من المحدثین ولا استندوا الحدیث الی احد من المخرجین انتهی ومثله فی رسالة اخری مختصرة له فی الموضوعات مسماة بالمصنوع فی معرفة الموضوع وقال القاضی الشوکانی فی الفوائد المجموعة فی الاحادیث الموضوعة حدیث من صلی فی آخر جمعة من رمضان الخمس الصلوات المفروضة فی الیوم واللیلة قضت عنه ما اخل به من صلوة

---

اور یہ واضح بات ہے کہ یہ قرائن (جو محدثین کرام نے موضوع حدیث کے بیان کیے ہیں) ان روایات میں جو ان حضرات (قضاء عمری کے قائلین) نے ذکر کی ہیں' ان میں موجود ہیں۔ بیشک وہ روایات عقل کے مخالف اور اصولؔ کے مباین اور صحیح منقول سے متصادم ہیں۔ اور حدیث کی ان معتبر اور مشہور کتب میں ان کا کوئی نشان تک نہیں ہے جن کتابوں میں آثار رسول ﷺ کو جمع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اور پھر ان روایات میں الفاظ کی بھی ایسی کمزوری ہے جو کسی عالم پر مخفی نہیں ہے۔ اور بہت ہی مختصر فعل پر بہت بڑا وعدہ' یہ عقل اور نقل دونوں کے خلاف ہے۔

اور میں یہ خیال کرتا ہوں اور ان شاء اللہ میرا خیال صحیح ہوگا کہ بیشک اس جیسی روایات کو بعض جاہل قسم کے مبتدعین نے وضع کیا ہے' یہ خیال کرتے ہوئے کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں اور وہ اس سے بے خبر رہے کہ اس بارہ میں ان کا مواخذہ بھی کیا جائے گا۔ اور ان پر اعتماد اور ان کے حسن سیرت سے دھوکہ کھانے کی وجہ سے یہ روایات جماعت در جماعت نقل ہوتی گئیں۔

اور اس کی شہادت یہ چیز دیتی ہے کہ یہ احادیث صرف صوفیاء کی کتابوں میں ملتی ہیں یا ان لوگوں کے رسائل میں ملتی ہیں جو تنقید اور اصلاح کی پرواہ کیے بغیر غرائب

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

سنة هذا موضوع بلا شك فيه ولم اجده فی شئی من الکتب التی جمع مصنفوها فیها الاحادیث الموضوعة ولکنه اشتهر عند جماعة من المتفقهة بمدینة صنعاء فی عصرنا هذا وصار کثیر منهم یفعلون ذلک ولا ادری من وضعه لهم فقبح اللّٰه الکذابین انتهی وقال الشیخ عبدالعزیز الدهلوی فی رسالته العجالة النافعة عند ذکر قرائن الوضع ما معربه الخامس ان یکون مخالفا لمقتضی العقل و تکذبه القواعد الشرعیة مثل القضاء العمری ونحو ذلک انتهی و فی شرح المواهب اللدنیة لمحمد بن عبد الباقی الزرقانی المالکی نقلا عن شرح منهاج النووی لابن حجر المکی الهیثمی الشافعی المسمی بالتحفة بعد ذکر قباحة حفیظة رمضان وسیاتی ذکرها واقبح من

---

اور لطائف کو جمع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

اور اگر ان روایات کی کچھ بھی اصل ہوتی تو یہ ان کتب صحاح، سنن یا مسانید وغیرہ میں ہوتیں جو محدثین کرام نے تصنیف فرمائی ہیں۔ یا ان کا ذکر معتبر فقہاء کی کتابوں میں ہوتا۔ جب یہ بات نہیں ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان روایات کی کوئی اصل ہی نہیں ہے۔

**اعتراض:** پس اگر کوئی کہنے والا یوں کہے کہ یہ روایات ایسے ثقہ راویوں سے منقول ہیں جن سے خرافات اور جھوٹی روایات کا نقل کرنا بعید ہے۔

**جواب:** تو ہم کہتے ہیں کہ ان راویوں کے دیندار ہونے کے باوجود ان سے اس کا صادر ہونا بعید نہیں ہے اور میں یہ نہیں کہتا کہ انہوں نے ان کے کذب کا علم ہونے کے باوجود ان کو نقل کیا ہے بلکہ ان کو دوسرے لوگوں کے قول سے مغالطہ لگ گیا ہے۔ پس بیشک نہ تو وہ محدثین میں سے ہیں اور نہ انہوں نے ناقدین حدیث میں سے کسی کی جانب ان احادیث کی اسناد کی ہے۔ اور اس (حدیث کے قبول کرنے اور نہ کرنے) کے باب میں ان (محدثین اور ناقدین) کا اعتبار ہے، کسی دوسرے کا اعتبار نہیں ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

ذلک ما اعتید فی بعض البلاد من صلوة الخمس فی ھذہ الجمعة
عقب صلاتھا زاعمین انھا تکفر صلوات العام او العمر المتروکة
وذلک حرام لوجوہ لا تخفی انتھی ونقل بعضھم عن حمایة الفقہ لا
سبیل لقضاء الصلوات الخمس فی آخر جمعة رمضان کما قیل من
قضی صلوات خمسة فھی جابرة لسبعین سنة لان الاحادیث المرویة
فیہ موضوعة عند المحدثین انتھی ونقل ایضا عن مواھب المنان
شرح تحفة الاخوان والتبیین وما اعتادہ بعض اھل خراسان من
قضاء الفوائت المتکثرة بقضاء صلوة یوم واحد فی الجمعة الاخیرة
من رمضان خلف الامام فلیس بشئی لان فیہ مفاسد احدھا ان من
شرط الاقتداء اتحاد صلوة الامام والماموم اتحادا شخصیا وھذا لا

---

اور امام سخاویؒ نے شرح الالفیہ میں فرمایا ہے کہ ان (احادیث کو) وضع کرنے والے حضرات میں سے سب سے زیادہ نقصان پہنچانے والا وہ طبقہ ہے جو زہد اور صلاح کی جانب منسوب ہے (یعنی صوفیاء کرام) جیسے ابو بشر بن احمد بن محمد المروزی الفقیہ' اور ابو داؤد النخعی بیشک انہوں نے ترغیبات اور فضائل میں نیکی کی امید سے احادیث وضع کی ہیں یعنی وہ اپنے زعم باطل اور اپنی اس کارروائی کو جہالت کی وجہ سے اجر اور ثواب خیال کرتے ہیں' پھر ان پر اعتماد اور ان کے دین داری کے ساتھ متصف ہونے کے باعث ان پر وثوق کی وجہ سے یہ موضوع روایات قبول کر لی گئیں۔ انتھی

اور عراقی نے کہا کہ (ان وضاعین میں سے) ایک طبقہ کے لوگ اپنے زعم کے مطابق خیر کے کاموں میں لوگوں کو رغبت دلانے کے لیے اس (وضع حدیث) کو دینداری سمجھتے ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو زہد کی جانب منسوب ہیں (یعنی صوفیاء کرام) اور یہ طبقہ باقی تمام کی بہ نسبت زیادہ ضرر رساں ہے کیونکہ وہ اس کو نیکی اور قربت خیال کرتے ہیں تو ان کا اس کو چھوڑنا کیسے ممکن ہے۔ اور لوگ ان پر اعتماد کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے زہد اور صلاح کا طریق اختیار کیا ہوا ہے' پھر وہ لوگ ان سے ان (موضوع روایات) کو نقل کرتے ہیں۔ اور اسی لیے یحیٰ بن سعید القطانؒ نے فرمایا کہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

يوجد فيهم يقينا والثانی انهم يعتقدون ان هذه الصلوة تكفيهم عن جميع الفوائت وهذا الاعتقاد يقلع اصل احكام الاسلام والثالث انها اعلان وتشهير لكبائر نفوسهم وهو فسق والرابع انها اختراع بدعی وضلالة ما اجاز لهم الشارع لذلک لا دلالة ولا اشارة ولا قياسا ولا اجماعا وما رواه من حديث فی ذلک كذب لا ينبغی لمومن المحقق ان يصغی اليه كما حققه علی القاری فی التذكرة والفاضل الگجراتی فی مجمع البحاز وغيرهما فی غيرهما انتهی وقد بلغنی عن بعض الناس لما ارسلت اليهم عبارة القاری الدالة علی الوضع انه قال لا اعتبار للقاری بحذاء صاحب النهاية فالمعتمد هو نقل صاحب النهاية لا حكم القاری وهذا قول اظن ان

---

میں نے حدیث کے معاملہ میں صوفیاء سے زیادہ جھوٹا کسی کو نہیں دیکھا۔ اس کی (اس قول سے یحییٰ بن سعید کی) مراد کو اللہ ہی جانتا ہے' بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرات جائز اور ناجائز کا علم نہ ہونے کی وجہ سے فرق نہیں کر سکتے اور وہ زہد کی جانب منسوب ہیں۔ انتہی (چونکہ ان کا اپنا باطن صاف ہوتا ہے اس لیے وہ دوسروں کو بھی ایسا ہی سمجھ کر ان کی بات کا اعتماد کر لیتے ہیں۔ مترجم)

## قضاء عمری کے بدعت ہونے پر اقوال

اور بیشک محدثین کی جماعت نے اس جیسی روایات کے موضوع ہونے اور اس نماز کے بدعت باطلہ ہونے کی تصریح کی ہے۔

ملا علی قاریؒ نے تذکرۃ الموضوعات میں فرمایا کہ وہ حدیث جس میں یہ آتا ہے کہ جس آدمی نے رمضان کے آخری جمعہ میں فرض نمازوں کی قضا کی نیت سے نماز پڑھی تو یہ نماز اس کی تمام فوت شدہ نمازوں حتیٰ کہ ستر سال کی نمازوں کی طرف سے تلافی بن جاتی ہے تو یہ حدیث قطعاً باطل ہے کیونکہ یہ اجماع کے منافی ہے اس لیے کہ اس بات پر اجماع ہے کہ عبادات میں سے کوئی عبادت کئی سالوں کی فوت شدہ عبادت کے قائم مقام نہیں ہو سکتی۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

من صدر عنه جاهل لا يعرف مراتب المحققين ولا يعلم الفرق بين الفقهاء والمحدثين فان اللّٰه تعالیٰ خلق لكل فن رجالا وجعل لكل مقام مقالا ويلزم علينا ان ننزلهم منازلهم ونضعهم بمراتبهم فاجلة الفقهاء اذا كانوا عارين من تنقيد الاحاديث لا نسلم الروايات التى ذكروها من غير سند ولا مستند الا بتحقيق المحدثين ونقلة الاحاديث اذا كانوا عارين عن الفقاهة لا نقبل كلامهم فى الفقه كلام الفقهاء المعتبرين وقس على هذا صاحب كل فن بكل فن فصاحب النهاية وان كان من اجلة الفقهاء لكنه ليس ببالغ الى مراتب المحدثين فلا نقبل رواياته بلا سند الا اذا نص على اعتبارها جمع من المحدثين فان العبرة فى هذا الباب كما مر غير

---

پھر صاحب نہایہ اور ہدایہ کے دیگر شراح کی (اس بارہ میں) نقل کا کوئی اعتبار نہیں ہے اس لیے کہ وہ نہ تو محدثین میں سے ہیں اور نہ ہی انہوں نے احادیث جمع کرنے والوں میں سے کسی کی جانب حدیث کی اسناد کی ہے انتھی (یعنی انہوں نے اس حدیث کی کوئی سند بھی بیان نہیں کی)

اور اسی کے مثل انہوں نے موضوع روایات کے بارے میں لکھے گئے اپنے دوسرے مختصر رسالہ جس کا نام المصنوع فی معرفۃ الموضوع ہے' اس میں فرمایا ہے۔

اور قاضی شوکانیؒ نے الفوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ میں فرمایا ہے کہ یہ حدیث جس میں یہ آتا ہے کہ جس نے رمضان کے آخری جمعہ میں دن رات میں پانچ نمازیں (قضاء کی نیت سے) پڑھ لیں تو اس کی سال بھر کی نمازوں کی قضا ہو جاتی ہے تو یہ حدیث موضوع ہے اور اس کے موضوع ہونے میں کوئی شک نہیں ہے اور میں نے ان مصنفین کی کتابوں میں سے کسی میں بھی اس حدیث کو نہیں پایا جنہوں نے اپنی کتابوں میں موضوع احادیث بھی جمع کی ہیں۔ لیکن صنعاء شہر کے فقیہ خیال کی جانے والی ایک جماعت سے ہمارے اس زمانہ تک یہ (نماز قضاء عمری) مشہور ہے اور ان کی اکثریت یہ کرتی ہے۔ اور میں نہیں جانتا کہ ان کے لیے اس کو کس نے ایجاد کیا ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

مرة بهم لا بغيرهم هذا وخلاصة المرام فی هذا المقام ان الروايات
فی باب القضاء العمری مكذوبة وموضوعة والاهتمام به مع اعتقاد
تكفير ما مضى بدعة باطلة وليس العمل به الا كالعمل باحاديث
صلوة الرغائب وصلوة شعبان وغيرها مما صرحوا بوضعها
واختلافها وقد صرحوا بان العمل بالحديث الموضوع وكذا ذكره
من دون اقتران حكم وضعه محرم لا يفعله من له ادنى حلم ومن الامور
المحدثة الباطلة فی آخر جمعة رمضان كتابة حفيظة رمضان قال
السخاوی فی المقاصد الحسنة فی الاحاديث المشترة على الالسنة
حديث لا آلاء الا آلائک يا الله انک سميع عليم محيط به علمک
كعسهلون وبالحق انزلنه وبالحق نزل هذه الفاظ اشتهرت ببلاد

---

پس اللہ تعالیٰ کذابوں کو خیر سے محروم کرے۔ انتہی۔

اور الشیخ عبد العزیز الدہلویؒ نے اپنے رسالہ العجالتہ النافعہ میں حدیث کے موضوع ہونے کے چند قرائن ذکر کرنے کے بعد فرمایا جس کی عبارت اس طرح ہے۔

"پانچواں قرینہ یہ ہے کہ وہ حدیث مقتضاء عقل کے مخالف ہو اور قواعد شرعیہ اس کی تکذیب کرتے ہوں جیسا کہ قضاء عمری وغیرہ" انتہی۔

اور محمد بن عبد الباقی الزرقانی المالکیؒ کی کتاب شرح اللدنیہ میں ابن حجر المکی الہیثمی الشافعی کی کتاب التحفہ جو منہاج النووی کی شرح ہے، اس سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے بعد اس کے کہ انہوں نے رمضان میں پائی جانے والی بعض ایسی چیزوں کی قباحت ذکر کی ہے جن کا رمضان میں اہتمام کیا جاتا ہے۔ اور عنقریب ان کا ذکر آئے گا۔ اور ان میں سے بد ترین وہ ہے جو بعض شہروں میں عادت بنالی گئی ہے کہ اس جمعہ کی نماز کے بعد پانچ نمازیں اس خیال سے پڑھتے ہیں کہ یہ سال بھر یا عمر بھی کی چھوڑی ہوئی نمازوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔ اور یہ کئی ایسی وجوہ سے حرام ہے جو مخفی نہیں ہیں۔ اور ان میں سے بعض نے حمایۃ الفقہ سے نقل کیا ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ میں پانچ نمازوں کو قضاء کی نیت سے پڑھنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ جیسا کہ

اليمن ومكة ومصر والمغرب انها خفيظة رمضان يحفظ من الغرق والسرق والحرق وسائر الافات ويكتب فى آخر جمعة منه فجمهورهم يكتبونه والخطيب يخطب على المنبر وبعضهم بعد صلوة العصر وهى بدعة لا اصل لها وان وقع فى كلام بعضهم ورووها فى حديث ضعيف وكان شيخنا ينكرها جدا حتى وهو على المنبر فى اثناء الخطبة حين يرى من يكتبها كما بينه فى الجواهر والدرر انتهى ونقله عنه تلميذه القسطلانى فى المواهب اللدنية واقره وقال الزرقانى فى شرحه نقلا عن التحفة جزم ايمتنا وغيرهم بحرمة كتابة و قرائة الكلمات الاعجمية التى لا يعرف معناها وقول بعض كعسهلون حية محيطة بالعرش راسها على ذنبها لا يعول عليه لان

---

کہا گیا ہے کہ جس آدمی نے پانچ نمازیں قضا کی نیت سے پڑھ لیں' یہ ستر سال کی کوتاہی کی تلافی کر دیتی ہیں اس لیے کہ یہ احادیث جو اس بارہ میں مروی ہیں' یہ محدثین کے ہاں موضوع ہیں۔ انتہی۔ اور اسی طرح مواهب المنان شرح تحفة الاخوان والتبيين سے نقل کیا گیا ہے کہ بعض اہل خراسان نے جو عادت اپنائی ہے کہ وہ بہت سی فوت شدہ نمازوں کی قضا رمضان کے آخری جمعہ میں ایک دن کی نماز قضا کی نیت سے امام کے پیچھے پڑھتے ہیں' اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے اس لیے کہ اس میں بہت سے مفاسد ہیں۔

**فساد کی پہلی وجہ:** بیشک اقتداء کی شرطوں میں سے ایک شرط یہ ہے کہ امام اور مقتدی کی نماز کا اتحاد شخصی ہو (یعنی فرائض کی ادائیگی کے لیے ہر لحاظ سے اتحاد ہو کہ جیسی اور جو نماز امام کی ہے' وہی مقتدی کی ہو۔ البتہ فرض پڑھنے والے امام کے پیچھے نفل پڑھنے کا مسئلہ جدا ہے۔ مترجم) اور یہ اتحاد اس صورت میں نہیں پایا جاتا (اس لیے کہ معلوم نہیں کہ امام کی کس دن کی پہلی نماز قضا ہوئی تھی اور مقتدیوں کی کون سی تھی)

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

مثل ذلک لا مدخل للرای فیہ فلا یقبل فیہ الا ما ثبت عن معصوم علی انها بهذا المعنی لا تلائم ما قبلها فی الحفیظة وهو لا آلاء الا آلاؤک بل هذا اللفظ فی غایة الابهام ومن ثم قیل انها اسم صنم ادخلها ملحد علی جهة العوام وکان بعضهم اراد رفع ذلک الابهام فزاد بعد الجلالة محیط به علمک کعسهطون ای کاحاطة تلک الحیة بالعرش وهو غفلة عما تقریران هذا لا یقبل الا ما صح فیہ عن معصوم واقبح من ذلک ما اعتید فی بعض البلاد من صلوة الخمس فی هذه الجمعة الی آخر ما نقله سابقا وقال ابن الحاج المالکی فی المدخل وینهی الناس عن کتبهم الحفائظ فی آخر جمعة من رمضان فی حال الخطبة الثالث انه یشتغل عن سماع الخطبة الرابع

---

**فساد کی دوسری وجہ:** بیشک وہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ یہ نماز ان کی تمام فوت شدہ نمازوں کی جگہ کافی ہو جاتی ہے اور یہ اعتقاد تو احکام اسلام کی جڑ ہی اکھاڑ دیتا ہے۔ (یعنی اس نظریہ کی روشنی میں تو احکام اسلام باقی ہی نہ رہیں گے اس لیے کہ کئی سال زکوۃ نہ دینے والا ایک دفعہ زکوۃ دے کر کہہ دے گا کہ گزشتہ سالوں کی تلافی ہو گئی۔ اسی طرح روزوں وغیرہ کا معاملہ ہوگا تو احکام اسلام باقی ہی نہ رہیں گے)

**فساد کی تیسری وجہ:** بیشک یہ اپنے کبائر کا اعلان اور تشہیر ہے اور یہ فسق ہے۔

**فساد کی چوتھی وجہ:** بیشک یہ من گھڑت بدعت اور گمراہی ہے جس کی شارع علیہ السلام نے اجازت نہیں دی' نہ دلالتا" اور نہ اشارۃ" نہ قیاسا" اور نہ اجماعا" اور جو اس بارہ میں حدیث روایت کرتے ہیں' وہ ایسا جھوٹ ہے کہ کسی حق والے مومن کو مناسب ہی نہیں کہ اس کی جانب کان لگائے جیسا کہ ملا علی قاری نے اس کی تحقیق تذکرہ میں اور فاضل گجراتی نے مجمع البحار میں اور ان کے علاوہ دیگر حضرات نے اپنی کتب میں کی ہے انتہی۔

اور مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کچھ لوگوں کو جب ملا علی قاریؒ کی یہ عبارت

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

انه يشتغل ببدعة ويترک ما اختلف فيه الناس من الاصغاء حال الخطبة هل هو فرض او سنة موكدة الخامس ما احدثوه من بيعها وشرائها فی المسجد فينهى عن ذلک ويزجر فاعله وبعض الناس يكتبها بعد العصر يوم الجمعة وذلک بدعة ايضا لكنها اخف من البدعة المتقدم ذكرها اذ ليس ثم خطبة يشتغل عنها ولو كتبها واسقط عنها اللفظ العجمی ولم يتخد لكتابتها وقتا معلوما لكان ذلک جائزا انتهى ومن الامور المحدثة تسميتهم الجمعة الاخرة من جمعات رمضان بجمعة الوداع وهذه التسمية وان لم يرد بها كتاب ولا سنة لكن لا باس بذلک اخذا من تسمية آخر جمعات النبی صلعم فی السنة العاشرة من الهجرة بحجة الوداع وليس فی امثال

---

پہنچی جس میں انہوں نے اس روایت کو موضوع کہا ہے تو ان لوگوں نے کہا کہ صاحب النہایہ کے مقابلہ میں ملا علی قاری" کا کوئی اعتبار نہیں ہے کیونکہ صاحب النہایہ کی نقل کا اعتماد ہے نہ کہ ملا علی قاری کے حکم کا۔ اور میں خیال کرتا ہوں کہ ایسی بات کوئی ایسا جاہل آدمی ہی کہہ سکتا ہے جو محققین کے مراتب کو نہیں پہچانتا اور نہ ہی وہ محدثین اور فقہاء کے درمیان فرق کو جانتا ہے۔ پس بیشک اللہ تعالیٰ نے ہر فن کے لیے مستقل آدمی پیدا فرمائے ہیں اور ہر ایک کے کلام کرنے کا مقام مختلف ہے۔ اور ہم پر لازم ہے کہ ہم ان کو ان کے مقام پر ہی اتاریں اور ان کے مراتب پر ہی رکھیں۔ پس اجل فقہاء جب وہ احادیث کی تنقید کے فن سے ناواقف ہوں تو ہم وہ روایات ان کی تسلیم نہیں کرتے جو وہ بلا سند ذکر کریں اور کوئی روایت محدثین کی تحقیق کے بغیر مستند ہو ہی نہیں سکتی۔ اور محدثین کا احادیث کو نقل کرنا جبکہ وہ فقاہت سے ناواقف ہوں تو ہم ان کی بات فقہی مسائل میں تسلیم نہیں کرتے کیونکہ فقہ میں معتبر فقہاء کے کلام کا ہی اعتبار کیا جاتا ہے۔ اور اسی پر آپ باقی ہر فن والے کے بارے میں قیاس کریں۔ پس صاحب النہایہ اگرچہ اجل فقہاء میں سے ہیں لیکن وہ محدثین کے مراتب تک پہنچنے والے نہیں ہیں تو ان کی بلا سند روایت ہم قبول نہیں کر سکتے۔ مگر اس وقت جبکہ محدثین کی جماعت سے اس کا اعتبار کرنے پر صراحت موجود ہو۔ پس اس باب میں

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

هذه التسمية ابتداع غير مشروع واختراع امر ممنوع ومن الامور المحدثة ما شاع فی اکثر بلاد الهند والدکن وغیرهما من قراءة الخطباء فی خطبة آخر جمعات رمضان اشعارا فارسیة وهندیة مشتملة علی مضامین التحسر بذهاب رمضان وهذا امر یجب علی العلماء الزجر عنه فان خلط الخطبة بغیر العربیة کذا قراءة کلها بغیر العربیة خلاف السنة المتوارثة من عصر حضرة الرسالة والصحابة ومن بعدهم من ارباب الجلالة وقد حققت هذه المسئلة مع ما لها وما علیها فی رسالتی آکام النفائس فی اداء الاذکار بلسان الفارس فلتطالع ومن الامور المحدثة ما ذاع فی اکثر بلاد الهند والدکن وغیرهما من تسمیة خطبة الجمعة الاخیرة بخطبة الوداع

---

اعتبار ان ہی کا ہے، کسی اور کا نہیں جیسا کہ پہلے کئی بار گزر چکا ہے۔ اور اس مقام پر مقصودی بات کا خلاصہ یہ ہے کہ بیشک قضاء عمری کے بارے میں جو روایات ہیں، وہ جھوٹی اور من گھڑت ہیں اور تمام فوت شدہ نمازوں کی قضا کا کفارہ ہونے کے اعتقاد سے اس نماز کا اہتمام بدعت باطلہ ہے۔ اور اس پر عمل اسی طرح ہے جس طرح کہ صلوٰۃ الرغائب اور صلوٰۃ شعبان وغیرہا کی روایات پر جن کے بارہ میں انہوں نے موضوع ہونے کی صراحت کی ہے۔

اور انہوں نے اس بات کی بھی صراحت کی ہے کہ موضوع حدیث پر عمل کرنا اور اسی طرح موضوع ہونے کا حکم لگائے بغیر اس کا ذکر کرنا حرام ہے جس کا ارتکاب معمولی عقل والا آدمی بھی نہیں کر سکتا۔

## کتابت حفیظہ

(رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں خطبہ کے دوران یا عصر کی نماز کے بعد مخصوص الفاظ پر مشتمل ایک تعویذ لکھتے ہیں، اس کو کتابت حفیظہ کہتے ہیں)

اور رمضان کے آخری جمعہ میں من گھڑت بدعات میں ایک کتابت حفیظہ رمضان ہے۔ امام سخاویؒ نے المقاصد الحسنۃ فی الاحادیث المشتہرۃ علی الالسنۃ میں کہا ہے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وتضمينها جملا دالة على التحسر بذهاب ذالک الشهر فيدرجون فيها جملا دالة على فضائل ذلک الشهر ويقولون بعد جملة او جملتين الوداع والوداع اوالفراق والفراق لشهر رمضان او الوداع او الوداع يا شهر رمضان و نحو ذلک من الالفاظ الدالة على ذلک ومنهم من يقرء خطبة الوداع يوم عيد الفطر وهذا المحدث لا يدرى من اى زمان حدث واين حدث وكتب الفقه والحديث من المتقدمين والمتاخرين لا يوجد فيها اثر من ذلک وقد اختلف ارباب العلم فى عصرنا وشئى ممن قبلنا فى ذلک فمن مفرط مشدد ومن مفرط غير مسدد اما الفرقة الاولىٰ فشددت فى منعها بالكلية وحكم بكونها ضلالة لوجوه الاول ان مثل هذه الخطبة المشتملة على مثل هذه

---

کہ حدیث لا آلاء الا آلائک یا اللہ انک سمیع علیم محیط بہ علمک کعسھلون و بالحق انزلنہ و بالحق نزل (تیری نعمتوں کے سوا کوئی نعمت نہیں ہے' اے اللہ تو سننے والا جاننے والا ہے' احاطہ کرنے والا ہے اس کے ساتھ تیرا علم جیسا کہ سانپ عرش کا احاطہ کرنے والا ہے اور ہم نے حق کے ساتھ اس کو نازل کیا ہے اور حق کے ساتھ ہی وہ اترا ہے) یہ الفاظ یمن' مکہ' مصر اور مغرب کے علاقوں میں مشہور ہیں۔ بیشک یہ حفیظہ رمضان ہیں کہ ان کو پڑھنے یا لکھنے والا غرق ہونے' مال کے چوری ہونے اور جلنے اور باقی آفات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اور یہ اسی رمضان کے آخری جمعہ کو لکھے جاتے ہیں۔ پس ان کی اکثریت اس وقت اس کو لکھتی ہے جبکہ خطباء منبر پر خطبہ دیتے ہیں۔ اور بعض ان میں سے عصر کے بعد لکھتے ہیں۔ اور یہ ایسی بدعت ہے جس کا کوئی اصل اور ثبوت نہیں ہے۔ اگرچہ بعض لوگوں کے کلام میں یہ واقع ہوا ہے۔ اور ضعیف قسم کی حدیث بھی اس میں وارد ہے اور ہمارے شیخ اس کا شدت سے انکار کرتے تھے حتیٰ کہ اگر وہ دوران خطبہ کسی کو لکھتا ہوا دیکھ لیتے تو دوران خطبہ ہی سخت تردید فرماتے۔ جیسا کہ میں نے اس کی وضاحت الجواہر المنظور الدرر میں کر دی ہے۔

انتھی۔

الكلمات الوداعية لم ينقل عن النبى صلعم واصحابه و تابعيهم و تبعهم وكل ما لم يوجد فى القرون الثلثة فهو بدعة محدثة وكل بدعة ضلالة وفيه ان البدعة فى الكبرىٰ الاولىٰ ان اريد بها البدعة اللغوية فان اريد فى كبرىٰ القياس الثانى البدعة الشرعية وهى ما لم يوجد بنفسه ولا بنظيره فى القرون الثلثة ولم يدل عليه دليل من الادلة الشرعة فالحد الاوسط غير متكرر وان اريد بها اللغوية ايضاً" فالكلية ممنوعة لان المحكوم عليه بكون كل فرد منه ضلالة انما هو البدعة الشرعية واما اللغوية فمنقسمة الى اقسام النفع وقد حققت هذا البحث وما يتعلق به فى رسالتى اقامة الحجة على ان الاكثار فى التعبد ليس ببدعة وفى رسالتى تحفة الاخيار فى احياء سنة سيد

---

اور اس (امام سخاویؒ) کے شاگرد قسطلانیؒ نے المواہب اللدنیہ میں اس کو نقل کیا اور اس کی تائید کی ہے۔

اور زرقانیؒ نے اپنی شرح میں التحفہ سے نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے ائمہ اور ان کے علاوہ دیگر حضرات ایسے غیر عربی کلمات کی کتابت اور قراءت کو حرام جانتے ہیں جن کے معانی نامعلوم ہوں (اور اس کلام میں کعسھلون کا معنی معلوم نہیں ہے) اور بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ کعسھلون یہ ایک سانپ ہے جو عرش کا احاطہ کرنے والا ہے۔ اس کا سر اس کی دم پر ہے۔ اس قول پر بھروسہ نہیں ہو سکتا اس لیے کہ اس جیسی بات کو رائے سے تو معلوم نہیں کیا جا سکتا تو جب تک معصوم ذات (یعنی نبی ﷺ) سے ثابت نہ ہو جائے، اس وقت تک اس کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ اس کے یہ بات بھی ہے کہ (کعسھلون کا یہ معنی) یہ حفیظہ کے ما قبل کلام یعنی لا آلاء الا آلائک کے مناسب بھی نہیں ہے بلکہ اس لفظ میں انتہائی ابہام ہے۔

اور اس وجہ سے بعض حضرات نے یہ کہا کہ یہ ایک صنم (بت) کا نام ہے۔ اور ان میں سے بعض نے اس ابہام کو رفع کرنے کا ارادہ کیا اور اسم جلالہ (یا اللہ انک سمیع علیم) کے بعد محیط بہ کعسھلون کا اضافہ کر دیا۔ یعنی تیرا علم اس

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الابرار و فی رسالتی التحقیق العجیب فیما یتعقل بالتثویب وفی رسالتی ترویح الجنان بتشریح حکم شرب الدخان وغیرها فلتطالع وایضا" لو تم هذا الدلیل لم یختص بخطبة الوداع بل جری فی کل خطبة صنفها العلماء وقراها الخطباء بعبارات جدیدة لم تنقل عن حضرة الرسالة والصحابة ومن بعدهم ممن تبعهم والحل ان اصل وضع الخطبة لتذکیر نعم اللّٰه والتخویف من عذاب اللّٰه والمقصود منها انما هو الترغیب والترهیب و تعلیم الاحکام فکل ما اشتمل علیه یحصل به المرام سواء کانت معانیه والفاظه بعینها ماثورة او کانت مخترعة محدثة فلیس الاختراع فی مثل ذلک موجبا للضلالة والا لزم حصر الخطب فی الخطب المنقولة عن اصحاب

---

طرح احاطہ کرتا ہے جس طرح یہ سانپ عرش کا احاطہ کرتا ہے۔ اور یہ اس مقررہ اور پختہ اصول سے غفلت ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایسی بات صرف معصوم ذات کے بتانے سے ہی صحیح ہو سکتی ہے۔ اور قبیح ترین بات اس بارہ میں یہ ہے جو بعض شہروں میں عادت بنائی گئی ہے یعنی جو ہم نے پہلے ذکر کیا ہے' اس (کتابت حفیظ) کے آخر میں اس جمعہ میں پانچ نمازیں پڑھتے ہیں۔

اور ابن الحاج نے اپنی کتاب المدخل میں کہا ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ میں دوران خطبہ لوگوں کو حفیظ لکھنے سے روکا جائے (پہلی خرابی یہ کہ یہ بدعت ہے۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ اس میں ایسا کلمہ ہے جس کا معنی ہی معلوم نہیں اور) تیسری خرابی یہ ہے کہ یہ لکھنا تو خطبہ سننے میں خلل ڈالتا ہے۔ اور چوتھی خرابی یہ ہے کہ یہ لکھنے والا بدعت میں مشغول ہوتا ہے۔ اور اس چیز کو چھوڑ دیتا ہے جس کے فرض یا سنت موکدہ ہونے میں اختلاف ہے یعنی دوران خطبہ' خطبہ کی جانب کان لگانا۔ اور پانچویں خرابی یہ ہے کہ یہ لوگ اس (تعویذ) کی مسجد میں خرید وفروخت کرتے ہیں تو اس سے روکا جائے گا اور ایسا کرنے والے کو زجر کیا جائے گا۔ اور بعض لوگ اس کو جمعہ کے دن عصر کے بعد لکھتے ہیں اور یہ بھی بدعت ہے لیکن پہلی کی بہ نسبت ہلکی

القرون الثلثة ولم يقل به احد من العلماء فلم يزل الفضلاء يصنفون خطبا مشتملة على الفاظ جديدة و معانى غريبة ولم يزل الخطباء ينحتون ترغيبات او ترهيبات من غير قصر على الالفاظ الماثورة نعم يجب ان لا يكون اختراع الالفاظ والمعانى مفوتا لاصل مقصود الخطبة وان لا يكون مغيرا لوضع الخطبة كالعبارات الفارسية والهندية وغيرها التى تغير وضعها فان وضعها انما هو بالعربية لا غيرها الوجه الثانى ما ذكره بعض افاضل عصرنا فى منهيات رسالة الموعظة الحسنة بما يخطب به فى ايام السنة من ان تضمين معنى الحسرة على وداع رمضان غير مشروع ان افطار الصوم احد اسباب الفرحة بدليل حديث ابى هريرة قال قال رسول

---

ہے۔ کیونکہ اس وقت میں خطبہ نہیں ہے جس سے یہ دوسری جانب مشغول ہوتے ہوں۔ اور اگر اس میں سے عجمی الفاظ گرا دیں اور اس کا کوئی وقت بھی متعین نہ کریں تو یہ جائز ہو سکتا ہے۔ انتہی۔ (یعنی باقی کلمات ایسے ہیں کہ برکت کے لیے ان کو لکھنے اور پاس رکھنے کی گنجائش ہو سکتی ہے)

## رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو جمعۃ الوداع کہنا

اور ان من گھڑت باتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ کو جمعۃ الوداع کا نام دیتے ہیں۔ اور یہ نام اس کا اگرچہ کتاب و سنت میں وارد نہیں ہوا مگر اس میں کوئی حرج نہیں ہے' یہ خیال کرتے ہوئے کہ جیسے ہجرت کے دسویں سال آپؐ کے حجوں میں سے آخری حج کو حجۃ الوداع کہا جاتا ہے تو اس کو جمعۃ الوداع کہہ دیا جائے تو اس جیسے ناموں میں نہ تو کسی کوئی غیر مشروع کام کا ایجاد کرنا ہے اور نہ ہی کسی ممنوع کام کا اختراع ہے اس لیے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للصائم فرحتان فرحۃ عند فطرہ وفرحۃ عند لقاء ربہ اخرجہ الشیخان و قد شرعت صلوۃ العید یوم الفطر للاستبشار بختم شھر الصیام و حصول تادیۃ امر الملک العلام فلا وجہ للتحزن واظھار الحزن علی انقضاء شھر رمضان وفیہ ان الفرحۃ بالافطار المذکورۃ فی الحدیث انما ھو فرحۃ عادیۃ طبعیۃ لا فرحۃ شرعیۃ فان النفس الانسانیۃ لما خلقت متالفۃ بالاکل والشرب وقضاء اللذات وزین لھا حب الشھوات لا بد ان تحصل لھا الفرحۃ بمقتضی طبعھا عند الافطار وھذہ فرحۃ عادیۃ دنیویۃ والاخری تحصل لھا عند رؤیۃ ربھا الغفار واما الفرحۃ الشرعیۃ فانما ھی فی الصوم لا فی فطرہ ولذلک تری النفوس القدسیۃ یحصل لھم الفرح

## جمعۃ الوداع میں اشعار پڑھنا

اور من گھڑت باتوں میں سے یہ بات بھی ہے جو ہندوستان اور دکن وغیرہ کے اکثر شہروں میں رائج ہے یعنی رمضان کے آخری جمعہ میں خطبہ کے دوران خطباء فارسی اور ہندی زبان میں ایسے اشعار پڑھتے ہیں جن میں رمضان کے گزر جانے پر افسوس کا اظہار ہوتا ہے اور یہ ایسی بات ہے کہ علماء پر اس سے روکنا واجب ہے پس خطبہ کو غیر عربی الفاظ کے ساتھ خلط ملط کرنا اسی طرح ہے جیسا کہ سارا خطبہ غیر عربی میں پڑھنا جو کہ سنت متوارثہ کے خلاف ہے اور یہ حضور علیہ السلام، صحابہؓ اور ان کے بعد بڑے بڑے اکابر سے لے کر ہمارے زمانہ تک اسی طرح چلا آ رہا ہے کہ خطبہ عربی میں ہی ہوتا ہے۔ اور میں نے اس مسئلہ کی تحقیق فوائد اور نقصانات سمیت اپنے رسالہ آکام النفائس فی اداء الاذکار بلسان الفارس میں کر دی ہے، وہاں مطالعہ کر لیں۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

والنشاط فی حالة العبادة ما لا یحصل بانقضائها وشاهده قوله علیه الصلوة والسلام حبب الیّ من الدنیا النساء والطیب وجعلت قرة عینی فی الصلوة قال السخاوی فی المقاصد الحسنة اخرجه الطبرانی فی الاوسط من حدیث اسحق بن عبد اللّٰہ بن ابی طلحة عن انس به مرفوعا وکذا هو عنده فی الصغیر وکذا للخطیب فی تاریخ بغداد من هذا الوجه لکن مقتصرا علیٰ جملة وجعلت فقط رواه النسائی فی سننه من حدیث یسار عن جعفر عن ثابت عن انس بلفظ الترجمة واخرجه الحاکم فی مستدرکه بدون لفظة جعلت وقال انه

## جمعۃ الوداع کے خطبہ کو خطبہ الوداع کہنا

اور من گھڑت باتوں میں یہ بھی ہے کہ ہندوستان اور دکن وغیرہ کے شہروں میں مشہور ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ کے خطبہ کو خطبہ الوداع کا نام دیتے ہیں اور اس میں ایسے جملے شامل کرتے ہیں جو اس مہینہ کے جانے پر افسوس پر دلالت کرتے ہیں۔ پھر ایسے جملے بھی شامل کرتے ہیں جو اس مہینہ کی فضیلت پر دلالت کرتے ہیں۔ اور ہر ایک جملہ یا دو جملوں کے بعد کہتے ہیں الوداع الوداع۔ یا کہتے ہیں رمضان کے مہینہ کو الفراق الفراق۔ یا کہتے ہیں الوداع الوداع اے شہر رمضان اور اس جیسے اور الفاظ جو اس پر دلالت کرتے ہیں۔ اور ان میں سے کچھ لوگ عید الفطر کے دن خطبہ الوداع پڑھتے ہیں اور یہ بدعتی اتنا بھی نہیں جانتے کہ کس زمانے میں اور کہاں اس کی ایجاد ہوئی ہے۔ اور متقدمین اور متاخرین محدثین اور فقہاء کی کتابوں میں اس کا کوئی نشان نہیں پایا جاتا۔

اور ہمارے زمانہ اور گزشتہ قریب زمانہ کے علماء نے اس بارہ میں اختلاف کیا ہے۔ ان میں سے کچھ حد سے تجاوز کرنے والے متشدد ہیں (یعنی تردید میں بہت سخت رویہ اختیار کرتے ہیں) اور کچھ حد سے تجاوز کرتے والے راہ راست سے ہٹے ہوئے ہیں۔

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

صحيح على شرط مسلم ورواه مومل بن اهاب فی جزئه الشهير قال نبا سفيان عن جعفر به بلفظ وجعل قرة والباقی سواء و اخرجه ابن عدی فی کامله من جهة سلام انبانا ثابت البنانی وعلی بن زيد کلاهما عن انس بلفظ الترجمة وهو عند الشافعی ايضا من جهة سلام ابی المنذر عن ثابت عن انس بلفظ حبب الی من الدنيا النساء والطيب وجعل قرة عينی فی الصلوة ومن هذا الوجه اخرجه احمد وابو يعلی فی مسنديهما وابو عوانة فی مستخرجه الصحيح والطبرانی فی الاوسط والبيهقی فی سننه وآخرون حسبما بينته موضحا فی جزء افردته لهذا الحديث وقد عزاه الديلمی بلفظ حبب

---

بہرحال پہلا گروہ تو وہ بالکلیہ اس سے روکنے میں تشدد کرتا ہے اور اس پر گمراہی ہونے کا حکم لگاتا ہے اور اس کے کئی وجوہ ہیں۔

**ممانعت کی پہلی وجہ:** بیشک اس جیسا خطبہ جو ان الوداعی کلمات پر مشتمل ہو' یہ نبی کریم ﷺ' آپ کے صحابہؓ تابعین اور تبع تابعین سے منقول نہیں اور جو فعل ان تین زمانوں میں نہ پایا جائے تو وہ من گھڑت بدعت ہوتی ہے اور ہر بدعت گمراہی ہوتی ہے۔

**ممانعت کی پہلی وجہ پر گرفت:** اور اس (قضیہ ان هذه الکلمات بدعة محدثة وکل بدعة ضلالة) میں کبریٰ اولیٰ (یعنی صغریٰ) میں اگر بدعت سے مراد بدعت لغویہ ہو اور کبریٰ میں بدعت سے مراد شرعی ہو اور بدعت شرعی وہ ہوتی ہے جو قرون ثلاثہ میں نہ پائی جائے اور ادلہ شرعیہ میں سے کوئی دلیل بھی اس پر دلالت نہ کرے تو اس صورت میں حد اوسط متکرر نہیں (حالانکہ نتیجہ حاصل کرنے کے لیے حد اوسط کا متکرر ہونا ضروری ہے اور یہاں حد اوسط اس لیے متکرر نہیں کہ صغریٰ میں بدعت لغویہ ہے جبکہ کبریٰ میں بدعت شرعیہ ہے۔ اور صغریٰ اور کبریٰ بدلنے سے نتیجہ حاصل نہیں ہوتا۔ مترجم) اور اگر کبریٰ میں بھی بدعت لغویہ مراد ہو (جیسا کہ صغریٰ میں مراد ہے) تو کلیہ ممنوعہ ہے (یعنی قابل تسلیم نہیں ہے) کیونکہ بدعت شرعیہ کا ہر فرد تو ضلالت ہو سکتا ہے مگر بدعت لغویہ کا ہر فرد ضلالت نہیں ہو

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الی کل شئی وحبب الی النساء الی آخره للنسائی وغیره مما لم اره فیها انتهی ملخصا فالحاصل ان النفوس البررة شانها الفرح بالعبادات مثل الصوم والصلوة والحج وغیرها وکذلک وینبغی ان تکون قرة العین فیها وبانقضاء ها ومضی ایامها یحصل لهم الحزن والالم ویتکدر طبعهم بانقضاء ایام البرکة ویعرض لها غم ای غم و ای حزن اعظم للبررة من مفارقة ایام رمضان المشتملة علی انواع الرحمة والغفران وقد عقد الحافظ زین الدین عبد الرحمٰن بن احمد الدمشقی الحنبلی الشهیر بابن رجب من تلامذة ابن القیم تلمیذ ابن تیمیة فی کتابه لطائف المعارف فیما المواسم العام من

---

سکتا۔ اور بہر حال بدعت لغویہ تو اقسام نفع کی جانب منقسم ہے (کہ نو ایجاد چیزوں سے کئی قسم کے فوائد حاصل ہوتے ہیں) اور میں نے اس بحث اور اس کے متعلقات کی بحث کی تحقیق اپنے رسالہ اقامة الحجة علی ان الاکثار فی التعبد لیس ببدعة میں اور اپنے رسالہ تحفة الاخیار فی احیاء سنة سید الابرار میں اور اپنے رسالہ التحقیق العجیب فی ما یتعلق بالتثویب اور اپنے رسالہ ترویح الجنان بتشریح حکم شرب الدخان وغیرہا میں کی ہے تو ان کا مطالعہ کر لینا چاہیے۔

اور اسی طرح اگر یہ دلیل تام ہو تو یہ خطبہ الوداع کے ساتھ تو مختص نہیں (کہ اس میں حضور، صحابہؓ اور تابعین سے غیر منقول الفاظ پڑھے جاتے ہیں اس لیے وہ ممنوع ہے۔ مترجم) لیکن اس کا حکم ہر ایسے خطبہ پر ہو گا جو خطباء نے تصنیف کیے ہیں اور ان میں ایسے کلمات جدیدہ ہیں جو حضور علیہ السلام، صحابہ کرامؓ اور ان کے بعد تابعین سے منقول نہیں ہیں۔ اور اس مسئلہ کا حل یہ ہے کہ خطبہ تالیف کرنے کا مقصد اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد دلانا اور اللہ کے عذاب سے خوف دلانا ہے اور اس سے مقصود ترغیب و ترہیب اور احکام سکھانا ہے تو ہر ایسا خطبہ جو ان جیسی باتوں پر مشتمل ہو، اس کے ساتھ مقصد حاصل ہو جاتا ہے، خواہ اس کے الفاظ اور معانی بعینہا منقول

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الوظائف مجالس فی ما یتعلق بشهر رمضان و ترجم المجلس السادس بقوله المجلس السادس فی وداع شهر رمضان المعظم قدره و حرمته واورد فیه احادیث مشتملة علی فضائله و فضائل صیامه وقیامه وقال فیه کان بعض السلف یظهر علیه الحزن یوم عید الفطر فقال له انه یوم فرح وسرور فیقول صدقتهم ولکنی عبد امرنی مولائی ان اعمل له عملا فلا ادری ایقبله ام لا ورای وهب بن الورد قوما یضحکون یوم عید فقال ان کان مولاهم تقبل منهم صیامهم فما هذا فعل الشاکرین وان کانوا لم یتقبل منهم صیامهم فما هذا فعل الخائفین وروی عن علی رضی الله عنه انه کان ینادی آخر لیلة من

---

ہوں یا نئے ایجاد شدہ ہوں تو اس قسم کا اختراع ضلالت کا موجب نہیں ہے۔ ورنہ تو خطبوں کا حصر ان ہی منقولہ خطبات میں ہو جائے گا جو قرون ثلاثہ والوں سے منقول ہیں حالانکہ علماء میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں ہے۔ فضلاء مسلسل ایسے خطبات تصنیف کرتے جا رہے ہیں جو نئے نئے الفاظ اور عجیب معانی پر مشتمل ہیں اور خطباء منقولہ الفاظ میں بند کیے بغیر مسلسل ترغیبات یا ترہیبات پر مشتمل خطبات بناتے جا رہے ہیں۔

ہاں یہ بات ضروری ہے کہ الفاظ اور معانی کا اختراع ایسا نہ ہو کہ خطبہ کا مقصد ہی فوت ہو جائے اور خطبہ کا طریق کار ہی بدل جائے جیسے فارسی اور ہندی وغیرہ میں خطبہ جو اس کے طریق کار کو ہی بدل دے۔ پس بیشک اس خطبہ کی وضع عربی زبان میں ہی ہونی چاہیے' اس کے علاوہ کسی اور زبان میں نہیں۔

**ممانعت کی دوسری وجہ :** وہ ہے جو ہمارے زمانہ کے ایک فاضل نے ذکر کی ہے کہ رمضان کے گزرنے پر افسوس کا اظہار غیر مشروع ہے کیونکہ روزے کا افطار تو فرحت کے اسباب میں سے ایک سبب ہے اور اس کی دلیل حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ روزہ دار کو دو خوشیاں ملتی ہیں' ایک خوشی تو اس کو افطار کے وقت ہوتی ہے اور دوسری خوشی جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملے گا' اس وقت اس کو ملے گی۔ اس روایت کو حضرات شیخین بخاری و مسلم نے ذکر کیا ہے۔ اور عید الفطر

رمضان یا لیت شعری من هذا المقبول فنهنیه ومن هذا المحروم فنعزیه وعن ابن مسعود انه قال من هذا المقبول منا فنهنیه ومن هذا المحروم فنعزیه ایها المقبول هنیئا لک وایها المردود جبر اللہ مصیبتک انتھی وقال ایضا بعد ذکر قدر من برکاته ومناقبه عباد اللہ ان شهر رمضان قد عزم علی الرحیل ولم یبق منه الا القلیل فمن کان منکم احسن فعلیه التمام ومن کان فرط فلیختمه بالحسنی فالعمل بالختام فاستمتعوا منه فی ما بقی من اللیالی الیسیرة والایام واستودعوه عملا صالحا یشهد لکم به عند المالک العلام وودعوه الی فراقه بازکی تحیة وسلام

---

کے دن نماز عید تو مشروع ہی رمضان کے روزے ختم ہونے اور ملک العلام کے حکم کو بجا لانے کی خوشی کی وجہ سے ہے تو پھر پریشان ہونے اور رمضان کا مہینہ گزرنے پر افسوس کا اظہار کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

**ممانعت کی دوسری وجہ پر گرفت:** اور اس میں یہ بات ملحوظ رہے کہ حدیث میں افطار کی وجہ سے جو فرحت ذکر کی گئی ہے' وہ فرحت عادیہ طبعیہ ہے فرحت شرعیہ نہیں ہے۔ پس بیشک انسانی نفس کی جب تخلیق ہی اس طرح کی گئی کہ وہ کھانے اور پینے اور لذات پورا کرنے کو پسند کرتا ہے اور اس کے لیے خواہشات کی محبت کو مزین کیا گیا ہے تو ضروری ہے کہ اس کو افطار کے وقت طبیعت کی چاہت کی وجہ سے فرحت حاصل ہو اور یہ فرحت عادیہ دنیویہ ہے۔ اور دوسری خوشی اس کو اپنے رب کے دیدار کے وقت ہوگی (اگر یہاں لفظ رؤیة کی بجائے رویة ہو جیسا کہ اس نسخہ میں ہے تو اس کا معنی یہ ہو گا کہ دوسری خوشی روزہ دار کو اس وقت ہوگی جب اس کو اپنے رب کے ہاں سیرابی نصیب ہوگی اس لیے کہ روزہ دار کو باب الریان سے جنت میں داخل کیا جائے گا اور جو اس میں سے داخل ہوگا' وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ مترجم)

اور بہرحال فرحت شرعیہ تو وہ روزے میں ہی ہے' افطار میں نہیں اسی لیے آپ دیکھیں گے کہ نفوس قدسیہ کو عبادت کی حالت میں ایسی فرحت اور خوشی حاصل ہوتی ہے جو ان کے پورا ہو جانے پر نہیں حاصل ہوتی۔ اور اس کی دلیل حضور علیہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

سلام من الرحمٰن کل اوان
علی خیر شهر قد مضی وزمان
سلام علی شهر الصیام فانه
فی امان من الرحمٰن ای امان
لئن فنیت ایامک الغر بغتة
فما الحزن من قلبی علیک بفان

لقد ذهبت ایامه وما اطعتم وکتبت علیکم آثاره وما اطعتم فکانکم بالمشمرین فیه وقد وصلوا وقطعتم قلوب المتقین الی هذا الشهر تحن ومن الم الفراق تئن۔

---

السلام کا فرمان ہے کہ مجھے دنیا کی اشیاء میں سے عورتیں اور خوشبو پسند ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

امام سخاویؒ نے المقاصد الحسنہ میں فرمایا ہے کہ طبرانی نے معجم اوسط میں اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ کی حدیث عن انس مرفوعاً نقل کی ہے اور اسی طرح اس کی معجم صغیر میں بھی ہے اور اسی طرح خطیب کی تاریخ بغداد میں اس سند سے ہے لیکن صرف وجعلت کا جملہ اس میں ہے۔ (یعنی روایت کا باقی حصہ نہیں صرف وجعلت قرة عینی فی الصلوة کا جملہ ہے)

امام نسائیؒ نے اپنی سنن میں یسار عن جعفر عن ثابت عن انس کی سند سے اس مفہوم کی حدیث روایت کی ہے اور امام حاکمؒ نے اپنی مستدرک میں جعلت کے الفاظ کے بغیر نقل کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔

اور موٴمل بن اہاب نے اپنی کتاب میں سفیان عن جابر کی روایت وجعل قرة کے الفاظ سے کی ہے اور باقی الفاظ وہی ہیں۔ اور ابن عدی نے اپنی کتاب کامل میں سلام عن ثابت بنانی وعلی بن زید عن انس ایک روایت اسی مفہوم کی بیان کی ہے۔

اور وہ روایت امام شافعی سے بھی سلام ابی المنذر عن ثابت عن انس کی سند سے ان الفاظ کے ساتھ ہے حبب الی من الدنیا النساء والطیب وجعل قرة عینی فی الصلوة

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وصال الفراق فما تصنع
اتصبر للبين ام تجزع
اذا كنت تبکی وهم حیرة
فکیف یکون اذا اودعوا

کیف لا تجری للمومن علی فراقه دموع وهو لا یدری هل بقی له فی عمره الیه رجوع۔

تذکرت ایاما مضت ولیالیا
خلت فجری من ذکرهن دموع
الا هل لنا یوما من الدهر عوده
وهل لی الی وقت الوصال رجوع

---

اور اسی سند سے امام احمد اور ابو یعلی نے اپنی اپنی مسند میں پیش کی ہے۔ اور ابو عوانہ نے اپنی صحیح میں، طبرانی نے اوسط میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں اور کچھ اور حضرات نے بھی بیان کی ہے جیسا کہ میں نے اپنے اس رسالہ میں وضاحت سے بیان کیا ہے جو اسی حدیث کی تشریح کے لیے میں نے مختص کیا ہے۔ اور دیلمی نے حبب الی کل شئی وحبب الی النساء الی آخرہ اس حدیث کی نسبت نسائی وغیرہ کی جانب کی ہے مگر میں نے ان میں اس کو نہیں دیکھا۔ انتہی۔

پس خلاصہ یہ ہے کہ نیک لوگوں کے نفوس کی شان یہ ہے کہ وہ روزہ، نماز اور حج جیسی عبادات کے ساتھ خوش ہوتے ہیں اور اسی طرح مناسب ہے کہ آنکھ کی ٹھنڈک ان میں ہو اور ان کے ختم ہونے اور ان کے ایام گزر جانے پر ان کو غم اور دکھ ہو اور برکت والے ایام گزر جانے کی وجہ سے ان کی طبیعتیں کبیدہ خاطر ہوں اور ان کو غم لاحق ہو۔ اور نیک لوگوں کے لیے رمضان کے ایام کی جدائی سے بڑھ کر کیا غم ہو گا جو قسما قسم کی رحمت اور غفران پر مشتمل ہیں اور ابن تیمیہ کے شاگرد ابن القیم کے شاگرد الحافظ زین الدین عبدالرحمٰن بن احمد الدمشقی الحنبلی جو ابن رجب کے لقب سے مشہور ہیں، انہوں نے اپنی کتاب لطائف المعارف فیما لمواسم

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وهل بعد اعراض الحبيب تواصل

وهل لبدور قد افلن طلوع

اين حرق المجتهدين فى نهاره

اين قلق المجتهدين فى اسحاره

واذا كان هذا جزء من ربح فيه فما حال من خسر فى لياليه وايامه ماذا ينفع المفرط فيه بكاؤه وقد عظمت فيه مصيبة وجل عزاؤه كم نصح المسلمين فما قبل النصح كم دعا الى مصالحة فما اجاب الى الصلح كم شاهد الواصلين فيه وهو متباعد وحاق به المقت و ندم على التفريط حيث لا ينفعه الندم و طلب الاستدراک

---

العام من الوظائف میں رمضان کے مہینہ کے ساتھ متعلق مجالس کا ذکر کرتے ہوئے المجلس السادس کا عنوان اپنے اس قول سے کیا ہے: المجلس السادس فی وداع شهر رمضان جس کی قدر اور حرمت بہت بڑی ہے اور اس بارہ میں ایسی احادیث وارد ہیں جو اس کے فضائل اور اس کے روزوں اور اس کے قیام کے فضائل پر مشتمل ہیں۔ اور اس میں اس نے یہ کہا کہ ایک بزرگ ایسے تھے جن پر عید الفطر کے دن پریشانی ظاہر تھی تو ان سے کہا گیا کہ آج تو فرحت اور خوشی کا دن ہے تو انہوں نے کہا کہ آپ سچ کہتے ہیں مگر میں ایسا غلام ہوں کہ مجھے میرے مولا نے حکم دیا کہ میں عمل کروں تو میں نے عمل تو کیا مگر مجھے معلوم نہیں کہ اس نے قبول کیا یا نہیں؟

اور وہب بن الورد نے کچھ لوگوں کو عید کے دن ہنستے ہوئے دیکھا تو کہا کہ اگر ان کے مولا نے ان سے ان کے روزے قبول کر لیے ہیں تو یہ فعل شاکرین کا نہیں (کہ وہ اس طرح ہنسیں بلکہ ان کو شکر ادا کرنا چاہیے) اور اگر اس نے ان کے روزوں کو قبول نہیں کیا تو ڈرنے والوں کا یہ فعل نہیں ہے (کہ وہ اس طرح ہنستے پھریں) اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رمضان کی آخری رات کو آواز لگاتے تھے کہ کاش مجھے معلوم ہو جائے کہ کون خوش قسمت ہے جس کے روزے قبول کر لیے گئے ہیں تو ہم اس کو مبارکباد دیں۔ اور کون اس سے محروم رہا ہے کہ ہم اس سے تعزیت (افسوس کا اظہار) کریں۔ اور حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

فی وقت العدم۔

اتترک من تحب وانت جار
و تطلبھم اذا بعد المزار
و تبکی بعد تانیھم اشتیاقا
وتسال فی المنازل این ساروا
ترکت سوالھم وھم حضور
وترجو ان تخبرک الدیار

یا شھر رمضان ترفق وموج المحبین تدفق وقلوبھم من الم

فرمایا ہم میں سے کس کے روزے قبول کر لیے گئے ہیں تا کہ ہم اس کو مبارک باد دیں اور کون اس سے محروم رہا ہے کہ ہم اس سے تعزیت کریں۔ اے وہ آدمی جس کے روزے قبول کر لیے گئے ہیں' تجھے مبارک ہو۔ اور اے وہ آدمی جس کے روزے رد کر دیے گئے ہیں' اللہ تعالیٰ تیری مصیبت کی تلافی فرمائے۔ انتھی۔

اور اسی طرح اس نے اس کی برکات اور مناقب ذکر کرنے کے بعد کہا اے اللہ کے بندو' بیشک رمضان کا مہینہ کوچ کر کے جا رہا ہے اور اس کے صرف تھوڑے دن باقی رہ گئے ہیں۔ پس تم میں سے جس آدمی نے کوئی نیک عمل شروع کر رکھا ہو تو اس کو پورا کرے۔ اور جس نے آخرت کا ذخیرہ بننے والا عمل شروع کیا ہے تو وہ اس کو اچھائی کے ساتھ مکمل کرے کیونکہ فعل کا مدار خاتمہ پر ہے۔ پس تم اس کی تھوڑی سی باقی رہنے والی راتوں اور دنوں سے فائدہ حاصل کر لو اور تم اس (رمضان) کو اپنے ایسے نیک عمل سے الوداع کرو جو تمہارے لیے ملک العلام کے ہاں گواہی دے۔ اور اس کے فراق پر اس کو پاکیزہ دعاؤں اور سلام سے الوداع کرو۔

رحمٰن کی طرف سے ہر وقت سلام ہو بہتر مہینہ پر جو گزر گیا ہے۔ سلامتی ہو روزوں کے مہینہ پر پس بیشک وہ رحمٰن کی جانب سے ہر قسم کی امان ہے۔ البتہ اگر تیرے روشن ایام اچانک ختم ہو گئے ہیں تو تیرے فراق پر میرے دل کا غم فانی نہیں ہے۔ البتہ تحقیق اس کے ایام ختم ہو گئے اور جو تم نے اطاعت کی وہ بھی۔ اور تم پر اسکی کوتاہیاں لکھ دی گئیں (یعنی اگر رمضان کی قدر کرنے میں کوتاہیاں ہو گئی ہیں تو وہ

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

الفراق تشقق عسى وقفة للوداع تطفى من نار التشوق ما احرق عسى ساعة توبة واقلاع ترفو من الصيام كل ما تخرق عسى منقطع عن ركب المقبولين يلحق عسى من استوجب النار يعتق عسى اسير الاوزار يعتق عسى رحمة المولٰى للعاصين توفق انتهى كلامه ملخصا

الوجه الثالث ما ذكره ذلک الفاضل ان الارکان الخمسة الاسلامية متساوية الاقدام ولا دليل على تخصيص الحزن بذهاب رمضان ولم يرد به الشرع ولو كان هذا بالقياس يلزم ان يظهر مثل هذا الحزن والالم بعد كل ركن من الصلوة والحج والزكوة ولا قائل به

---

لکھ لی گئی ہیں) اور تمہاری اطاعت بھی جس پر تم اس رمضان میں کمر بستہ تھے۔ اور بیشک وہ پہنچے اور تم نے جدا کر دیا۔ (یعنی رمضان کے ایام رحمت بن کر تمہارے پاس پہنچے مگر تم نے ان کی قدر نہ کر کے ان کو گزار دیا) متقیوں کے دل اس مہینہ کے آنے پر خوش ہوتے اور اس کی جدائی کے دکھ سے روتے ہیں۔

ے جدائی غالب آ گئی پس تو کیا کرے گا؟ کیا جدائی پر صبر کرے گا یا جزع فزع کرے گا؟ جب تو جدائی کے خیال پر حیران ہو کر روتا ہے تو اس وقت کیا حال ہو گا جب وہ الوداع کہہ کر چل دیں گے؟ کیسے نہیں جاری ہوں گے اس کی جدائی پر مومن آدمی کے آنسو اور وہ نہیں جانتا کہ کیا اس کی زندگی میں اس رمضان کا دوبارہ آنا بھی ہے؟ تو نے گزرے ہوئے دنوں اور گزری ہوئی راتوں کا ذکر کیا تو ان کی یاد سے میرے آنسو جاری ہو گئے۔ کیا ہمارے لیے گزرا ہوا زمانہ دوبارہ لوٹ کر آ سکتا ہے اور کیا میرے لیے وصال کا وقت واپس آ سکتا ہے اور کیا محبوب کے اعراض کے بعد وصال ہو سکتا ہے اور کیا غروب ہونے والے چاند دوبارہ طلوع ہو سکتے ہیں؟

کہاں ہے اس رمضان کے دنوں میں کوشش کرنے والوں کی جلن؟ کہاں ہے اس کے سحری کے وقت کوشش کرنے والوں کی بے قراری؟

اور جب یہ جزع کا حال اس شخص کا ہے جس نے اس سے فائدہ اٹھایا ہے تو اس کا کیا حال ہو گا جس نے اس کے دنوں اور راتوں میں (عبادت نہ کر کے) نقصان

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

وفیہ ان الزکوۃ لیس لادائها وقت معین شرعا ولا یمکن اداؤها فی وقت واحد جمعا لاختلاف الناس فی ازمنة ملک النصاب وتفاوتهم فی شروط الایجاب ولیست لاوقات ادائها برکة معهودة شرعا ولا عرفا فلا یمکن الحزن واظهاره عند ذلک ولا یتصور التحسر من ذهاب شئی فیما ذلک بخلاف صیام رمضان فان له وقتا معلوما بالنسبة الی جمیع المکلفین وله برکة عظیمة و منقبة جسیمة للعالمین فذهابه حسرة عظیمة کیف لا وادراک رمضان آخر بسبب امتداد الزمان امر موهوم بخلاف الصلوة فان جمیع اوقاتها لیست فی عموم المغفرة مثل تلک الایام وادراک وقت آخر

---

اٹھایا۔ کوتاہی کرنے والے کو اس کا رونا کیا فائدہ دے گا؟ حالانکہ اس کی مصیبت بہت بڑی اور اس کی پریشانی بہت بڑی ہے۔ اس (رمضان المبارک) نے کس قدر مسلمانوں سے خیر خواہی کی تو انہوں نے اس کی خیر خواہی کو قبول نہ کیا۔ کس قدر اس نے نیکیوں کی جانب بلایا مگر مسلمان نے نیکی کی جانب آنے کی دعوت قبول نہ کی۔ کس قدر اس نے اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والے اعمال کو حاضر کیا مگر مسلمان ان سے دور رہنے والا تھا۔ اور مٹ گئے اس کی وجہ سے بغض اور پشیمان ہوا کوتاہی پر ایسے وقت میں کہ اس کو پشیمانی فائدہ نہیں دیتی اور اس نے کوتاہی کی تلافی ایسے وقت میں چاہی جو تلافی کا وقت نہیں ہے۔ کیا تو اس کو چھوڑتا ہے جس سے محبت رکھتا ہے حالانکہ تو زیادتی کرنے والا ہے؟ اور تو ملاقات کے لیے آنے والوں کے دور ہو جانے کے بعد ان کو تلاش کرتا ہے اور تو شوق میں روتا ہے ان کے مہلت دینے کے بعد؟ اور تو جگہ جگہ پوچھتا ہے کہ وہ کہاں چلے گئے۔ تو نے ان کے بارہ میں پوچھ گچھ چھوڑ دی جبکہ وہ موجود تھے۔ اور تو امید رکھتا ہے کہ وہ تجھے اپنے علاقہ کی خبریں دیں گے۔

اے رمضان کے مہینے' نرمی کر۔ اور اے محبت کرنے والوں کی لہر' تیز دوڑ۔ اور ان کے دل جدائی کے دکھ سے پھٹتے جا رہے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وداع کی گھڑی اس چیز کو بجھا دے جو شوق پر برانگیختہ کرنے والی آگ سے جل رہی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ توبہ اور گناہوں سے باز رہنے کی گھڑی روزے کی وجہ سے ہر اس چیز کو سی دے جو

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

للصلوة امر غیر موهوم واما اوقات الحج فهی وان کانت متبرکة لکن هذہ العبادة لیست شاملة فی وقت واحد لجمیع المکلفین بل خاص باهل مکة ومن فیها من الافاقیین وبالجملة فالفرق بین ذهاب رمضان وبین ذهاب اوقات الصلوة والحج والزکوة ظاهر غیر خفی علی الماهر فلا یلزم من عدم وقوع التحسر بذهابها عدم وقوع التحسر بذهاب هذا الشهر واما الفرقة الثانیة فقد بالغت فی تجویز خطبة الوداع والتزمته وقاسته علی خطبة النبی صلعم فی آخر شعبان المشتملة علی بشارة مجئی شهر رمضان علی ما مر ذکرہ من روایة

---

پھٹ گئی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ مقبولین کی جماعت سے پیچھے رہ جانے والا ان کے ساتھ مل جائے۔ ہو سکتا ہے کہ جہنم کو اپنے آپ پر لازم کرنے والا جہنم سے آزادی پالے۔ ہو سکتا ہے کہ گناہوں کے قیدی آزاد کر دیے جائیں۔ ہو سکتا ہے کہ پروردگار کی رحمت گناہ گاروں کے موافق ہو جائے (یعنی ان کو رحمت کے قابل بنا دے) انتھی کلامہ ملخصا"

**ممانعت کی تیسری وجہ:** جو اس فاضل نے ذکر کی ہے' یہ ہے کہ بیشک اسلام کے پانچوں ارکان برابر درجہ کے ہیں۔ اور رمضان کے گزر جانے کی وجہ سے خصوصی طور پر غم کرنے کی کوئی دلیل نہیں ہے اور نہ ہی اس کے بارہ میں شریعت وارد ہوئی ہے۔ اور اگر یہ قیاس سے لیا ہے تو لازم آتا ہے کہ اس جیسی پریشانی اور تکلیف نماز' روزہ' حج اور زکوٰۃ ہر رکن کے بعد ہو۔ اور اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے۔

**ممانعت کی تیسری وجہ پر گرفت:** اور اس میں ایک اشکال ہے کہ بیشک زکوٰۃ کی ادائیگی کا تو شرعا" کوئی وقت متعین نہیں ہے اور اس کا اکٹھے ادا کرنا ممکن بھی نہیں ہے کیونکہ لوگوں کے لیے نصاب کا مالک بننا مختلف اوقات میں ہے اور ایجاب کی شرطوں میں بھی ان میں تفاوت ہے۔ اور اس کی ادائیگی کے اوقات کے لیے ایسی برکت بھی نہیں ہے جو شرعا" یا عرفا" مشہور ہو۔ (جیسا کہ رمضان کی برکت ہے) تو غم اور اس کا اظہار اس وقت ممکن نہیں ہے اور اس میں کسی شے کے رہ جانے پر افسوس کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ بخلاف رمضان کے روزوں کے کہ اس کے لیے تو تمام مکلفین کے لیے وقت معلوم ہے۔ اور اس کی بڑی برکت ہے اور روزہ دار کے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

سلمان وفیہ ان جواز بشارۃ شئی واظہار السرور بقربہ لا یستلزم جواز اظہار التحسر بذھابہ والانصاف ان قرائۃ خطبۃ الوداع اذا کانت مشتملۃ علی معانی صحیحۃ والفاظ لطیفۃ لم یدل دلیل علی منعھا ولیس فیھا ابتداع وضلالۃ فی نفسھا لکن الاولیٰ ھو الاتباع لطریقۃ النبی صلعم واصحابہ فان الخیر کلہ فی الاتباع بہ لا سیما اذا وجد التزام ما لم یلتزم وظن ما لیس من الشرع من الشرع وما لیس بسنۃ من السنۃ وقد تقرر فی مقرہ ان کل مباح ادی الی التزام غیر مشروع والی افساد عقائد الجھلۃ وجب ترکہ علی الکملۃ

---

لیے عالی درجہ ہے تو اس کا چلے جانا تو بہت بڑی حسرت ہے۔ اور یہ کیوں نہ ہو جبکہ دوسرے رمضان کا پانا درمیان میں زمانہ لمبا ہونے کی وجہ سے یقینی نہیں ہے۔ بخلاف نماز کے کہ بیشک اس کے تمام اوقات عمومی مغفرت کے نہیں ہیں جیسا کہ رمضان کے ایام ہیں۔ اور اگلی نماز کے وقت کو پا لینا اس قدر غیر یقینی نہیں ہے (کیونکہ درمیان میں وقفہ تھوڑا ہے) اور بہرحال حج کے اوقات تو وہ اگرچہ متبرک ہیں لیکن یہ عبادت بیک وقت تمام مکلفین کو شامل نہیں ہے بلکہ وہ تو اہل مکہ یا جو وہاں مکہ میں پہنچ چکے ہوں' ان کے ساتھ خاص ہے۔ اور خلاصہ یہ کہ رمضان کے گزرنے اور دیگر عبادات نماز' حج اور زکوٰۃ کے اوقات گزر جانے کے درمیان فرق کسی عالم پر مخفی نہیں ہے۔ تو ان اوقات کے گزر جانے پر افسوس کے نہ ہونے سے اس مہینہ کے گزر جانے پر افسوس کا نہ ہونا لازم نہیں آتا۔

## خطبہ الوداع کو جائز کہنے والوں کا رد

بہرحال دوسرا گروہ تو اس نے خطبہ الوداع کے جائز قرار دینے اور اس کا التزام کرنے میں مبالغہ کیا ہے۔ اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے اس خطبہ پر قیاس کیا ہے جو آخر شعبان میں آپ نے دیا جو رمضان کا مہینہ آنے کی بشارت پر مشتمل تھا۔ جیسا کہ اس کا ذکر پہلے حضرت سلمانؓ کی روایت سے گزر چکا ہے۔

اور اس میں اشکال یہ ہے کہ کسی چیز کی بشارت کا جواز اور اس کے قریب آنے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

فالواجب على العلماء ان لا يلتزموا على قرائة مثل هذه الخطبة لكونه موديا الى اعتقاد السنية وقد وقع ذلک من العوام حيث اهتموا بمثل هذه الخطبة غاية الاهتمام فظنوها من السنن الماثورة حتى ان من يتركها ينسبونه الى سوء العقيدة ومن ثم منع الفقهاء عن التزام قرائة سورة الدهر وتنزيل السجدة فى صلوة فجر الجمعة مع كونه ثابتا فى الاخبار المشهورة وعن سجدة منفردة بعد صلوة الوتر وامثال ذلک مما يفضى الى ظن العوام انه من السنة وان مخالفه بدعة و نظائره كثيرة فى كتب العلوم شهيرة و قد بلغ التزام خطبة الوداع

---

پر خوشی کے اظہار سے اس کے چلے جانے پر افسوس کا اظہار کرنا تو لازم نہیں آتا اور انصاف کی بات یہ ہے کہ خطبہ الوداع کا پڑھنا جبکہ صحیح معانی اور لطیف الفاظ پر مشتمل ہو تو اس کے منع پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس میں فی نفسھا بدعت اور ضلالت ہے۔ (یعنی جب الفاظ صحیح ہوں اور ان کو خطبہ الوداع کے لیے ضروری بھی نہ سمجھا جاتا ہو تو خطبہ میں ایسے الفاظ شامل کرنے کی گنجائش ہے اور اگر وہ الفاظ صحیح نہیں یا ان الفاظ کو ضروری سمجھا جاتا ہو تو پھر جائز نہیں ہے اس لیے کہ غیر ضروری کو ضروری سمجھ کر کرنا درست نہیں ہے)

**سنت پر کاربند رہنے کی تلقین:** لیکن بہتر نبی کریم ﷺ اور صحابہؓ کے طریق کی اتباع کرنا ہی ہے پس بیشک ساری کی ساری خیر اسی اتباع میں ہے بالخصوص جبکہ ایسی چیز کا التزام پایا جائے جس کا التزام ان حضرات نے نہیں کیا' اور غیر شرعی کو شرعی اور غیر سنت کو سنت سمجھ لینے کا گمان ہو۔ اور یہ بات اپنے مقام میں گزر چکی ہے کہ بیشک ہر مباح جس کو التزام سے ادا کیا جائے' وہ غیر مشروع ہو جاتا ہے۔ اور جاہلوں کا عقیدہ خراب ہونے کی صورت اس مباح کا ترک کامل لوگوں پر واجب ہے تو علماء پر واجب ہے کہ اس جیسا خطبہ پڑھنے کا التزام نہ کریں تا کہ یہ اس کے سنت ہونے کے اعتقاد تک نہ پہنچا دے۔ اور بیشک عوام میں یہ بات رائج ہے کہ وہ اس (جمعتہ الوداع کے) خطبہ میں حاضر ہونے کا بہت اہتمام کرتے ہیں اور اس کو سنن ماثورہ خیال کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر کوئی اس کو چھوڑتا ہے تو اس کو برے عقیدے والا

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

والاهتمام بها فی اعصارنا و دیارنا الی حد افسد ظنون الجهلة فی اهل العلم الذین هم کالملح فی الطعام اذا فسد فسد الطعام ان یترکوا الالتزام هذا ما عندی لعل عند غیری احسن مما عندی وهذا آخر الکلام فی هذه الرسالة وکان ذلک لیلة الاثنین السابع والعشرین من صفر من السنة السابعة والتسعین بعد الالف والمائتین من الهجرة علی صاحبها افضل الصلوات وازکی تحیة وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلوة علی رسوله محمد وآله وصحبه اجمعین۔

---

خیال کرتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے فقہاء نے سورۃ الدہر اور الم تنزیل السجدہ جمعہ کے دن صبح کی نماز میں پڑھنے کا التزام کرنے سے منع فرمایا ہے باوجود اس کے کہ جمعہ کے دن صبح کی نماز میں اس کا پڑھنا مشہور احادیث سے ثابت ہے اور وتر کی نماز کے بعد صرف ایک سجدہ کرنا اور اس جیسی دیگر ایسی باتوں سے بھی منع کیا ہے جس کو عوام سنت خیال کرنے لگ جائیں۔

اور اس جیسی مثالیں علمی کتابوں میں مشہور ہیں اور خطبہ الوداع کا التزام اور اہتمام ہمارے زمانہ اور ہمارے علاقہ میں اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ جاہلوں کے خیالات فاسد ہو گئے ہیں۔ پس اس بناء پر ان علماء پر لازم ہے جو طعام میں نمک کی طرح ہیں' جب نمک خراب ہو جائے تو طعام فاسد ہو جاتا ہے۔ تو ان علماء پر لازم ہے کہ وہ اس التزام کو چھوڑ دیں۔

یہ معلومات تو اس بارہ میں میرے پاس تھیں' ہو سکتا ہے کہ کسی دوسرے کے پاس اس سے زیادہ ہوں۔ اور یہ اس رسالہ میں کلام کا آخری حصہ ہے اور آج ستائیس صفر' بارہ سو ستانوے ہجری' سوموار کی رات ہے۔ اللہ تعالیٰ صاحب ہجرت (حضور نبی کریم ﷺ) پر اعلیٰ رحمتیں اور زیادہ سے زیادہ سلامتی نازل فرمائے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوة علی رسولہ محمد وآلہ و صحبہ اجمعین

تمت بالخیر

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith

# مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کی مطبوعات

- خزائن السنن — تقریر ترمذی طبع سوم
- احسن الکلام — مسئلہ فاتحہ خلف الامام کی مدلل بحث طبع جدید
- تسکین الصدور — مسئلہ حیات النبی ﷺ پر مدلل بحث طبع جدید
- الکلام المفید — مسئلہ تقلید پر مدلل بحث
- ازالۃ الریب — مسئلہ علم غیب پر مدلل بحث طبع جدید
- راہ سنت — بدعات پر لاجواب کتاب
- آنکھوں کی ٹھنڈک — مسئلہ حاضر و ناظر پر مدلل بحث
- احسان الباری
- طائفہ منصورہ
- ارشاد الشیعہ — شیعہ نظریات کا مدلل جواب
- درود شریف — پڑھنے کا شرعی طریقہ
- عبارات اکابر
- تبلیغ اسلام
- گلدستہ توحید — مسئلہ توحید کی وضاحت
- دل کا سرور — مسئلہ مختار کل کی مدلل بحث
- راہ ہدایت
- بانی دارالعلوم دیوبند
- ینابیع
- چراغ کی روشنی
- مسئلہ قربانی — قربانی کی فضیلت ... پر مدلل بحث
- عیسائیت کا پس منظر
- مقالہ ختم نبوت — قرآن و سنت کی روشنی میں
- المسلک المنصور
- اتمام البرہان — رد توضیح البیان
- حلیۃ المسلمین — داڑھی کا مسئلہ
- توضیح المرام — فی نزول المسیح علیہ السلام
- آئینہ محمدی — سیرت پر مختصر رسالہ
- شوق حدیث — حجیت حدیث پر مدلل بحث
- ملا علی قاری اور مسئلہ علم غیب و حاضر و ناظر
- تنقید متین بر تفسیر نعیم الدین
- باب جنت بجواب راہ جنت
- الکلام الحاوی — سادات کیلئے زکوٰۃ وغیرہ لینے کی مدلل بحث
- مودودی صاحب کا غلط فتوی
- تفریح الخواطر بجواب تنویر الخواطر
- چہل مسئلہ حضرات بریلویہ
- عمدۃ الاثاث — تین طلاقوں کا مسئلہ
- الشہاب المبین بجواب الشہاب الثاقب
- اظہار العیب بجواب اثبات علم الغیب
- سماع موتی
- چالیس دعائیں
- مقام ابی حنیفہؒ
- صرف ایک اسلام
- حکم الذکر بالجہر
- شوق جہاد
- اطیب الکلام — ملخص احسن الکلام
- انکار حدیث کے نتائج — منکرین حدیث کا رد
- مرزائی کا جنازہ اور مسلمان
- مولانا ارشاد الحق اثری کا مجذوبانہ واویلا
- اخفاء الذکر — ذکر آہستہ کرنا چاہیے

## مطبوعات عمر اکادمی

- بخاری شریف غیر مقلدین کی نظر میں
- خزائن السنن جلد دوم کتاب البیوع
- جنت کے نظارے
- حمیدیہ
- امام ابوحنیفہؒ کا عادلانہ دفاع
- غیر مقلدین کے متضاد فتوے
- انکشاف حقیقت
- ایضاح سنت بجواب مصابیح سنت
- وضوء کا مسنون طریقہ
- تین طلاقوں کے مسئلہ پر مقالہ کا جواب مقالہ
- الدروس الواضحہ فی شرح الکافیہ
- رد قضائے عمری بدعت ہے

www.Tauheed-Sunnat.com - Audio Video Bayan & Taqreers - Hamd o Naat - Islamic Books - Quran o Sunnat Hadith